# تذکرۃ المعصومینؑ

## 900 سوالات اور اُن کے جوابات

یا علیؑ

یا محمدؐ

یا فاطمہؑ

امام حسنؑ

امام حسینؑ

امام زین العابدینؑ

امام محمد باقرؑ

امام جعفر صادقؑ

امام موسیٰ کاظمؑ

امام علی رضاؑ

امام محمد تقیؑ

امام علی نقیؑ

امام حسن عسکریؑ

امام مہدیؑ

BOOK LIBRARY
Shop No. 11
M.L. Heights
Soldier Bazar No. 2
KARACHI
PH. 7211795

2238148 Soldier Bazar
Sukaina
1 vol.
(4)

MOHAMMED ALI BOOK DEPOT
Shop No. 2, Zohra Garden, Soldier Bazar,
Road, Karachi. Ph: 021-2242991-2040508

حسن علی بک
55
hassanalibookdepot@yahoo.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# تذکرہ معصومین علیہم السلام

## 900 سوالات اور انکے جوابات


موٴلف :۔

سید شفقت حسین نقوی

ایم ۔ اے ادبیات اردو

بی ایڈ

میاں چنوں



ناشر

ادارہ تعلیم وتربیت لاہور پاکستان

نام کتاب:۔ تذکرہ معصومین علیہم السلام

900 سوالات اور ان کے جوابات

مرتبہ و مولفہ:۔ سید شفقت نقوی۔ ایم اے ادبیات اردو

بی۔ ایڈ

تاریخ طباعت:۔ اکتوبر 2002ء

تعداد:۔ ایک ہزار

ایڈیشن:۔ اوّل

ناشر:۔ ادارہ تعلیم و تربیت لاہور پاکستان

قیمت:۔

ملنے کا پتہ:۔ (1) مکتبہ الرضا 8- بیسمنٹ میاں مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار

لاہور فون: 7245166

شفقت حسین نقوی

(2) 7/9 میاں چنوں ضلع خانیوال فون: 0448-662660

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | انتساب | |
| 2 | دیباچہ | |
| 3 | حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم | 1 |
| 4 | حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا | 25 |
| 5 | امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام | 31 |
| 6 | حضرت امام حسن علیہ السلام | 54 |
| 7 | حضرت امام حسین علیہ السلام | 59 |
| 8 | حضرت امام علی زین العابدین علیہ السلام | 67 |
| 9 | حضرت امام محمد باقر علیہ السلام | 72 |
| 10 | حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام | 79 |
| 11 | حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام | 85 |
| 12 | حضرت امام علی رضا علیہ السلام | 89 |
| 13 | حضرت امام محمد تقی علیہ السلام | 93 |
| 14 | حضرت امام علی نقی علیہ السلام | 96 |
| 15 | حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام | 100 |
| 16 | حضرت امام محمد مہدی علیہ السلام | 103 |
| 17 | ماخذ | |

# انتساب

درج ذیل مربیان کے نام کرتا ہوں۔

اسماء گرامی:۔ 1) والد محترم سید نجم الحسن نقوی مرحوم متوفی۔ 1950ء

2) والدہ محترمہ سیدہ کلثوم فاطمہ نقوی مرحومہ متوفیہ۔ 1984

3) برادر بزرگ فرحت حسین نقوی مرحوم متوفی۔ 1985

تعارف

والدین اور برادر بزرگ ہمیشہ چہاردہ معصومینؑ کے در ولایت پر سر تسلیم خم کئے رہے۔ عزائے حسینؑ کی ترویج و ترقی میں ہمہ تن مصروف عمل رہے۔

التماس دعائے مغفرت

قارئین سے التماس ہے کہ ان کی مغفرت کیلئے ایک بار سورۂ فاتحہ اور تین بار سورۂ اخلاص کی تلاوت فرمائیں۔ شکریہ

موئلف

حماد اہل بیتؑ

شفقت حسین نقوی

# دیباچہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تمام تعریفیں اس خالق کائنات کے لئے جو عالمین کا پروردگار ہے اور درود و سلام ہے ان نفوس قدسیہ پر جن کے صدقے میں زمین کو سبز قبا اور آسمان کو نیلگوں پیراہن دیا گیا انہی ہستیوں کے وجودِ ذیجود کے متعلق سید المرسلین حضرت محمد مصطفیٰؐ فرماتے ہیں۔

گویا حضورؐ نے عترت و اہل بیتؑ کو رشد و ہدایت اور مستمر ہونے کے حوالے سے ہم پلہ قرار دیا ہے۔ ان چہاردہ معصومینؑ کی شناخت پہچان اور عرفان وایقان کی خاطر ایک کتاب بعنوان تذکرہ معصومینؑ تحریر کی گئی ہے۔ تاریخ و سیرت کی دنیا میں ہزارہا کتب ان کے متعلق موجود ہیں۔ لیکن ایسی سوالاً جواباً کتاب نظر سے نہیں گزری۔ اس کتاب میں نو صد سوالات معہ جوابات سپرد قلم کیے گئے ہیں اس کتاب کے مطالعہ سے چند ساعتوں میں قاری علم کے بحر بے کنار میں غواصی کر لیتا ہے۔ اس مادی اور مصروف زندگی کو پیش نظر رکھ کر چہاردہ معصومینؑ کی سیرت طیبہ کو ان سوالات و جوابات میں سمونے کی کوشش کی گئی ہے کلیات و جامعات کے طلباء طالبات کیلئے ایک آسانی پیدا کر دی گئی ہے وہ بیسیوں کتابوں کے مطالعے سے بے نیاز ہو گئے ہیں۔

فکر معاش اور گرانی نے انسان کو اپنے پنجوں میں جکڑ رکھا ہے انسان کے پاس اتنا وقت نہیں ہے کہ وہ کتب خانوں کی خاک چھانتا پھرے ان سب باتوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے منتخب مواد کو یکجا کر دیا گیا ہے تاکہ حقیقی اسلام سے آشنائی ہو۔ اسلام کے عظیم محسن مربی حضرات سے تعارف ہو تا آں کار ایک مسلمان ان کی حیات طیبہ کو اپنا کر کامیابی و کامرانی اور رستگاری کی منزل تک پہنچ جائے۔

چہاردہ معصومینؑ کی پاک زندگیاں دنیا و عقبیٰ کی فلاح و بہبود صلاح کے لئے کامل

اور بہترین نمونہ ہیں اگر انسان ان کی بارگاہِ قدس میں سر نیاز خم کر دے تو مقصد حیات کو پا لیتا ہے۔ جناب ختم الرسلؐ سے امام مہدیؑ آخر الزمان تک صاحبان ہدایت کا سلسلہ ہے۔ یہی خازن اسرار الٰہی ہیں۔ یہی وجہ تخلیق کائنات ہیں۔ یہی نجات کی کشتی ہیں۔ یہی قسیم وقاسم جنت ہیں۔ یہی خدا کا نادر الوجود شاہکار ہیں یہی ہادیان برحق ہیں۔ یہی اعلیٰ علین ہیں۔ انہی کے صدقے میں عرش، کرسی، لوح، قلم، عقل، نور، مقرب فرشتے اور رعنائی و زیبائی کی خلقت ہوئی یہی ہستیاں اللہ جل مجدہ کی معرفت ہیں۔

امید ہے قارئین محترم اس کتاب کو اپنی علمی دنیا میں پذیرائی بخش کر حوصلہ افزائی فرمائیں گے۔ تعلیمی اداروں، کتب خانوں، گھروں اور تعلیم و تعلم کے مراکز میں اس کتاب کو رواج دیں گے ذہنی آزمائش کے مقابلوں میں اس کتاب کو بنیادی حیثیت دی جائے گی۔

آخر میں تمام معاونین کا تہہ دل سے ممنون و مشکور رہوں۔ اور خالق علم و دانش پیکران رضائے رب چہاردہ معصومینؑ کیلئے سراپا سپاس ہوں جن کی نظر کرم سے بندہ اس لائق ہوا کہ ان کے فضائل و مراتب کے سمندر سے چند گوہر آبدار قارئین محترم کے حضور پیش کر سکا۔

مولف:۔ حماد اہل بیتؑ

شفقت حسین نقوی

ایم اے ادبیات اردو، بی ایڈ

میاں چنوں

# (۱) حضرت محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

س1 حضورؐ کے جداعلیٰ کون تھے؟

ج حضرت ابراہیمؑ۔

س2 حضرت ابراہیم علیہ السلام کا شجرہ نسب بیان کریں؟

ج۔ ابراہیمؑ بن تارخ بن ناحور بن ساروغ بن ارغوابن فالغ بن عابذ بن شالخ بن قینان بن ارفخشد بن سام بن نوح علیہ السلام بن لمک یالاخ بن متوشلخ بن اخنوخ یعنی ادریس علیہ السلام بن یارد بن مہلائل بن قینان بن انوش بن شیث بن آدم علیہ السلام۔

س3 حضرت آدم علیہ السلام نے کتنی عمر پائی؟

ج۔ 230 برس۔

س4 حضرت شیثؑ نے کتنی عمر پائی؟

ج۔ 912 برس

س5 حضرت ادریسؑ دنیا میں کتنے برس رہے

ج 365 برس۔

س6 اب حضرت ادریسؑ کہاں ہیں؟

ج آسمانوں میں قیام پذیر ہیں

س7 حضرت نوحؑ نے کتنی عمر پائی؟

ج 2500 برس۔

س8 حضرت نوحؑ نے کتنے برس تبلیغ کی؟

ج 950 برس۔

س9 حضرت نوحؑ نے جب اپنی باغی قوم کیلیے بددعا کی تو اللہ تعالیٰ نے کیا جواب دیا؟

ج اللہ تعالیٰ نے حضرت نوحؑ کو کشتی بنانے کا حکم دیا۔

س10 حضرت نوحؑ نے کشتی کتنے عرصے میں بنائی؟

ج 200 برس میں

س11 کشتی کی لمبائی چوڑائی اور اونچائی کیا تھی

ج لمبائی ایک ہزار (1000) دو سو ہاتھ چوڑائی آٹھ سو ہاتھ اونچائی اسی ہاتھ (80)

س12 کشتی کتنے برس زیرِ آسمان سفر میں رہی؟

ج 6 ماہ تک۔

س13 کس پہاڑی پر کشتی اتری؟

ج کوہِ جودی پر۔

س14 کوہِ جودی کس ملک میں واقع ہے۔

ج۔ کوہ قاف (روس) میں واقع ہے۔

س15 سید محمود گیلانی نے کشتی کے متعلق کیا تحقیق پیش کی ہے؟

ج انہوں نے اپنی کتاب ''ایلیا'' میں لکھا ہے کہ 1951 میں روسی ماہرین آثار قدیمہ کو ایک تختی ملی ہے جس پر عبرانی زبان میں لکھا ہے۔

''اے میرے خدا اپنے مقدس نفوس کے طفیل اپنے رحم و کرم سے میرا ہاتھ پکڑ۔ محمدؐ، علیؑ، فاطمہؑ، شبرؑ، شبیرؑ عظیم ترین اور واجب الاحترام ہیں تمام دنیا ان کے لیے قائم کی گئی ہے ان ناموں کی بدولت میری مدد کر۔ تو ہی صراط مستقیم کی طرف رہبری

کرنے والا ہے۔

س16 لفظ اسلام کا آغاز کس نبی کے دور سے ہوا؟

ج حضرت ابراہیمؑ کے دور سے۔

س17 حضرت ابراہیمؑ کہاں اور کب پیدا ہوئے؟

ج عراق کے نواح میں کوثاریہ یا کش نامی گاؤں کے ایک غار میں طوفان نوحؑ سے 1080 سال بعد پیدا ہوئے۔

س18 آپؑ غار میں کتنے برس رہے؟

ج 13 برس تک آپ کی والدہ تو نابنت کرینا کوش دیکھ بھال کرتی رہیں۔

س19 حضرت ابراہیمؑ کے والد کا کیا نام تھا؟

ج تارخ

س20 حضرت ابراہیمؑ کی کتنی عمر تھی جب حضرت اسماعیل پیدا ہوئے؟

ج 86 برس

س21 حضرت اسماعیلؑ کی والدہ ماجدہ کا کیا نام تھا؟

ج حضرت ہاجرہؓ

س22 خانہ کعبہ کی تعمیر کن دو نبیوں نے کی؟

ج حضرت ابراہیمؑ اور اسماعیلؑ نے۔

س23 حضرت ابراہیمؑ کا انتقال کتنی عمر میں ہوا؟

ج 175 برس کی عمر میں

س24 حضرت اسماعیلؑ کی شادی کس خاندان میں ہوئی؟

ج بنی جرھم میں۔

س25 حضرت اسماعیلؑ کی زوجہ کا کیا نام تھا؟

ج رملہ

س26 حضرت اسماعیلؑ کی مادری زبان کیا تھی؟

ج عربی

س27 حضرت اسماعیلؑ کے کتنے بیٹے تھے اور حجاز کی سرزمین میں کونسا بیٹا آباد ہوا؟

ج بارہ بیٹے تھے۔ قیدار حجاز میں آباد ہوئے۔

س28 حضرت اسماعیلؑ نے کتنی عمر پائی؟

ج 133 برس

س29 عدنان تک حضورؐ کا نسب نامہ بیان کریں۔

ج محمدؐ بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبد مناف بن قصی بن کلام بن نمرہ بن لوی بن غالب بن فہر (قریش) بن مالک بن نضر بن کنانہ بن خزیمہ۔ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان بن اد بن اود بن الیسع بن الھمیسع بن سلامان بن جمل بن بنت بن قیدار بن اسماعیلؑ بن ابراہیمؑ۔

س30 حضورؐ کے نسب نامے میں چند افراد کے نام بتائیں اور مختصراً ان پر روشنی ڈالیں؟

ج قصی بن کلام، عبد مناف، ہاشم بن عبد مناف، عبدالمطلب، عبداللہ

س31 قصی بن کلام کے کارنامے بیان کریں؟

ج آپ نے مکے کو باقاعدگی سے آباد کیا۔ خانہ کعبہ کی دوبارہ تعمیر کی۔ دفتر امور عاملہ تعمیر کیا۔ آپ مکہ کے پہلے حاکم قرار پائے، آپ نے مکے میں پہلا کنواں عجول نامی بنوایا۔ 480ء میں آپ کا انتقال ہوا۔ اور مقام حجون میں دفن ہوئے۔

س32 عبد مناف کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

ج آپ موحد تھے۔ عظمت، بزرگی اور فیاضی میں مشہور تھے۔ غریب پرور، تھے۔ آپ کی شادی عاتکہ سے ہوئی۔ ملک شام میں آپ کا انتقال ہوا۔

س33 حضرت ہاشم کے متعلق کچھ بتائیں؟

ج سقایت، رفادت اور دفتر امور عامہ کے ناظم تھے۔ غریب پرور تھے۔ اپنی قوم کو تجارت کی راہ پر لگایا۔ آپ کا انتقال 510ء کو ہوا۔

س34 حضورؐ کے دادا عبدالمطلب کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں۔

ج آپ 497ء میں پیدا ہوئے آپ کا اصل نام شیبۃ الحمد تھا۔ آپ کی والدہ کا نام سلمٰی تھا۔ کوہ حرا میں عبادت کرتے تھے۔ غریب پرور تھے۔ چاہ زمزم کو دوبارہ تلاش کیا۔ آپ 82 برس کی عمر میں فوت ہوئے مقام حجون میں دفن ہوئے۔

س35 عبدالمطلب نے ابرہہ کے جواب میں کیا کہا؟

ج میں اپنے اونٹوں کا مالک ہوں اسلیے اونٹ مانگتا ہوں۔ جو کعبہ کا مالک ہے اپنے گھر کی خود حفاظت کرے گا۔

س36 عبدالمطلب نے کونسی پانچ چیزوں کا اجرا کیا؟

ج (۱) باپ کی بیویوں کو اولاد پر حرام قرار دیا (۲) خزانے کا پانچواں حصہ غرباء پر تقسیم کیا۔ (۳) چاہ زمزم کو کھودا اور اسے سقایۃ الحاج سے تعبیر کیا (۴) قتل کی دیت 100 اونٹ قرار دی۔ (۵) آپ نے طواف کے سات چکر مقرر کیے

اسلام نے پانچوں چیزوں کو قائم رکھا۔

س37 حضرت عبداللہ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

ج حضورؐ کے والد تھے۔ حسین ترین تھے۔ 18 برس کی عمر میں حضرت آمنہ سے شادی ہوئی۔ 25 یا 28 برس کی عمر میں حضورؐ کی ولادت سے پہلے انتقال ہوا۔

ابوا کے مقام میں دفن ہوئے۔

س38 قریش کس کو کہا جاتا ہے؟

ج حضورؐ کے بزرگ نضر بن کنانہ کو۔

س39 قریش کے کیا معنی ہیں؟

ج سوداگر

س40 حضورؐ کی ولادت کب ہوئی؟

ج 570ء بمطابق 17 ربیع الاوّل ۱ھ عام الفیل دوشنبہ کے روز۔

س41 حضورؐ کی پرورش اور تربیت کن حضرات نے کی؟

ج 6 برس تک والدہ نے پالا۔ 2 برس دادا حضرت عبدالمطلب کی تربیت میں رہے
دادا کی وصیت کے مطابق تاحیات حضرت ابوطالبؑ نے تربیت کی۔ علیؑ کی
والدہ فاطمہ بنت اسد نے بھی آپ کی تربیت کی اور اپنے بیٹوں سے زیادہ پیار کی

س42 حضرت ابوطالبؑ کی رفاقت حضورؐ سے کتنے برس رہی؟

ج تقریباً 42 برس تک۔

س43 حضور ﷺ کی پہلی شادی کتنی عمر میں کس خاتون سے ہوئی؟

ج 25 برس کی عمر میں حضرت خدیجہؑ بنت خویلد سے ہوئی۔

س44 حضورؐ کا نکاح کس نے پڑھا؟

ج حضرت ابوطالبؑ نے۔

س45 حضرت ابوطالبؑ کا انتقال کتنی عمر میں ہوا؟

ج 86 برس کی عمر میں۔ ہجرت سے 3 برس قبل۔

س46 ہجرت سے 3 برس پہلے حضورؐ کی کس زوجہ کا انتقال ہوا؟

ج حضرت خدیجہؓ کا انتقال ہوا۔

س47 حضورؐ نے اس سال کا کیا نام رکھا۔

ج عام الحزن یعنی غم کا سال

س48 آپؐ کس جگہ پیدا ہوئے؟

ج آپ شعب ہاشم یعنی شعب ابی طالب میں پیدا ہوئے وہاں اب مسجد مولد النبی بنی ہوئی ہے۔

س49 آپ کا نام کس نے رکھا؟

ج حضرت عبدالمطلب نے محمدؐ نام رکھا

س50 توریت میں حضورؐ کا نام کیا ہے؟

ج فارقلیطؐ۔

س51 حضرت عیسیٰؑ نے اپنی امت کو کس نام کی خوشخبری دی تھی؟

ج احمدؐ کی۔

س52 آپؐ کا عقیقہ کب ہوا اور کیا ذبحہ کیا گیا؟

ج ساتویں روز اونٹ ذبح ہوا اور قبیلے کی دعوت ہوئی۔

س53 آپؐ کے کتنے القابات ہیں؟

ج ننانوے (99) القابات ہیں۔ خاتم النبین، حاشر، ماحی، عاقب، صادق، مصدق امین، مبشر، منذر، ولی، داعی، مدثر، مزمل، یٰسین، طہٰ، اور دیگر۔

س54 معاہدہ حلف الفضول کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

ج ظلم کے خلاف بنی زہرہ، بنی ہاشم، بنی تیم کے مابین ہوا۔

س55 آپ کا مہر کتنا مقرر ہوا اور کس نے ادا کیا؟

ج بارہ اونس سونا، اور پچیس اونٹ مہر مقرر رہوا۔ حضرت ابو طالبؑ نے ادا کیا۔

س56 حضوؐر کی بیٹی کا نام بتائیں؟

ج حضرت فاطمہؑ

س57 حضوؐر کے بیٹوں کے نام بتائیں؟

ج حضرت قاسمؑ، حضرت عبداللہؑ، حضرت ابراہیمؑ

س58 حضرت ابراہیمؑ کی والدہ کا نام بتائیں؟

ج حضرت ماریہ قبطیہؓ۔

س59 حضرت خدیجہؑ نے اپنی کس بہن کی کن بیٹیوں کی پرورش کی؟

ج ہالہ بنت خویلد کی تین بیٹیوں کی زینب، رقیہ، ام کلثوم کی پرورش کی۔

س60 حضوؐر کی سب سے پہلے اور سب سے آخر کون زوجات فوت ہوئیں؟

ج حضرت خدیجہؑ سب پہلے، اور حضرت ام سلمہؓ سب کے بعد۔

س61 حضوؐر پر پہلی وحی کب نازل ہوئی کیا اور کیسے نازل ہوئی؟

ج 40 برس کی عمر میں جبریلؑ آئے اور کہا آپ نے کہا پڑھوں جبریلؑ نے کہا اقراء باسم ربک۔ پس آپؐ نے پڑھنا شروع کر دیا۔

س62 حضوؐر نے سب سے پہلے کونسی نماز پڑھی؟

ج نماز ظہر۔

س63 سب سے پہلے حضوؐر کی اقتدا میں کن ہستیوں نے نماز پڑھی؟

ج حضرت علیؑ اور حضرت خدیجہؑ نے نماز عصر پڑھی پھر حضرت زیدؓ شامل ہونے لگے۔

س64 حضوؐر کی کس زوجہ نے اپنے مشرک باپ کو بستر رسولؐ پر نہ بیٹھنے دیا۔

ج حضرت ام حبیبہؓ نے ابوسفیان کو۔

س65 دعوت ذی العشیرہ میں حضورؐ کی مدد کا وعدہ کس نے کیا؟

ج حضرت علیؑ نے۔

س66 حضورؐ نے علیؑ کے وعدہ کرنے پر کیا خوشخبری سنائی؟

ج یقیناً آپ میرے بھائی۔ وصی۔ جانشین ہیں۔ حاضرین سے کہا تم پر لازم ہے کہ ان کی اطاعت کرو۔

س67 سابقین اسلام پر اسلام قبول کرنے پر کیا گزری؟

ج یاسرؓ اور انکی زوجہ سمیہؓ کو شہید کیا گیا خباب بن ارشا، بلال حبشی کو انگاروں پر لٹایا گیا صہیب رومی پر تشدد ہوا۔ ابوفکیہ یعنی افلح پر ظلم ہوا،

س68 حضورؐ کتنے برس شعب ابی طالب میں رہے؟

ج 3 برس۔

س69 ہجرت حبشہ کب ہوئی اور کتنے لوگوں نے ہجرت کی۔

ج 5ھ کو 11 مرد اور 5 عورتوں نے ہجرت کی۔

س70 شق القمر کا واقعہ کب ہوا؟

ج بعثت کے نویں برس یا ہجرت سے پانچ برس پہلے ہوا۔

س71 معراج النبی کب ہوئی؟

ج 27 رجب 12 بعثت کو۔

س72 کس جگہ سے کب حضورؐ معراج کیلئے روانہ ہوئے اور جبریل کہاں آگے جانے سے رک گئے؟

ج ام ہانی بنت ابی طالبؑ کے گھر سے 12 بعثت کو سفر ہوا۔ سدرۃ المنتہیٰ پر جبریل

رک گئے۔

س73 مدینہ کا اصل نام کیا تھا؟

ج یثرب تھا۔ بنی عمالقہ کے ایک رئیس یثرب نامی نے اسے آباد کیا۔ حضورؐ کی ہجرت کے بعد یہ مدینۃ النبیؐ کہلایا۔

س74 حضورؐ نے ہجرت کب کی؟

ج 2 ربیع الاوّل 14 بعثت کو

س75 کس غار میں حضورؐ نے پناہ لی؟

ج غار ثور میں 4 ربیع الاوّل تک رہے۔

س76 بستر رسولؐ پر شب ہجرت کون سویا؟

ج حضرت علیؑ

س77 خدا نے علیؑ کے سونے پر کیا انعام دیا؟

ج آیہ من بشری نازل کی۔ اپنی مرضات سے علیؑ کو نوازا

س78 حضرت علیؑ کن ہستیوں کے ساتھ مدینہ روانہ ہوئے؟

ج حضورؐ کی امانتیں ادا کیں۔ فاطمہؑ بن اسد۔ فاطمہؑ بنت محمدؐ اور فاطمہ بنت زبیر کے ہمراہ روانہ ہوئے۔

س79 قریش نے علیؑ کا راستہ روکنے کیلئے کتنے لوگوں کو بھیجا اور ان کا انجام کیا ہوا؟

ج 8 آدمیوں کو بھیجا۔ ایک کو حضرت علیؑ نے قتل کر دیا۔ باقی بھاگ گئے۔

س80 مدینے میں حضورؐ کس کے مکان میں قیام پذیر ہوئے؟

ج ابوایوبؓ انصاری کے گھر میں۔

س81 مدینے میں داخل ہونے سے پہلے کس کے گھر میں ٹھہرے؟

ج کلثوم بن ہدم کے گھر۔

س82 مدینے سے باہر حضورؐ نے کونسی مسجد تعمیر کی۔

ج مسجد قبا۔

س83 مسجد نبوی کی فضیلت بیان کریں؟

ج اسے خود حضورؐ نے دیگر اصحابؓ کے ہمراہ تعمیر کیا۔

س84 پہلی اذان مسجد نبوی میں کس نے دی؟

ج حضرت بلالؓ نے۔

س85 حضرت بلالؓ کو اذان کس نے سکھائی؟

ج حضرت علیؑ نے

س86 حضرت سلمانؓ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

ج سلمانؓ اصفہان کے رہنے والے تھے۔ دس بار بک کر حضورؐ تک مدینے میں پہنچے
مہر نبوت دیکھ کر مسلمان ہوئے اس وقت آپ کی عمر 250 یا 350 برس
تھی۔ مدائن کے گورنر بھی رہے۔ 35ھ میں وفات پائی۔ حضورؐ نے فرمایا
سلمانؓ میرے اہل بیت میں سے ہے۔

س87 مواخات میں حضورؐ نے اپنا بھائی کس کو بنایا؟

ج حضرت علیؑ کو۔

س88 حضرت فاطمہؑ کا عقد حضرت علیؑ سے کب ہوا؟

ج 15 رجب ۲ھ کو

س89 حضرت فاطمہؑ، حضرت علیؑ کا خطبہ نکاح کس ہستی نے پڑھا؟

ج رسولؐ خدا نے۔

س90 حضرت علیؓ نے حضرت فاطمہؓ کا حق مہر کیسے ادا کیا۔

ج زرہ بیچ کر 480 درھم مہر ادا کیا۔

س91 حضرت علیؓ کی دعوت ولیمہ کیسے ہوئی؟

ج حضورؐ نے گوشت روٹی کا انتظام کیا۔ حضرت علیؓ نے روغن اور کھجوریں مہیا کیں سب مسلمان دعوت میں شریک ہوئے۔

س92 حضرت فاطمہؓ کا جہیز کل کتنے درھم میں خریدا گیا۔

ج 80 درھم میں

س93 تحویل کعبہ کب ہوئی؟

ج ماہ شعبان ۲ھ کو

س94 کس نماز کی ادائیگی کے دوران تحویل کعبہ ہوئی۔ یہ واقعہ کس مسجد میں پیش آیا؟

ج نماز ظہر کی تیسری رکعت میں یہ عمل ہوا۔ یہ تبدیلی مسجد قبا میں ہوئی اس لیے اسے مسجد قبلتین کہتے ہیں۔

س95 سریہ اور غزوہ میں کیا فرق ہے؟

ج جس جنگ میں حضورؐ نے شرکت نہیں فرمائی اسے سریہ اور جس میں حضورؐ شریک ہوئے اسے غزوہ کہتے ہیں۔

س96 غزوات اور سریوں کی تعداد بیان کریں؟

ج غزوات 19 سے 27 تک اور سریے 56 ہوئے ہیں

س97 چند غزوات کے نام بتائیں؟

ج ابوا۔ ذوالعشرہ، بدر۔ احد۔ قرقرۃ الکدر، سویق، بنی نضیر، ذات الرقاع، دومیۃ الجندل، بنی مصطلق، احزاب بنی لحیات، ذی قرد، خیبر، وادی القریٰ، حنین

تبوک، بنی قینقاع۔

س98 چند سریوں کے نام بتائیں؟

ج رابغ، سیف البحر، حرار، ابوسعمہ، ابن انیس، موتہ، وادی الرمل، بنی طے، بنی کرمیلہ

س99 غزوہ بدر کب ہوا۔ حضورؐ کی کتنی فوج تھی؟

ج ماہ رمضان 2ھ میں 313 فوجی تھے۔

س100 مہاجرین کا علم کسے ملا؟

ج حضرت علیؑ کو 20 برس کی عمر میں یہ علم ملا۔

س101 بدر میں کتنے کفار مارے گئے؟

ج 70 کفار مارے گئے۔

س102 بدر میں کتنے مسلمان شہید ہوئے؟

ج 14 مسلمان شہید ہوئے۔

س103 بدر میں حضرت علیؑ نے کتنے کفار فی النار کیے

ج 35 کفار

س104 غزوہ احد کب ہوا اور حضورؐ کی فوج کی کیا تعداد تھی؟

ج ۳ھ میں جنگ ہوئی 1000 افراد کے ہمراہ روانہ ہوئے عبداللہ بن ابی نے 300 واپس بلا لیے۔

س105 رایت جنگ غزوہ احد میں کسے دیا گیا؟

ج حضرت علیؑ کو۔

س106 غزوہ احد میں کتنے مسلمان شہید ہوئے؟

ج 70 مسلمان

س107 غزوہ احد میں حضورؐ کے کونسے چچا شہید ہوئے؟

ج حضرت حمزہؓ

س108 غزوہ احد میں کتنے کفار مارے گئے۔

ج 30 کفار

س109 نادِ علیؑ کب نازل ہوئی؟

ج غزوہ احد میں

س110 ذوالفقار کس غزوہ میں جبریل لیکر آئے؟

ج غزوہ احد میں

س111 غزوہ احد میں حضرت علیؑ نے کتنے کفار فی النار کیے؟

ج 12 کفار قتل کیئے۔

س112 غزوہ احد میں علیؑ کو کتنی ضربات لگیں؟

ج 16 ضربات

س113 غزوہ خندق کب ہوا؟

ج ۵ھ میں ہوا

س114 غزوہ خندق میں کتنے کافر مارے گئے؟

ج 4 کافر مارے گئے ان میں 3 کافر حضرت علیؑ نے قتل کیے۔

س115 کن تین کافروں کو حضرت علیؑ نے قتل کیا؟

ج عمرو بن عبدود، نوفل اور حسل کو

س116 حضورؐ نے غزوہ خندق میں حضرت علیؑ کی کیسے تعریف کی؟

ج حضرت علیؑ کو کل ایمان قرار دیا اور ان کی اس روز کی ضربت کو ثقلین کی عبادت

سے گراں کہا۔

س117 معرکہ خیبر کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

ج ۷ھ میں ہوا 93 یہودی قتل ہوئے۔ پندرہ مسلمان شہید ہوئے۔ صفیہ بنت حی دیگر عورتوں کے ہمراہ قید ہوئی۔ وہ آزاد ہو کر حضورؐ کے حرم میں داخل ہوئیں۔

س118 قلعہ قموص کس نے فتح کیا۔

ج حضرت علیؑ نے

س119 مرحب کو کس نے مارا؟

ج حضرت علیؑ نے

س120 غزوہ خیبر میں حضرت علیؑ کو کیا خطابات حضورؐ نے دیئے؟

ج کرار، غیر فرار، محبّ و محبوب خدا اور رسولؐ

س121 جنگ موتہ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں۔

ج ۸ھ میں ہوئی حضرت جعفرؓ نے 70 سے زیادہ کفار قتل کیئے۔ پھر خود شہید ہوئے۔ جعفرؓ طیار کہلائے۔

س122 فتح مکہ کب ہوئی؟

ج ۸ھ کو

س123 کعبہ میں بت توڑنے کیلئے کون حضورؐ کے کندھوں پر سوار ہوا؟

ج حضرت علیؑ

س124 حضورؐ نے پوچھا علیؑ کتنے بلند ہو؟

ج فرمایا فرشتوں کی آوازیں سن سکتا ہوں

س125 حضرت علیؑ جب نیچے اترے تو حضورؐ نے پوچھا علیؑ چوٹ تو نہیں آئی؟

ج کہا جب رسولؐ سوار کرنے والے ہوں اور جبریلؑ اتارنے والے ہوں تو چوٹ کیونکر آئے۔

س126 کعبہ میں رکھے ہوئے ہمشکل حضرت ابراہیمؑ کے بت سے حضورؐ نے کیا سلوک کیا؟
حضورؐ نے اس کو دفن کروا دیا۔

س127 جنگ حنین میں حضرت علیؑ نے کتنے کافر مارے

ج 40

س128 18 ذی الحجہ کو کیا اہم واقعہ ہوا

ج واقعہ غدیر خم

س129 حضورؐ نے غدیر خم پر کیا اہم اعلان فرمایا

ج جس کا میں مولا ہوں اس کا علیؑ مولا ہے

س130 واقعہ مباہلہ کب ہوا اس میں کون شریک ہوئے

ج 24 ذی الحجہ کو نصاریٰ بنو نجران سے مباہلہ کرنے کیلئے پنجتن پاکؑ تشریف لے گئے

س131 غزوہ تبوک کب ہوا

ج 9ھ کو ہوا

س132 فتح مکہ کب ہوا

ج 8ھ میں

س133 فتح مکہ کے موقع پر حضورؐ نے کن مرد و زن کو قتل کرنے کا حکم فرمایا تھا؟

ج عبداللہ بن سعدیہ۔ عبداللہ بن خطل۔؟ حویرث۔ عکرمہ بن ابو جہل۔ مقیس۔ سارہ۔ ہند بنت عتبہ۔ قریبہ۔ فرتنا۔

س134 صلح حدیبیہ کب ہوئی

ج 6ھ کو

س135 غزوہ بنی مصطلق کے بعد جنگی قیدیوں میں کونسی کنیز حضورؐ کی زوجہ بنی

ج حضرت جویریہ بنت حارث بن ابی ضرار

س136 حضورؐ کی وفات کب ہوئی؟

ج 28 صفر 11ھ بروز پیر کو

س137 حضورؐ کے غسل کفن میں کتنے افراد شریک ہوئے؟

ج چھ افراد۔

س138 غسل کفن میں شریک چھ افراد کے نام بتائیں

ج حضرت علیؑ۔ فضلؓ۔ حضرت عباسؓ۔ قثمؓ۔ اسامہؓ۔ شقرانؓ

س139 حضورؐ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی

ج حضرت علیؑ نے

س140 حضورؐ کی قبر کس نے کھودی

ج حضرت ابو طلحہؓ نے

س141 حضورؐ کس روز دفن ہوئے

ج بدھ کی شب کو

س142 حضورؐ کا روضۂ اقدس کس شہر میں ہے؟

ج مدینہ منورہ میں

س143 حضورؐ پر جو کتاب نازل ہوئی اس کا کیا نام ہے

ج قرآن پاک

س144 قرآن پاک میں کتنی سورتیں ہیں؟

ج 114 سورتیں۔

س145 قران پاک میں کتنی آیات ہیں

ج 6666 آیات

س146 آیت کسے کہتے ہیں

ج آیت علامت اور نشانی کو کہتے ہیں

س147 قرآن پاک کی سب سے طویل آیت کونسی ہے

ج سورۂ بقرہ کی آیت نمبر 282

س148 قرآن پاک کی سب سے مختصر آیت کونسی ہے

ج سورۂ رحمٰن کی آیت نمبر 64

س149 سورۂ الحمد کو سبع مثانی کیوں کہتے ہیں

ج اس میں سات آیات ہیں۔ یہ سورۂ دو مرتبہ نازل ہوئی

س150 قرآن کے لغوی معنی کیا ہیں

ج پڑھا ہوا

س151 مکہ میں حضورﷺ پر کتنا عرصہ قرآن نازل ہوا

ج 13 برس

س152 مدینہ میں کتنی دیر قرآن نازل ہوا

ج 10 برس تک

س153 قرآن کونسی رات میں نازل ہوا

ج شب قدر میں

س154 شب قدر زیادہ تر کس کو قرار دیا جاتا ہے

ج 23 ویں شب کو

س155 قرآن میں لفظ اللہ کتنی بار آیا ہے

ج 2584 بار

س156 قرآن پاک میں کتنے پیغمبروں کے نام آئے ہیں

ج 26 پیغمبروں کے نام آئے ہیں

س157 قرآن پاک میں دعا مانگنے کی تاکید کتنی بار آئی ہے

ج 70 بار

س158 قرآن پاک میں لفظ امام کتنی بار آیا ہے؟

ج 12 مقامات پر

س159 قرآن میں نماز کی تاکید کتنی بار آئی ہے؟

ج سات (700) سو بار

س160 قرآن پاک میں کتنے سورۃ حروفِ مقطعات سے شروع ہوتے ہیں؟

ج 29 سورۃ

س161 قرآن میں کتنے سورۃ الحمد سے شروع ہوتے ہیں؟

ج 5 سورۃ

س162 وہ کونسی سورت ہے جسکی ہر آیت میں لفظ اللہ ہے؟

ج سورۃ مجادلہ میں

س163 قرآن کی سب سے چھوٹی سورۃ کونسی ہے؟

ج سورۃ کوثر

س164 قرآن میں کتنی بار لفظ الحمد آیا ہے؟

ج 29 بار

س165 حضورؐ کی رحلت کے بعد سب سے پہلے قرآن کس نے جمع کیا؟

ج حضرت علیؑ نے

س166 کس جنگ میں ستر قاری شہید ہوئے؟

ج جنگ یمامہ میں

س167 حضرت علیؑ کے جمع شدہ قرآن کے بعد کس نے قرآن جمع کیا؟

ج زید بن ثابت نے

س168 حضرت علیؑ کی شان میں تقریباً کتنی آیات ہیں؟

ج 364 آیات

س169 حضرت علیؑ نے اپنا جمع شدہ قرآن لوگوں کو کیسے دکھایا؟

ج اونٹ پر لاد کر

س170 حضرت علیؑ نے رائج قرآن پاک کے بارے میں کیا فرمایا؟

ج حضرت علیؑ اور دیگر آئمہ معصومینؑ نے اسے ہر طرح کی تحریف سے پاک قرار دیا

س171 قرآن پر اعراب کس نے لگائے؟

ج حضرت علی کے شاگرد ابوالاسود دئلی نے

س172 قرآن میں کل کتنے حروف ہیں؟

ج 267053 حروف

س173 قرآن پاک میں عدل کا ذکر کتنی بار آیا ہے؟

ج 16 جگہوں پر

س174 حضورؐ کی نبوت اور رسالت کا ذکر قرآن میں کتنی بار آیا ہے؟

ج 56بار

س175 حضرت علیؑ کی خلافت و امامت کا ذکر قرآن پاک میں کتنی بار آیا ہے؟

ج 15بار

س176 خمس کا ذکر قرآن میں کتنی بار آیا ہے؟

ج 6بار

س177 حضورؐ کی عصمت کا ذکر قرآن میں کتنی بار آیا ہے؟

ج 12جگہ پر

س178 جناب فاطمہؑ کی فضیلت و عصمت کا ذکر قرآن میں کتنی بار آیا ہے؟

ج 5بار

س179 حضرت حسنینؑ کی فضیلت کا ذکر قرآن میں کن سورتوں میں آیا ہے؟

ج سورہ رحمٰن ۔ دہر ۔ کوثر

س180 اہل بیتؑ کی فضیلت کا ذکر قرآن میں کتنی جگہوں پر آیا ہے؟

ج 14مقامات پر

س181 شفاعت کا ذکر کن سورتوں میں آیا ہے؟

ج بقرہ ۔ نساء ۔ مریم ۔ طٰہٰ ۔ انبیاء ۔ سبا ۔ زمر ۔ مدثر

س182 زکوۃ صدقات، خیرات اور مصارف کا ذکر قرآن مین کتنی بار آیا ہے؟

ج 43بار

س183 روزہ کا ذکر قرآن میں کتنی بار آیا ہے؟

ج 2بار

س184 حج عمرہ طواف کاذکرقرآن میں کتنی بار آیا ہے؟

ج 8 بار

س185 جہاد کی ترغیب اور ذکرقرآن میں کتنی بار آیا ہے؟

ج 13 بار

س186 امرونہی کاذکرقرآن میں کتنی بار آیا ہے؟

ج 7 بار

س187 حضورؐ کے چند فرمودات بتائیں

ج. ۱) قیامت کے دن علماء کی روشنائی کو شہدا کے خون سے تولہ جائے گا۔اس وقت علماء کی روشنائی کاوزن شہداء کے خون سے زیادہ ہوگا۔

۲) خدانہ تمہاری صورت کو دیکھے گانہ مال کو وہ تمہارے دل اور کردار کو دیکھے گا

۳) مومن ایک سوراخ سے دومرتبہ نہیں ڈسا جاتا

۴) جوشخص حج کو باوجود استطاعت ٹالتا رہے یہاں تک کہ قیامت کے روز میں خدااس کو یہودی یانصرانی مبعوث کرے گا

۵) جوشخص اپنے عمل کو خلوص کے ساتھ پے در پے چالیس روز اپنے خدا کے لئے کرے تو خدا اسکے قلب سے حکمت ومعرفت کے چشمے اسکی زبان پر جاری کردیتا ہے

س188 حضورؐ نے تبلیغ اسلام کے لئے ایران کس صحابی کو بھیجا؟

ج عبداللہ بن خذاقہ السھمی۔

س189 حضورؐ نے مصر میں مقوقس کودعوت دینے کے لئے کسے بھیجا۔

ج حاطب بن ابی بلیعہ

س190 حضرت دحیہ کلبیؓ کو کس ملک میں تبلیغ کے لئے بھیجا؟

ج روم میں

س191 ہمدان میں حضورؐ نے اسلام کی تبلیغ کے لئے کس ہستی کو روانہ کیا

ج حضرت علی علیہ السلام

س192 ہندوستان میں اسلام کی تبلیغ کے لئے کس صحابی کو حضورؐ نے بھیجا؟

ج خذیفہ بن الیمان

س193 حضرت رسول مقبولؐ نے عبداللہ بن عوجہ کو کن کی طرف بھیجا

ج قبیلہ۔ حارثہ بن قریظہ کی طرف

س194 حضورؐ نے حضرت علیؑ کی شان میں بے شمار احادیث بیان فرمائی چند بیان فرمائیں

ج ۱۔علیؑ میری اصل ہے۔۲۔علیؑ میرے علوم کا ظرف ہیں۔۳۔علیؑ میرے رازوں کا خزینہ دار ہے۔۴۔علیؑ مومنین کے سردار ہے۔۵۔علیہمؑ سب سے بہتر فیصلہ کرنے والے ہیں۔۶۔میں حکمت کا گھر ہوں اور علیؑ اسکا دروازہ ہے
۷۔اے علیؑ تو مجھ سے اور میں تجھ سے ہوں۔۸۔میں اور علیؑ بندگانِ خدا پر خدا کی حجت ہیں،۹سب سے پہلے میرے ساتھ علیؑ نے نماز پڑھی،۱۰۔اے علیؑ ہم اور آپ ایک ساتھ ہاتھ میں ہاتھ ڈالے جنت میں داخل ہوں گے،۱۱۔میرا ہاتھ اور علیؑ کا ہاتھ عدل میں برابر ہیں،۱۲۔جنت چار شخصوں کی مشتاق ہے۔
علیؑ،سلمانؓ،ابوذرؓ اور مقدادؓ

س195 حضرت ابوطالب نے حضورؐ سے اپنی حمایت کا کن الفاظ میں اظہار کیا؟

ج حضرت ابوطالبؑ نے شعر میں فرمایا۔

ترجمہ۔ خدا کی قسم وہ اپنی جمعیت کے ساتھ تجھ تک ہرگز نہیں پہنچ سکتے جب تک مجھے دفن کر کے مٹی میں ٹیک لگا کر لٹا نہ دیا جائے گا

س196 حضرت ابوطالبؑ نے دین اسلام کی تعریف کن الفاظ میں کی۔

ج اپنے شعر میں فرمایا

ترجمہ:۔ اور تو نے وہ دین پیش کیا جو یقیناً دنیا کے ادیان میں بہترین دین ہے

س197 حضرت علیؑ نے حضور کی شجاعت کا کن الفاظ میں اظہار کیا؟

ج ایک شعر میں فرماتے ہیں

ترجمہ:۔ رسول اللہؐ ہمارے لئے ایک مضبوط قلعہ تھے کہ ہر دشمن سے پناہ اور حفاظت حاصل ہوتی تھی۔

س198 حضورؐ کی وفات پر حضرت علیؑ کیسے اپنے غم کا اظہار کرتے ہیں۔

ج ترجمہ شعر:۔ نبی کو کپڑوں میں کفن دینے کے بعد اس مرنے والے کے غم میں غمگین ہوں جو خاک میں جا بسا۔

ترجمہ شعر:۔ اور ہر نماز کے وقت بلالؓ ایک نیا ہیجان پیدا کر دیتے ہیں جب کہ وہ (بلالؓ) ان کا نام لے کر پکارتے ہیں

س199 حضرت فاطمہؑ نے حضورؐ کی وفات پر کیسے غم کا اظہار کیا؟

ج ترجمہ شعر:۔ جس نے ایک مرتبہ بھی خاک پائے احمد مجتبیٰؐ سونگھ لی تعجب کیا ہے اگر وہ ساری عمر کوئی اور خوشبو نہ سونگھے۔

س200 حضرت فاطمہؑ نے حضورؐ کی وفات پر کیسے غم کا اظہار کیا؟

شعر کا ترجمہ:۔ (حضورؐ کی جدائی میں) وہ مصیبتیں مجھ پر ٹوٹی ہیں اگر یہ مصیبتیں دنوں پر ٹوٹیں تو دن راتوں میں تبدیل ہو جاتے۔

# (۲) حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا

س1 حضرت فاطمہؑ کب اور کہاں پیدا ہوئیں؟

ج 5 بعثت کو مکہ میں پیدا ہوئیں۔

س2 حضرت فاطمہؑ کے والدین کے اسمائے گرامی بتائیں؟

ج حضرت محمدؐ اور حضرت خدیجہؑ

س3 حضرت فاطمہؑ کا نام کس نے رکھا؟

ج رسولؐ خدا نے۔

س4 فاطمہؑ کے کیا معنی ہیں؟

ج امام موسیٰ کاظمؑ نے حضورؐ سے روایت نقل کی ہے کہ اپنے صحیح اور سچے پیروکاروں کو جہنم کی آگ سے بچانے والی۔

س5 حضرت فاطمہ زہراؑ کے اللہ کے ہاں کتنے نام ہیں؟

ج امام جعفر صادقؑ نے فرمایا۔ فاطمہ۔ صدیقہ، مبارکہ، طاہرہ، زکیہ، راضیہ، محدثہ اور زہرا۔

س6 حضرت فاطمہؑ کے دیگر اسما بتائیں؟

ج حصان، حرہ، سیدہ، عذرا۔ حورا۔ مریم کبریٰ اور بتول

س7 حضرت فاطمہؑ کی کنیت بیان کریں؟

ج ام الحسنؑ۔ ام الحسینؑ۔ ام المحسنؑ۔ ام الائمہؑ۔ ام ابیھاؑ۔ ام المومنینؑ

س8 حضرت فاطمہؑ کے بھائیوں کے نام بتائیں۔

ج قاسمؑ۔ عبداللہ۔ ابراہیمؑ

س9 حضرت فاطمہؑ کی کتنی عمر تھی جب حضرت خدیجہؑ کا انتقال ہوا؟

ج پانچ برس۔

س10 حضرت فاطمہؑ کی شادی کب ہوئی؟

ج یکم ذی الحجہ ۲ ھ کو۔

س11 حضرت فاطمہؑ کے جہیز میں کل کتنی چیزیں تھیں؟

ج 16اشیاء

س12 حضرت فاطمہؑ کی کتنی اولادیں تھیں؟

ج 3 بیٹے۔2 بیٹیاں

س13 حضرت فاطمہؑ کے کتنے بیٹے امام ہیں؟

ج 11 بیٹے یعنی امام حسنؑ سے امام مہدیؑ تک۔ نسلاً بعد نسلاً

س14 حضورؐ نے حضرت فاطمہؑ کی کیا فضیلت بیان کی؟

ج فاطمہؑ جنت کی عورتوں کی سردار ہیں۔ فاطمہؑ میرا ٹکڑا ہیں۔ حضورؐ آپ کا استقبال کرتے۔ حضورؐ نے فرمایا۔ فاطمہؑ مجھے ساری دنیا سے زیادہ عزیز ہیں۔

س15 حضورؐ نے فاطمہؑ سے پوچھا عورت کیلئے کیا چیز بہتر ہے؟

ج فرمایا:۔ نہ وہ نامحرم مرد کو دیکھے اور نہ نامحرم اسے دیکھے۔

س16 تسبیح حضرت فاطمہؑ کیا ہے؟

ج 34 مرتبہ اللہ اکبر، 33 بار الحمد اللہ، 33 بار سبحان اللہ

س17 حضرت فاطمہؑ کی کنیز کا کیا نام تھا؟

ج حضرت فضہؓ۔

س18 حضرت فضہؓ کا اصل نام کیا تھا؟

ج میمونہؓ

س19 حضرت فضہؓ کے والدین کس ملک سے تعلق رکھتے تھے؟

ج ملک حبشہ سے۔

س20 حضرت علیؓ نے حضرت فضہؓ کی شادی کس سے کی۔

ج ابو ثعلبہ حبشی سے۔

س21 ابو ثعلبہ کی وفات کے بعد ان کا عقد کس سے کیا؟

ج ابو سلیک غطفانی سے۔

س22 حضرت فضہؓ نے کتنے برس صرف قرانی آیات میں باتیں کیں۔

ج بیس برس۔

س23 حضرت فضہؓ کہاں دفن ہیں؟

ج شام میں

س24 حضرت فاطمہؑ کی وفات کب ہوئی؟

ج جمادی الثانی ۱۱ ھ کو

س25 حضرت فاطمہؑ کو کفن کس نے پہنایا؟

ج حضرت علیؑ نے۔

س26 حضرت فاطمہؑ کہاں دفن ہیں؟

ج جنت البقیع میں

س27 حضرت فاطمہؑ کے جنازے میں کتنے لوگ شریک ہوئے؟

ج 13افراد

س28 وفات کے وقت آپؑ کی کتنی عمر تھی؟

ج 18 برس تھی۔

س29 حضرت فاطمہؑ کا نظام عمل کیا تھا۔؟

ج ایک روز حضرت فضہؓ کام کرتیں۔ اگلے روز خود کام کرتیں۔

س30 حضرت فاطمہؑ کا جہاد کس نوعیت کا تھا؟

ج حضورؐ کے زخموں کو صاف کیا۔ علیؑ کی تلوار صاف کرتیں۔ مباہلہ کے میدان میں روحانی فتح حاصل کی۔

س31 حضرت فاطمہؑ نے فدک کی گواہی کیلئے کن کو پیش کیا؟

ج حضرت علیؑ۔ حضرت حسنؑ۔ حضرت حسینؑ۔ ام ایمنؓ، اور رباح کو۔

س32 حضرت فاطمہؑ نے اپنے مصائب کا اظہار کن لفظوں میں کیا؟

ج ابا جان! آپؐ کے بعد مجھ پر ایسی مصیبتیں پڑیں اگر دنوں پر پڑتیں تو مثل شب کے ہو جاتے۔

س33 سب سے پہلے کس کی میت تابوت میں رکھی گئی؟

ج حضرت فاطمہؑ کی۔

س34 حضرت فاطمہؑ روز محشر کس طرح میدان محشر میں داخل ہونگیں؟

ج حضورؐ نے فرمایا۔ اونٹ پر سوار ہونگیں۔ پیشانی سے نور خدا ساطع ہوتا ہوگا۔ سر جھکا ہوگا۔ جبرئیلؑ و میکائیلؑ دائیں بائیں ہونگے۔ حضرت علیؑ سواری کے آگے اور حسنینؑ پیچھے ہونگے۔

س35 بتولؑ کی میدان میں آمد پر اللہ کیا آواز دے گا؟

ج لوگو! آنکھیں بند کر کے سروں کو جھکالو۔ تمہارے رسولؐ کی بیٹی۔ تمہارے امام علیؑ کی زوجہ اور حسنینؑ کی والدہ آرہی ہیں۔

س36 حضرت فاطمہؑ اللہ سے کیا چاہیں گیں؟

ج محبان آل محمدؐ کو آتش جہنم سے محفوظ رکھا جائے

س37 کیا اللہ اس درخواستِ فاطمہؑ کو قبول کرے گا؟

ج جی ہاں۔

س38 حضورؐ سفر پر آتے جاتے کس سے پہلے ملتے؟

ج حضرت فاطمہؑ سے

س39 کس مستور نے رحلت رسولؐ کے بعد بلالؓ سے اذان دینے کا کہا؟

ج حضرت فاطمہؑ نے

س40 حضرت علیؑ نے حضرت فاطمہؑ کیلیے اپنے باپ پر رونے کیلیے کیا انتظام کیا۔

ج جنت البقیع میں بیت الحزن بنا دیا۔

س41 حضورؐ کی رحلت کے بعد حضرت فاطمہؑ کتنے روز زندہ رہیں؟

ج 75 روز تک

س42 حضرت فاطمہؑ کی کتنی قبریں بنائی گئیں؟

ج سات

س43 حضرت فاطمہؑ کی سات قبریں کیوں بنائی گئیں؟

ج تا کہ اصل قبر کا پتہ نہ چل سکے۔

س44 قرآن کے چند مقام بتائیں جہاں حضرت فاطمہؑ کی فضیلت بیان کی گئی۔

ج آیہ مباہلہ، آیہ مودت، سورۂ کوثر، سورہ دہر، آیہ تطہیر۔

س45 جناب سیدہؑ کے چند اقوال بتائیں؟

ج (۱) اللہ نے نماز کو تمہارے لیے تکبر سے دوری قرار دیا

(۲) اللہ نے تمہاری روح کی پاکیزگی اور رزق کی زیادتی کیلئے زکات قرار دی ہے۔

(۳) خدا نے تمہارے اخلاص کی استواری و برقراری کیلئے روزہ قرار دیا۔

(۴) اللہ نے والدین کے ساتھ نیکی کرنے کو اپنی ناراضگی کیلئے ڈھال قرار دیا ہے

(۵) اللہ نے صلہ رحم کو سبب بلندی و طول عمر قرار دیا ہے۔

# (۳) امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام

س 1 حضرت علیؑ کے جد اعلیٰ کون تھے؟

ج حضرت ابراہیم علیہ اسلام

س 2 حضرت علیؑ کے والد ماجد کا نام بتائیں؟

ج حضرت ابو طالبؑ

س 3 حضرت علیؑ کی والدہ ماجدہ کا نام بتائیں؟

ج حضرت فاطمہؑ بنت اسد

س 4 حضرت علیؑ کی ولادت کس جگہ ہوئی؟

ج بیت اللہ یعنی کعبہ میں اسی لیے آپ کو مولود کعبہ کہا جاتا ہے۔

س 5 حضرت علیؑ سے پہلے یا بعد میں کس کو یہ شرف ملا؟

ج تاریخ میں ایسا کوئی واقعہ درج نہیں ہے۔

س 6 جب حضرت فاطمہؑ بنت اسد ولادت کے وقت کعبہ کے پاس گئیں تو آپ نے کیا فرمایا؟

ج اے میرے رب میں تجھ پر اور ترے نبیوں پر اور تیری نازل کی ہوئی کتابوں پر ایمان رکھتی ہوں تو اس باعزت گھر اس کے معمار اور اس مولود کے صدقے جو میرے شکم میں ہے میری مشکل حل کر اور اسکی ولادت میرے لیے آسان کردے مجھے یقین ہے کہ یہ مولود تیرے جلال وعظمت کی ایک روشن نشانی ہے۔

س 7 حضرت فاطمہؑ بنت اسد کتنے روز بیت اللہ میں رہیں؟

ج تیں روز

س8 حضورؐ جب کعبہ میں تشریف لائے تو حضرت فاطمہؑ بنت اسد نے حضرت علیؑ کے متعلق کیا کہا۔

ج نہ اس بچے نے آنکھیں کھولی ہیں نہ دودھ پیا ہے اور نہ رویا ہے۔

س9 حضورؐ نے اس وقت کیا عمل کیا؟

ج حضورؐ نے حضرت علی کو گود میں لے لیا۔ علیؑ نے آنکھیں کھولکر حضورؐ کی زیارت کی۔ پھر حضورؐ نے اپنی زبان علیؑ کے منہ میں دے دی۔ علیؑ نے جی بھر کر زبان کو چوسا۔ پھر حضرت علیؑ نے کلام الٰہی حضورؐ کو سنایا۔

س10 حضرت علیؑ کی پرورش کا ذمہ کس نے لیا؟

ج حضورؐ نے

س11 بچپن میں حضرت علیؑ حضورؐ کی کیا خدمت کرتے رہے؟

ج حضورؐ کو بچوں کے شر سے بچاتے رہے۔

س12 حضرت علیؑ کب پیدا ہوئے؟

ج 13 رجب المرجب ۳۰ عام الفیل بروز جمعہ

س13 حضرت علیؑ کے کتنے بہن بھائی تھے۔

ج 3 بھائی اور 3 بہنیں

س14 حضرت علیؑ کے بہن بھائیوں کے نام بتائیں؟

ج طالب۔ عقیل۔ جعفر۔ ریطہ۔ جمانہ۔ فاختہ

س15 حضرت علیؑ کی کس بہن کو ام ہانی کہتے تھے؟

ج فاختہ کو

س16 فاطمہؑ بنت اسد کی فضیلت بیان کریں؟

ج آپ سابق الاسلام تھیں۔ حضورؐ کے ساتھ ہجرت کی۔ محمدؐ اور علیؑ کی پرورش کی۔ جعفرؓ طیار اور علیؑ جیسے شہید بیٹے اسلام کی راہ میں دیئے۔ حضورؐ آپکو ماں کہتے تھے۔ حضورؐ نے کفن میں اپنی قمیض دی اور خود قبر میں لیٹے۔ تلقین بھی حضورؐ نے سنائی۔

س17 حضرت ابوطالبؑ حضورؐ سے کتنے بڑے تھے؟

ج 35 برس

س18 حضرت ابوطالبؑ نے حضورؐ کا خطبہ نکاح کیسے پڑھا۔

ج الحمد اللہ الذی سے شروع کیا۔ ذریت ابراہیمؑ ہونے کا ذکر کیا۔ کعبہ کی نگہبانی و پاسبانی حج کا تذکرہ تھا اپنی حاکمیت کا ذکر تھا۔ حضورؐ کے فضائل بیان کئے۔ علاوہ ازیں فرمایا خدا کی قسم ان کا مستقبل عظمت بکنارر اور ان سے عظیم خیر کا ظہور ہوگا۔

س19 حضرت خدیجہؑ اور حضرت ابوطالبؑ کی وفات میں کتنا فاصلہ ہے؟

ج ایک ماہ اور پانچ دن بعد حضرت خدیجہؑ نے وفات پائی۔

س20 حضرت خدیجہؑ اور حضرت ابوطالبؑ نے اسلام کی خدمت کیسے کی؟

ج حضرت خدیجہؑ کا مال اور خلوص حضرت ابوطالبؑ کی اولاد اور شجاعت اسلام کے کام آئی۔

س21 دعوت ذی العشیرہ کا کس نے اہتمام کیا؟

ج حضرت علیؑ نے

س22 حضورؐ نے شب ہجرت کس کو اپنے بستر پر سلایا؟

ج حضرت علیؑ کو

س23 اللہ نے ملاء اعلیٰ میں اس جانثاری علیؑ کی کیسے تعریف کی؟

ج فرشتوں میں فخر کیا۔ جبریلؑ و میکائیلؑ کو حفاظت کیلئے بھیجا اور آیہ من یشری نازل
کی اللہ نے علیؑ کی جان کو اپنی مرضات کے عوض خرید لیا۔

س 24 حضرت علیؑ مکہ سے ہجرت کے بعد کس مقام پر حضورؐ سے آملے؟

ج قبا کے مقام پر

س 25 حضورؐ نے مواخات کے عمل میں حضرت علیؑ کو کس کا بھائی بنایا؟

ج حضورؐ نے حضرت علیؑ کو اپنا بھائی بنایا۔

س 26 مواخات کے وقت حضورؐ نے حضرت علیؑ کے متعلق کیا فرمایا؟

ج یا علی انت اخی فی الدنیا والاخرہ (اے علیؑ آپ دنیا و آخرت میں میرے بھائی ہیں

س 27 ۲ھ میں جو اہم امور سامنے آئے ان کا ذکر کریں؟

ج 15 رجب ۲ھ کو حضرت فاطمہؑ کی شادی حضرت علیؑ سے ہوئی۔
اسی سال غزوہ بدر ہوا۔ حضور نے اسی برس حضرت علیؑ کو ابوتراب کا لقب دیا۔
تحویل کعبہ بھی ماہ شعبان ۲ھ میں ہوا۔

س 28 حضرت علیؑ اور حضرت فاطمہؑ کی کیا اولادیں تھیں؟

ج امام حسنؑ، امام حسینؑ، حضرت محسنؑ شہید، حضرت زینبؑ، حضرت ام کلثوم

س 29 حضرت علیؑ نے دوسری شادی کس خاتون سے کی۔

ج حضرت ام البنین سے۔ ان کا نام بھی فاطمہ تھا۔

س 30 حضرت علیؑ کی کل کتنی اولادیں تھیں؟

ج 28 بیٹے اور بیٹیاں

س 31 غزوہ احد کب ہوا؟

ج ۳ھ کو

س32 حضرت حمزہؓ کس غزوہ میں شہید ہوئے؟

ج غزوہ اُحد میں

س33 کس صحابی کو فرشتوں نے غسل دیا؟

ج حضرت حنظلہؓ کو

س34 حضرت علیؑ کی شجاعت و بہادری پر انہیں اللہ کی طرف سے کیا انعام ملا؟

ج لافتیٰ الا علی لاسیف الا ذوالفقار کا تمغہ اور ذوالفقار

س35 حضورؐ اور حضرت علیؑ کی تلواروں کو غزوہ احد کے بعد کس نے صاف کیا؟

ج حضرت فاطمہؑ نے

س36 غزوہ بدر میں حضرت علیؑ نے کتنے کافر قتل کیے؟

ج 35 کافر

س37 غزوہ اُحد میں حضرت علیؑ نے کتنے کافر قتل کیے؟

ج 12 کافر

س38 کیا نادِ علی غزوہ احد میں نازل ہوئی؟

ج جی ہاں

س39 غزوہ خندق میں حضرت علیؑ نے کیا کارنامے انجام دیئے؟

ج عمر بن عبدود اور اس کے دو ساتھیوں کو مارا۔

س40 حضورؐ نے حضرت علیؑ کو کن الفاظ کے ساتھ غزوہ خندق میں جہاد کیلئے بھیجا؟

ج آج کُل ایمان کُل کفر کے مقابلے میں جا رہے ہیں۔

س41 جب حضرت علیؑ نے عمر بن عبدود کو فی النار کیا تو حضورؐ نے کیا فرمایا؟

ج علیؑ کی یوم خندق کی ضربت ثقلین کی عبادت سے افضل ہے۔

س42 خندق کھودنے کا مشورہ کس صحابی نے دیا تھا؟

ج حضرت سلمان فارسیؓ نے۔

س43 غزوہ خندق میں حضورؐ کی کتنی فوج تھی؟ اور کفار کی کتنی فوج تھی؟

ج حضورؐ کی فوج تین ہزار تھی اور کفار دس ہزار تھے۔

س44 غزوہ خندق کے دوران قلعہ فارع کا چکر کاٹنے والے یہودی کو کس نے قتل کیا؟

ج حضرت صفیہؓ بنت عبدالمطلبؓ نے

س45 غزوہ خندق میں دشمن کی افواج کے متعلق خفیہ طریقے سے کس نے حضورؐ کو بتایا؟

ج حضرت حذیفہؓ بن یمان نے

س46 غزوہ بنی قریضہ میں حضورؐ نے علم کسے عطا کیا؟

ج حضرت علیؓ کو

س47 بنی قریضہ کا محاصرہ کتنی دیر جاری رہا؟

ج ایک ماہ پچیس دن

س48 حضرت جبریلؑ بنی قریضہ کو مرعوب کرنے کیلئے کس صحابی کی شکل میں آئے؟

ج دحیہؓ کلبی کی شکل میں۔

س49 حضرت سعد بن معاذ نے بنی قریضہ کے سلسلے میں کیا فیصلہ سنایا؟

ج مردوں کو قتل کرنے ان کی املاک کو تقسیم کرنے اور ان کے بیوی بچوں کو غلام بنا لینے کا فیصلہ سنایا۔

س50 بنی قریضہ کے کتنے مرد قتل کیے گئے؟

ج چھ سو سے نو سو تک۔

س51 صلح حدیبیہ کب ہوئی اور معاہدہ کس نے لکھا؟

ج ۶ ھ کو صلح ہوئی اور معاہدہ حضرت علیؑ نے لکھا۔

س52 غزوہ خیبر کب ہوا؟

ج ۷ ھ کو۔

س53 حضورؐ نے یہ اعلان کس کے متعلق کیا تھا میں کل علم ایسے مرد کو دونگا جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے اور اللہ اور رسولؐ سے محبت کرتے ہیں۔؟

ج حضرت علیؑ کے متعلق

س54 غزوہ خیبر میں حضرت علیؑ کے رجز کے چند الفاظ بتائیں؟

ج میں وہ ہوں کہ میری ماں نے میرا نام حیدر رکھا ہے میں نہایت تند خو اور بہادر شیر نیستاں ہوں۔

س55 فاتح خیبر کن کا لقب ہے؟

ج حضرت علیؑ کا۔

س56 صفیہؓ بنت حی بن اخطب زوجہ رسولؐ کس غزوہ میں کنیز بن کر آئیں؟

ج غزوہ خیبر میں

س57 جویریہؓ زوجہ رسولؐ کس غزوہ میں کنیز بنکر آئیں؟

ج غزوہ بنی مصطلق میں۔

س58 ماریہ قبطیہ زوجہ رسولؐ والدہ حضرت ابراہیمؑ کو کس نے حضورؐ کو عطا کیا؟

ج مقوقس بادشاہ اسکندریہ نے۔

س59 اہل فدک نے کس غزوہ کے بعد حضورؐ سے معاہدہ کیا؟

ج غزوہ خیبر کے بعد

س60 اہل فدک سے معاہدے کے بعد حضورؐ کے حصے میں کیا آیا؟

ج فدک محض رسول اللہؐ کا خاصہ ہوا۔

س61 سریہ موتہ کب ہوا اور حضرت علیؑ کے کونسے بھائی اس سریے میں شہید ہوئے؟

ج ۸ھ کو یہ جنگ لڑی گئی۔ حضرت جعفرؑ طیار شہید ہوئے۔

س62 فتح مکہ کب ہوئی۔ کعبہ میں رکھے ہوئے بت کس نے حضورؐ کے کندھوں پر سوار ہو کر توڑے۔

ج ۸ھ میں فتح مکہ ہوئی اور حضرت علیؑ نے بت توڑے۔

س63 غزوہ حنین کب ہوا؟ مسلمانوں کی کتنی تعداد تھی۔

۸ھ میں 10 ہزار

س64 غزوہ حنین میں حضرت علیؑ کی خدمات پر مختصراً روشنی ڈالیں؟

ج غزوہ حنین میں حضرت علیؑ نے 40 کافر قتل کیے۔

س65 غزوہ تبوک کب ہوا۔ اور حضرت علیؑ کو مدینے میں چھوڑتے وقت حضورؐ نے کیا فرمایا؟

ج یہ غزوہ ۹ھ میں ہوا۔ حضورؐ نے فرمایا۔

"اے علیؑ کیا تم اس بات پر راضی نہیں ہو کہ تمہیں میرے ساتھ وہی نسبت ہے جو ہارونؑ کو موسیٰؑ کے ساتھ تھی اگرچہ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

س66 آخری حج سے واپسی پر حضورؐ نے غدیر خم پر کیا اعلان فرمایا؟

ج جس کا میں مولا ہوں اس کے علیؑ مولا ہیں۔ حضرت علیؑ کی دستار بندی ہوئی اور مبارک سلامت ہوئی۔

س67 حضورؐ کی وفات کے وقت آپؐ کا سر کن کی گود میں تھا؟

ج حضرت علیؑ کی گود میں تھا۔

س68 حضرت علیؑ کو ظاہری طور پر کب خلیفہ بنایا گیا؟

ج ۳۵ھ میں مدینہ منورہ میں حضرت علیؑ کے ہاتھ پر بیعت کی گئی۔

س69 حضرت ام سلمہؓ نے اپنے کس بیٹے کو حضرت علیؑ کو دیا کہ یہ آپ کے ساتھ تمام جنگوں میں شریک ہوگا۔

ج عمرؓ یہ آخر دم تک حضرت علیؑ کے ساتھ رہے اور انہیں بحرین کا عامل بھی بنایا گیا۔

س70 کس جنگ میں صلح کیلئے ایک جوان قرآن اٹھا کر فوج مخالف کے سامنے آ گیا؟

ج جنگ جمل میں مسلم مجاشعی

س71 جنگ جمل میں پہلا شہید کون تھا؟

ج یہی جوان جو قرآن اٹھا کر لے گیا تھا۔

س72 جنگ جمل میں علم محمد حنفیہ سے کس نے واپس لیا۔

ج حضرت علیؑ نے

س73 حضرت علیؑ بصرہ مین کتنے روز رہے؟

ج 3 روز

س74 حضرت علیؑ نے مختلف صوبوں کے گورنر کن کو بنایا؟

ج شام کا گورنر سہیل کو۔ عبداللہ کو یمن کا۔ سعید کو بحرین کا۔ سماعہ کو تہامہ کا۔ عون کو یمامہ کا۔ قیس کو مصر۔ عثمان بن حنیف کو بصرہ۔ عمار کو کوفے کا اور قثم کو مکہ کا گورنر بنایا۔

س75 جنگ جمل میں حضرت علیؑ کی فوج نے کتنے لوگوں کو مارا؟

ج 13 ہزار

س76 جنگ صفین میں علیؑ کی فوج میں کتنے سپاہی تھے؟

ج نوے ہزار

س77 جنگ صفین میں مخالف فوج کی کتنی تعداد تھی؟

ج ایک لاکھ بیس ہزار

س78 جنگ صفین میں کون کون مشہور صحابی شہید ہوئے؟

ج حضرت عمارؓ یاسرؓ، اویسؓ قرنی

س79 جنگ صفین میں طرفین کے کتنے لوگ مارے گئے؟

ج چھتیس ہزار

س80 جنگ نہروان کن کے درمیان لڑی گئی؟

ج حضرت علیؑ اور خوارج کے مابین

س81 جنگ نہروان میں حضرت علیؑ کے کتنے سپاہی شہید ہوئے؟

ج 9افراد

س82 جنگ نہروان میں خوارج کے کتنے سپاہی مارے گئے؟

ج 3ہزار نوصد اکانوے

س83 جنگ نہروان میں کتنے خوارج بچ گئے؟

ج 9خوارج

س84 جنگ صفین میں لیلۃ الہریر کو علیؑ نے کتنے مخالف سپاہی مارے؟

ج نوصد (900)

س85 حضرت علیؑ پر مسجد کوفہ میں کس نے قاتلانہ حملہ کیا۔

ج عبدالرحمن ابن مُلجم نے

س86 حضرت علیؑ کی شہادت کب ہوئی؟

ج 21 رمضان ۴۰ھ کو

س 87 حضرت علیؑ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

ج امام حسن علیہ السلام نے

س 88 امام حسنؑ نے حضرت علیؑ کی نماز جنازہ میں کتنی تکبیریں کہیں؟

ج سات تکبیریں کہیں

س 89 عبدالرحمٰن ابن ملجم کا کیا انجام ہوا؟

ج اسے امام حسنؑ نے قتل کردیا۔

س 90 حضرت علیؑ کا روضہ مبارک کس شہر میں ہے۔

ج نجف اشرف (عراق) میں ہے

س 91 کس معصومؑ کا قول ہے کہ میں قرآن ناطق ہوں؟

ج حضرت علیؑ کا قول ہے۔

س 92 حدیث سفینہ کا ترجمہ سنائیں؟

ج میری اہل بیت کی مثال کشتی نوح کی مانند ہے جو اس میں سوار ہوگیا وہ نجات پاگیا۔ جس نے اس سے منہ موڑا وہ غرق ہوگیا۔

س 93 قرآن نے حضورؐ کو ذکر کہا ہے آل رسولؐ کون ہیں؟

ج آل رسولؐ اہل الذکر ہیں

س 94 من عرف نفسہ فقد عرف ربہ۔ کس معصومؑ کا ارشاد ہے؟

ج حضرت علیؑ کا ارشاد ہے

س 95 میں نے اپنے رب کو ارادوں کے ٹوٹنے سے پہچانا کس کا ارشاد ہے؟

ج حضرت علیؑ کا ارشاد ہے

س96 کس نے فرمایا اے علیؑ میں صاحب تنزیل ہوں اور آپ صاحب تاویل ہیں؟

ج حضورؐ نے فرمایا۔

س97 کس نے قرآن جمع کرنے کیلیے سوائے نماز کے عبا نہ اوڑھنے کی قسم کھائی تھی؟

ج ۔ حضرت علیؑ نے

س98 حضرت علیؑ کے ہاتھ کا لکھا ہوا 92 اوراق قرآن کا نسخہ کس مکتبے میں موجود ہے؟

ج مکتبہ رضویہ مشہد مقدس میں

س99 پہ 68 اوراق قرآن کا نسخہ حضرت علیؑ کہاں ہے؟

ج مکتبہ رضویہ مشہد مقدس میں

س100 حضرت علیؑ کا تحریر شدہ ۴۰ھ کا قرآن کا نسخہ کہاں ہے؟

ج مکتبہ نجف اشرف میں۔

س101 سبع مثانی حضرت علیؑ نے کس سورہ کو قرار دیا؟

ج سورہ الحمد کو

س102 حضرت علیؑ نے سورہ الحمد کی تفسیر کے متعلق کیا فرمایا؟

ج اگر اسکی تفسیر بیان کروں تو ستر اونٹ کا بار بن جائے۔

س103 حضرت علیؑ نے اللہ کے کیا معنی بیان کیے؟

ج اللہ سے مراد وہ معبود ہے جس کے بارے میں کائنات حیران و سرگرداں ہے۔

س104 حضرت علیؑ نے سورج کا محیط کتنا بیان کیا ہے۔

ج نوسو ضرب نوسو فرسخ =900x900=810000

س105 حضرت علیؑ نے چاند کا کتنا محیط بیان کیا۔

ج 40x40 فرسخ

س 106 حضرت علیؑ نے ستاروں میں آبادی کے متعلق کیا فرمایا

ج ان آسمانی ستاروں میں تمہارے شہروں کی مانند شہر ہیں۔ اور یہ شہر باہمی عمود نور سے منسلک ہیں

س 107 صحیفہ علویہ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں

ج یہ حضرت علیؑ کی دعاؤں کا مجموعہ ہے

س 108 چند دعاؤں کے نام بتائیں

ج یستشیر، مشلول، صباح، صنمی قریش، دعائے یمانی، دعائے کمیل،

س 109 صحیفہ علویہ کے مولف کا نام بتائیں

ج شیخ عبداللہ بن محمد صالح اخباری بحرانی سماہیجی

س 110 اردو زبان میں صحیفہ علویہ کا ترجمہ کس نے کیا

ج علامہ الحاج سید مرتضی صاحب فاضل لکھنوی نے

س 111 دیوان علیؑ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں

ج عربی میں دیوان موجود ہے۔ حاجی محمد ذکی نے 1971 ادب منزل پاکراچی سے چھاپا ہے۔ اس میں 477 موضوعات پر اشعار قلمبند کیے گئے ہیں، علم وحکمت کا بے پناہ خزانہ ہے۔

س 112 حضرت علیؑ نے سونا بنانے کا نسخہ اپنے کلام میں کیسے بیان فرمایا ہے

ج لے پارہ اور ابرک اور وہ شے جو بجلی سے مشابہ ہے۔ پس ملا اسکو ہوگا بادشاہ مشرق ومغرب کا۔

س 113 حضورؐ کے حلیہ کے متعلق حضرت نے کتنے شعر لکھے ہیں۔

ج 57 اشعار لکھے ہیں

س114 حضرت علیؑ نے علم وادب کے متعلق کیا فرمایا ہے؟

ج علم وادب کو بچپن میں حاصل کرنے کی مثال پتھر پر نقش کرنے کی ہے۔

س115 مفسرین نے کتنی آیات حضرت علیؑ کی شان میں گنوائی ہیں؟

ج 364 آیات

س116 قرانِ پر اعراب کس نے لگائے؟

ج حضرت علیؑ کے شاگرد ابوالاسود دئلی نے۔

س117 نہج البلاغہ کو کس نے تالیف کیا؟

ج سید شریف رضیؒ نے

س118 نہج البلاغہ کتنے حصوں میں تقسیم ہے

ج تین حصوں میں۔یعنی خطبات،خطوط اور کلماتِ حکمت۔

س119 نہج البلاغہ میں حضرت علیؑ کے خطبات خطوط اور کلماتِ حکمت کی کتنی تعداد ہے

ج خطبات 239،خطوط 79 کلماتِ حکمت 480

س120 نہج البلاغہ کب مرتب کی گئی اور کتنا عرصہ لگا۔

ج چوتھی صدی عیسوی کے اواخر میں مرتب ہوئی اور 20 برس صرف ہوئے

س121 اردو زبان میں نہج البلاغہ کا بہترین ترجمہ کونسا ہے۔

ج سرکار علامہ مفتی جعفر حسین صاحب کا ترجمہ

س122 غرر الحکم،درر الکلم کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں

ج یہ کتاب حضرت علیؑ کے مختصر کلمات پر مشتمل ہے یہ کلمات نہج البلاغہ میں نہیں ہیں اس کے مولف عبدالواحد تمیمی ہیں اس کتاب میں دس ہزار سے زائد کلمات قصار

حروف تہجی کی ترتیب سے ہیں

س123 نہج الاسرار کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں۔

ج نہج البلاغہ کے علاوہ خطبات امیر المومنینؑ کا مجموعہ ہے اس میں چالیس خطبات اسراری ارشادات، مفاہیم، مواعظہ، فضائل آل اطہار، قضایا، علائم راظہور ہیں

س124 حضرت علیؑ کے فرمان کے مطابق کونسی چیز ترقی کی راہ میں رکاوٹ ہے

ج زہد کا مخفی رکھنا۔

س125 حضرت علیؑ بہترین دولت مندی کسے قرار دیتے ہیں۔

ج تمناؤں کا ترک کرنا

س126 حضرت علیؑ علماء کی موت کو کیسا قرار دیتے ہیں۔

ج دین کے اندر شگاف قرار دیتے ہیں

س127 حضرت علیؑ کلام کی خوبی کسے کہتے ہیں

ج اختصار کو

س128 حضرت علیؑ کس چیز کو انسان کی مدد گردانتے ہیں۔

ج حلم کو

س129 بقول امیر المومنینؑ انسان کی سلامتی کس چیز میں ہے

ج زبان کی خاموشی میں

س130 حضرت علیؑ اعلیٰ ترین رتبہ کسے قرار دیتے ہیں

ج علم کے مرتبے کو

س131 حضرت علیؑ نے عبادت کی کتنی قسمیں بیان فرمائی ہیں

ج تین قسمیں۔ ۱) تاجرانہ یعنی نعمتوں اور جنت کی چاہت ہیں

۲) غلامانہ یعنی عذاب الہیٰ کے خوف ہیں

۳) اصل بندگی عجز اور معرفت قلب کے ساتھ ہے

س132 حضرت علیؑ خوش اخلاقی کے متعلق کیا فرماتے ہیں

ج بہترین نعمت

س133 حضرت علیؑ دل کی شفاء کسے قرار دیتے ہیں

ج قراءت قران کو

س134 حضورؐ کی نگاہ میں حب علیؑ، ذکر علیؑ، اور علیؑ کا چہرہ دیکھنا کیسا ہے

ج عبادت ہے

س135 محبت علیؑ کو؟ حضورؐ کیا قرار دیتے ہیں

ج ایمان کی نشانی قرار دیتے ہیں

س136 حضورؐ کے مطابق محبت علیؑ گناہوں سے کیا سلوک کرتی ہے

ج محبت علیؑ گناہوں کو کھا جاتی ہے جیسے خشک لکڑی کو آگ

س137 حضرت علیؑ نے اپنی ذات کے متعلق کیا دعویٰ کیا ہے

ج میں نقطہ بائے بسم اللہ ہوں

س138 آیہ نجویٰ کس کی شان میں نازل ہوئی۔ اس آیت پر کس نے عمل کیا

ج حضرت علیؑ کی شان میں نازل ہوئی صرف آپؑ ہی نے اس پر عمل کیا

س139 اللہ تعالیٰ نے اپنی مرضات کے بدلے میں حضرت علیؑ سے کیا خریدا۔

ج حضرت علیؑ کے نفس کو اللہ تعالیٰ نے خرید لیا

س 140 آیہ بلغ کب نازل ہوئی

ج جب حضورؐ آخری حج سے واپس آئے تو آیت نازل ہوئی۔

س 141 حضورؐ نے آیہ بلغ کے نزول پر کیا عمل کیا

ج آپ نے غدیر خم کے مقام پر اصحاب کو اکٹھا کیا، پالانوں کا منبر بنایا اور حضرت علیؑ کی ولایت کا اعلان فرمایا

س 142 حضرت علیؑ کی غدیر خم پر دستار بندی کے موقعہ پر کس نام کا عمامہ پہنایا گیا

ج سحاب نام کا عمامہ پہنایا گیا

س 143 غدیر خم کے اعلان کے بعد کونسی آیت نازل ہوئی۔

ج آیہ الیوم اکملت نازل ہوئی۔

س 144 حضرت علیؑ کو اللہ تعالیٰ اور رسولؐ نے کب نفس رسول قرار دیا

ج مباہلہ کے موقع پر

س 145 حضرت علیؑ اور ان کے خانوادے نے تین روز مسکین۔ یتیم اسیر کو کھانا کھلایا تو اللہ تعالیٰ نے کیا انعام دیا۔

ج سورہ دھر کی تیس آیات نازل کیں۔

س 146 اللہ تعالیٰ نے آل رسول کو کھانا کھلانے پر کیا کہا

ج اللہ تعالیٰ ان کی سعی پر مشکور ہے

س 147 اللہ تعالیٰ نے حضورؐ کو ڈرانے والے اور حضرت علیؑ کو ہادی قرار دیا آیت کا ترجمہ لکھیں؟

ج تحقیق آپ (منذر) اور ہر قوم کے لئے ایک ہادی ہوتا ہے

س 148 حضورؐ نے کس کو صراط مستقیم اور میزان قرار دیا ہے؟

ج حضرت علیؑ کو

س149 اللہ نے کس کی مودت کو قران میں اجر قرار دیا ہے۔

ج آل رسول کی مودت کو

س150 اللہ تعالیٰ نے کس آیت میں اہل بیت کو پاک وطاہر قرار دیا ہے

ج تحقیق اللہ تعالیٰ نے ارادہ کرلیا کہ اہل بیتؑ کو رجس سے دور رکھے اور ایسا پاک وطاہر رکھے جیسا پاک وطاہر رکھنے کا حق ہے۔

س151 نماز میں کن پر درود پڑھنا لازمی ہے۔

ج محمدؐ وآل محمدؐ پر

س152 آیہ درود کا ترجمہ لکھیں

ج بے شک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے نبی پر درود بھیجتے ہیں اے ایمان والو آپ بھی انؐ پر درود وسلام بھیجو۔

س153 حضرت علیؑ کے بزبان رسولؐ چند القابات لکھیں۔

ج عین اللہ، وجہ اللہ، لسان اللہ، ید اللہ، جنب اللہ، اسد اللہ، امیر المومنین، قائد الغر المحجلین، امام المتقین، افصح العرب، امام

س154 جنت میں حوروں کے ساتھ مومنین کے نکاح کون پڑھائیں گے۔

ج حضرت علیؑ۔

س155 امام شافعی کی رباعی بتائیں، جوانہوں نے حضرت علیؑ کی شان میں بیان کی

ج علی حبہ جنۃ قسیم النار والجنۃ
وصی مصطفےٰ حق امام الانس والجنۃ

س156 یہ شعر کس کا ہے ہے اسکی طبیعت میں تشیع بھی ذرا سا

تفصیلِ علیؑ ہم نے سنی اس کی زبانی

ج یہ شعر علامہ اقبال کا حضرت علیؑ کی شان میں ہے

س157 مسلمِ اوّل شہِ مرداں علیؑ عشق را سرمایہ ایمان علیؑ یہ شعر کس کا ہے

ج علامہ اقبال کا شعر ہے

س158 آیہ ولایت میں اللہ تعالیٰ نے کس کس کو ولی قرار دیا ہے

ج اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:۔ تحقیق ایک تمہارا ولی اللہ تعالیٰ اور اس کا رسولؐ اور وہ جو ایمان لائے نماز قائم کرتے ہیں اور حالت رکوع میں زکوۃ دیتے ہیں۔

س159 حالت رکوع میں کس نے زکوۃ دی

ج حضرت علی علیہ السلام نے

س160 سدابواب کے حکم آنے پر حضورؐ نے مسجد نبوی میں کس کس گھر کے دروازے کھلے رکھے

ج حضورؐ نے اپنا اور حضرت علیؑ کا دروازہ کھلا رکھا

س161 حضورؐ کے دور میں حضرت علیؑ نے کتنے معرکوں میں حصہ لیا

ج 71 معرکوں میں

س162 حدیث مدینہ کا ترجمہ سنائیں

ج میں علم کا شہر ہوں اور علیؑ اس کا دروازہ ہیں

س163 حدیث حکمت کا ترجمہ سنائیں

ج میں حکمت کا شہر ہوں اور علیؑ اسکا دروازہ ہیں۔

س164 حضورؐ نے حدیث نور میں کیا فرمایا ہے

ج میں اور علی ایک ہی نور سے ہیں

س165 حضرت علیؑ کے مدفن کی جگہ کا کس دور میں پتہ چلا؟

ج امام جعفر صادق علیہ السلام کے دور میں

س166 حضرت علیؑ کے نام کے ساتھ کرم اللہ وجہہ کیوں لکھتے ہیں؟

ج اس لئے کہ آپ نے کبھی بت پرستی نہیں کی

س167 حدیث پاک ہے یا علی انت وشیعک ھم الفائزون۔ ترجمہ بیان کریں؟

ج اے علیؑ آپ اور آپ کے شیعہ ہی کامیاب ہیں

س168 حضورؐ نے حضرت علیؑ کو کس کے مثل قرار دیا

ج مثل کعبہ، اور مثل قل ھو اللہ فرمایا ہے

س169 حضورؐ نے جنت کے سردار کن ہستیوں کو قرار دیا ہے

ج حضرت علیؑ، حضرت فاطمہؑ، حضرت حسنؑ اور حضرت حسینؑ کو

س170 یہ رباعی کس کی ہے شاعر کا نام بتائیں

قرآن جس کی شان میں رطب اللسان ہے
اور مرضی خدا کے عوض جسکی جان ہے
رتبہ شناسی اسکی کوئی غیر کیا کرے
وارث ہے وہ نبیؐ کا خدا کی زبان ہے

ج یہ رباعی کتاب ہذا کے مؤلف شفقت حسین نقوی کی ہے

س171 حضورؐ نے قرآن پاک اور حضرت علیؑ میں کیا ربط باہم بیان فرمایا ہے

ج قرآن علیؑ کے ساتھ ہے اور علیؑ قرآن کے ساتھ ہے

س172 حضورؐ نے حق اور علیؑ میں کیا ربط باہم فرمایا ہے؟

ج حق علیؑ کے ساتھ ہے اور علیؑ حق کے ساتھ ہے۔ یا اللہ حق کو ادھر پھیر دے جدھر علیؑ پھر جائے

س173 حضرت علیؑ کے سر پر جب ضرب لگی تو آپ نے کیا فرمایا؟

ج رب کعبہ کی قسم علیؑ کامیاب ہو گیا

س174 علامہ اقبال صبح کے وقت کس کی بارگاہ میں سپاس گذار ہوا کرتے تھے؟

ج حضرت علیؑ کی بارگاہ میں

س175 سپاس جناب امیرؑ کس کتاب میں ہے دو ایک اشعار لکھیں؟

ج باقیات اقبال کے صفحہ نمبر 192,193,194,195 پر درج ہے

علامہ فرماتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| ۱) اے محو ثنائے تو زباں ہا | اے یوسف کاواں جا نھا |
| ۲) اے باب مدینہ محبت | اے نوحِ سفینہ محبت |
| ۳) اے سرِ نبوت محمدؐ | اے وصف تو مدحت محمدؐ |
| ۴) از ہوشِ شدم مگر بہوشم | گوئی کہ نصیری خموشم |
| ۵) از جلوہ عام بے نیازم | سوزم، گریم، تپسم۔ گدازم |

اشعار کا ترجمہ:۔

-1 حضرت علیؑ کی مدح میں مومنین کی زبانیں محو ہیں۔
آپ حضرت یوسفؑ کی طرح گرانقدر ہیں۔

-2 اے مدینہ محبت کے باب اور اے محبت کی کشتی کے نوحؑ

-3 اے نبوت محمدؐ کے راز اور اے وہ جن کا وصف محمدؐ کی مدحت ہے۔

-4 میں ہوش میں ہوں مگر بے ہوش ہوں کہیے کہ میں خاموش نصیری ہوں۔

5- اب علی الاعلان میرا کام اپنے معشوق خاص علیؑ کے عشق میں جلنا۔ گریہ کرنا۔ تڑپنا اور پگھلنا ہے۔

س176 حضرت علیؑ کے علمی کارناموں کے متعلق بتائیں؟

ج 1) صحیفہ جامعہ 2) قران مجید۔ 3) مصحف فاطمہ۔ 4) کتاب التفسیر (اس میں ساٹھ سے زیادہ موضوعات کا ذکر ہے۔ 5) کتاب الجفر۔ 6) رسالہ اونٹ کی زکوۃ پر۔ 7) کتاب فی الدیات۔ 8) کتاب صفات النعم۔ 9) چارصد حکیمانہ اقوال۔ 10) رسالہ فی النحو۔ 11) احتجاج علی الیہود۔ 12) احتجاج علی النصاریٰ۔ 13) نوادر احتجاجات۔

س177 حضرت علیؑ نے آسمانوں کے نام کیا بیان فرمائے ہیں؟

ج (1) رفیع (2) فیدوم (3) الماردم (4) ارقلون (5)۔ ھیفھون 6) عروس (7) عجما۔

س178 حضرت علیؑ نے امراضِ قلب کے لئے کیا دعا تعلیم کی ہے

ج نماز فجر اور مغرب کے اول و آخر تین بار درود پاک پڑھیں اور درمیان میں یہ دعا پڑھیں

یَاحییُ یا قیوم یَالَاالِهَ اِلّا اَنتَ اِسئلک، اَن تحیئ قلبی

س179 حضرت علیؑ نے حصول بہشت کیلئے کونسی دعا تعلیم فرمائی۔

ج ہر نماز کے بعد اللھم صل علیٰ محمدٌ وآل محمدو اَجرني مِن النّار واد خلنی الجنته و زوجنی الحور العین

س180 حضرت علیؑ کو حنوط کس کافور سے کیا گیا۔

ج جو کافور حضرت جبرائیلؑ حضورؐ کے پاس لائے تھے آپؐ نے اس سے ایک حصہ

حضرت علیؑ کو دیا تھا۔

س181 حضرت علیؑ کے چند اقوال بتائیں

ج ۱) ہر شخص کی قدر و قیمت ان نیکیوں سے وابستہ ہے جنکو وہ انجام دیتا ہے

۲) جنت عمل سے حاصل ہوتی ہے امید سے نہیں

۳) تم میں سے کوئی اپنے گناہوں کے علاوہ کسی اور سے نہ ڈرے

۴) درس عبرت تو بہت ہیں لیکن عبرت حاصل کرنے والے بہت کم

س182 حضرت علیؑ نے خدا کے دیدار کے بارے میں کیا فرمایا ہے؟

ج میں نے جس کو نہ دیکھا ہو اس کی عبادت نہیں کی ہے۔ آنکھیں تو اسے نہیں دیکھ سکتیں۔ لیکن دل اسے دیکھ سکتے ہیں۔

# (۴) حضرت امام حسن علیہ السلام

س1 امام حسن علیہ السلام کب پیدا ہوئے؟

ج 3 ہجری پندرہ رمضان المبارک کو پیدا ہوئے

س2 امام حسن علیہ السلام کی ولادت سے کتنے روز بعد عقیقہ کیا گیا؟

ج چھ روز بعد

س3 امام حسن علیہ السلام کی کنیت کیا تھی؟

ج ابو محمد کنیت تھی

س4 امام حسنؑ کے مشہور القاب بیان کریں؟

ج طیب، سبط، سید زیادہ مشہور ہیں

س5 شہید ثالث قاضی نور اللہ شوستری نے کس امام کے متعلق فرمایا کہ وہ لوحِ محفوظ کا مطالعہ کرتے ہیں؟

ج امام حسنؑ کے متعلق

س6 امام حسنؑ کس کے مشابہ تھے؟

ج حضورؐ کے مشابہ تھے

س7 امام حسنؑ نے کل کتنی شادیاں کیں؟

ج نو شادیاں کیں۔

س8 امام حسنؑ کے والدین گرامی کے کیا اسماء مبارکہ تھے؟

ج حضرت علیؑ، حضرت فاطمہؑ

س9 امام حسن علیہ السلام کے نانا جان اور نانی جان کون تھے؟

ج حضرت محمد مصطفیٰ اور حضرت خدیجۃ الکبریٰ

س 10 امام حسن کی کل کتنی اولادیں تھیں؟

ج 8 بیٹے اور 7 بیٹیاں

س 11 امام حسن علیہ السلام کے کتنے بیٹے کربلا میں شہید ہوئے؟

ج 3 بیٹے

س 12 امام حسن علیہ السلام کا کونسا بیٹا کربلا میں زخمی ہوا؟

ج حضرت حسن مثنیٰ

س 13 حضرت حسن مثنیٰ کی شادی کن سے ہوئی؟

ج فاطمہ بنت حسینؑ سے

س 14 حضورؐ نے کس نواسے سے کہا صدقہ ہم پر حرام ہے؟

ج امام حسنؑ سے

س 15 امام حسن علیہ السلام کا عبرانی نام کیا تھا؟

ج شبرؑ۔

س 16 امام حسنؑ کے کانوں میں اذان و اقامت کس نے کہی؟

ج حضورؐ نے

س 17 امام حسنؑ کا نام کس نے رکھا؟

ج حضورؐ نے

س 18 امام حسن علیہ السلام کا اخلاق کیسا تھا؟

ج نرم دل، حلیم الطبع، نیک خو، پرہیزگار، باوقار، اور حامل خلق عظیم کے نواسے تھے

س 19 امام حسنؑ کی سخاوت کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

ج ایک شخص دعا میں اللہ تعالیٰ سے دس ہزار مانگ رہا تھا، امام حسنؑ گھر آئے اور اسے دس ہزار دیئے

س20 امام حسنؑ کی تربیت کن نفوس قدسیہ نے کی؟

ج حضورؐ نے، حضرت علیؑ اور حضرت فاطمہؑ نے

س21 حضورؐ حسنینؑ سے محبت کے سلسلے میں کیا فرماتے ہیں؟

ج جو مجھ سے محبت کرے اس پر لازم ہے کہ ان دونوں (حسنینؑ) سے محبت کرے

س22 حضرت امام حسنؑ کی بیعت کب ہوئی؟

ج 40ھ میں

س23 آپ کتنا عرصہ خلیفہ رہے؟

ج ایک برس

س24 امام حسنؑ نے کن سات جاندار کا ذکر کیا، جو ماں کے پیٹ سے پیدا نہیں ہوئے

ج آدمؑ، حواؑ، دنبہ ابراہیمؑ، ناقہ صالحؑ، اژدہائے موسیٰؑ، زاغ قابیل، پرندہ عیسیٰؑ

س25 حضرت علیؑ کے دور میں امام حسن علیہ السلام کن جنگوں میں علمدار لشکر رہے؟

ج جمل اور صفین میں

س26 کتنے لوگوں نے امام حسنؑ کی بیعت کی؟

ج چالیس ہزار نے

س27 امام حسنؑ نے امیر شام سے کب صلح کی؟

ج ربیع الاول یا جمادی الاول 41ھ میں

س28 امام حسنؑ کو ان کی کس بیوی نے زہر دیا؟

ج جعدہ بنت اشعث نے

س29 امام حسنؑ کے تابوت پر کتنے تیر پیوست ہوئے؟

ج 70 تیر پیوست ہوئے

س30 امام حسنؑ کا مرتبہ حضورؐ نے کیا بیان کیا؟

ج جنت کے جوانوں کا سردار فرمایا

س31 حضورؐ نے کن بچوں کو اپنی خوشبوئیں کہا؟

ج امام حسنؑ اور امام حسینؑ کو

س32 جعدہ بنت اشعث قاتلہ امام کا کیا انجام ہوا؟

ج امیر شام نے اس کے ہاتھ پاؤں باندھ کر دریائے نیل میں گرا دیا

س33 جعدہ بنت اشعث کو دریا میں گراتے وقت امیر شام نے کیا کہا؟

ج تو نے حسنؑ سے وفا نہیں کی یزید سے کیا وفا کرے گی

س34 امام حسن کی وفات کب ہوئی؟

ج 49ھ 28 صفر کو

س35 امام حسنؑ کہاں دفن کیے گئے؟

ج جنت البقیع میں

س36 مرض الموت میں امام حسنؑ نے امام حسینؑ سے کیا کہا؟

ج مجھے تین بار زہر دیا گیا۔ مگر اس مرتبہ سخت ہے

س37 امام حسنؑ کی وفات پر کتنے دن بنو ہاشم کی عورتوں نے نوحہ خوانی کی؟

ج ایک ماہ تک

س38 امام حسنؑ کی وفات پر مردوں نے کتنا عرصہ ماتمی لباس پہنا؟

ج ایک سال تک

س39 حضرت امام حسنؑ نے سخاوت کے متعلق کیا بیان فرمایا؟

ج تنگی اور آسانی میں خرچ کرنا

س40 امام حسنؑ نے کمینگی کے بارے میں کیا کہا؟

ج آدمی کا مال کو بچانا اور عزت کو خرچ کرنا

س41 امام حسن نے بزدلی کی کیا تعریف کی؟

ج جو دوست کے سامنے اکڑے اور دشمن کے سامنے سرنگوں ہو

س42 امام حسنؑ نے غنا کی کیا تعریف کی؟

ج اللہ کے دیئے ہوئے پر نفس کو رضا مند رکھنا

س43 امام حسنؑ نے حلم کی کیا تعریف کی؟

ج غصہ پی جانا، اور نفس کو قابو رکھنا

س44 آیہ مباہلہ میں ابناءنا کا مصداق کون ٹھہرے؟

ج امام حسنؑ اور امام حسینؑ

س45 چادر تطہیر کی زینت کون ہے؟

ج حضورؐ، حضرت علیؑ، حضرت فاطمہؑ، امام حسنؑ، حضرت امام حسینؑ، اور جبرائیلؑ

س46 آیہ مودت میں کیا امام حسنؑ شامل ہیں؟

ج جی ہاں آپ حضورؐ کے قربیٰ۔ عترت۔ آل۔ اہل بیتؑ ہیں

# (۵) حضرت امام حسین علیہ السلام

س1 حضرت امام حسینؑ کی ولادت کب ہوئی؟

ج 3 شعبان 6 ھ مدینہ منورہ میں۔

س2 حضرت امام حسینؑ کی پہلی غذا کیا تھی؟

ج حضورؐ نے اپنی زبان دیر تک چسائی

س3 حضرت امام حسینؑ کی کنیت کیا تھی؟

ج ابو عبداللہ

س4 حضرت امام حسینؑ کے القاب کیا تھے؟

ج سید، سبط، اصغر، شہید اکبر، اور سید الشہداء

س5 حضرت امام حسینؑ کی ولادت پر کس ملک مقرب نے مبارک باد دی؟

ج حضرت جبرائیلؑ امین نے

س6 کس فرشتے کو حضرت امام حسینؑ نے شفاء بخشی؟

ج فطرس کو

س7 حضورؐ نے کس بیٹے کو حسینؑ پر قربان کیا؟

ج حضرت ابراہیمؑ کو

س8 حضرت امام حسینؑ نے کس تاریخ کو مدینے سے ہجرت کی؟

ج 28 رجب المرجب 60 ھ کو

س9 حضرت امام حسینؑ کس تاریخ کو مکہ پہنچے؟

ج 3 شعبان 60 ھ کو

س10 حضرت امام حسینؑ کب مکہ سے روانہ ہوئے؟

ج 8ذی الحجہ 60ھ کو

س11 سب سے پہلے کس جرنیل نے امام حسینؑ کو راستے میں روکا؟

ج حر بن یزید ریاحی نے

س12 مکہ سے کوفہ جاتے ہوئے حضرت امام حسینؑ کو راستے میں کون ملا؟

ج فرزدق شاعر

س13 فرزدق نے کوفہ والوں کے متعلق کیا کہا؟

ج کوفہ والوں کے دل آپکے ساتھ اور تلواریں آپکے خلاف ہیں

س14 حضرت امام حسینؑ کربلا میں کب وارد ہوئے؟

ج 2 محرم الحرام 61ھ کو

س15 کس تاریخ کو حضرت امام حسینؑ پر پانی بند کیا گیا؟

ج 7 محرم الحرام کو

س16 10 محرم الحرام 61ھ کو کیا دن تھا؟

ج یوم جمعہ

س17 جنگ ملغوبہ سے کیا مراد ہے؟

ج یزید کے لشکر نے مل کر حملہ کیا۔ حضرت امام حسینؑ کے 50 مجاہد شہید ہوئے اسے جنگ ملغوبہ کہتے ہیں۔

س18 نماز ظہر کا ذکر حضرت امام حسینؑ سے کس نے کیا؟

ج ابوثمامہؓ صائدی نے

س19 حضرت امام حسینؑ کے بوڑھے صحابی کا نام بتائیں؟

ج حبیب ابن مظاہرؓ

س20 حضرت امام حسینؑ کے سب سے چھوٹے شہید کا نام بتائیں؟

ج حضرت امام حسینؑ کے بیٹے علی اصغرؑ

س21 حضرت امام حسینؑ کے کس بیٹے کی شکل حضورؐ سے ملتی تھی؟

ج حضرت علی اکبرؑ کی

س22 کربلا میں حضرت علی اکبرؑ اور عباسؑ کی کیا عمریں تھیں؟

ج 18 سال ,34 سال

س23 حضرت عباسؑ کے کتنے بھائی شہید ہوئے؟

ج تین بھائی

س24 حضرت علی اکبرؑ کو کس نے شہید کیا؟

ج حصین بن نمیر نے

س25 حضرت عباسؑ کی شہادت پر حضرت امام حسینؑ نے کیا کہا تھا؟

ج ہائے میری کمر ٹوٹ گئی

س26 حضرت امام حسینؑ نے جنگ کے لئے جاتے ہوئے کیسا لباس پہنا؟

ج امام حسینؑ نے پرانا لباس پہنا

س27 حضرت امام حسینؑ کو کس کے حکم پر شہید کیا گیا؟

ج یزید کے

س28 حضرت امام حسینؑ کا سر کس ملعون نے قلم کیا؟

ج شمر ذی الجوشن نے

س29 شہدائے کربلا کی لاشوں پر گھوڑے دوڑانے کا حکم کس نے دیا؟

ج عمر بن سعد نے

س30 کربلا میں کتنے بنو ہاشم شہید ہوئے؟

ج اٹھارہ (18)

س31 اسیران کربلا کوفہ میں کتنے روز رکھے گئے؟

ج آٹھ روز

س32 شام میں اسیران کربلا کتنا عرصہ قید رہے؟

ج ایک برس تک

س33 اسیران کربلا رہائی کے بعد کربلا کب آئے؟

ج 20 صفر 62ھ کو

س34 اسیران کربلا رہائی کے بعد مدینہ کب آئے؟

ج آٹھ ربیع الاول 62ھ کو

س35 قبر حسینؑ پر پہلی عمارت کس نے بنائی؟

ج مختار ثقفیؒ نے

س36 قبر حسینؑ پر پہلی عمارت کس سال بنی؟

ج 65ھ کو

س37 مختار کے حکم سے کس نے عمارت قبر حسینؑ پر بنوائی؟

ج محمد بن ابراہیم اشترؒ نے

س38 قاتلانِ حضرت امام حسینؑ سے کس نے بدلہ لیا؟

ج مختار ثقفیؒ نے

س39 یزید نے اپنے دورِ حکومت میں مکہ اور مدینہ میں کیا کیا؟

ج دونوں شہروں میں ظلم کیا

س40 حضرت امام حسینؑ کا سر کہاں دفن ہے؟

ج کربلا میں

س41 مختارؓ کو حرملا کی گرفتاری کی خبر کہاں ملی؟

ج مقام کناسہ پر

س42 مختارؓ نے اسے کیا سزا دی؟

ج پہلے اس کے ہاتھ پاؤں کاٹے پھر آگ میں جلا دیا

س43 عبیداللہ بن زیاد کو کس نے شکست دی؟

ج ابراہیمؒ بن مالک اشترؓ نے

س44 ابن زیاد کو کس نے قتل کیا؟

ج مختار ثقفیؓ نے

س45 مختارؓ نے اشقائے کربلا کے سر کس کے پاس بھیجے؟

ج مختارؓ نے حضرت محمد حنیفؓ کے پاس بھیجے

س46 سانپ کس یزیدی کی ناک وکان سے گزرا؟

ج ابن زیاد کی ناک وکان سے گزرا

س47 عمر بن سعد کو کس شہر میں مختارؓ نے قتل کروایا؟

ج کوفہ میں

س48 خولی کو کہاں قتل کروایا؟

ج کوفہ میں اور لاش جلائی گئی

س49 شمر ذی کو مختارؓ کے حکم سے کس نے گرفتار کیا؟

ج ابو عمرہؓ نے

س50 مختارؓ نے شمر سے کیا سلوک کیا؟

ج مختارؓ نے اسے قتل کر کے کھولتے تیل میں ڈال دیا

س51 امام علی زین العابدین کے پاس جب عمر سعد کا سر لایا گیا تو آپ نے کیا فرمایا؟

ج شکر ہے اس خدا کا جس نے میرے دشمنوں سے انتقام لیا۔ خدا مختار کو جزائے خیر دے۔

س52 اشقیائے فرات کس کی تالیف ہے؟

ج سید فیض الحسن موسوی انبالوی کی

س53 اشقیائے فرات کتاب میں تقریباً کتنے قاتلین حسینؑ کا تذکرہ ہے؟

ج تقریباً 250 قاتلانِ حسینؑ کا ذکر ہے

س54 توابین کی قیادت کس نے کی؟

ج سلیمان بن صردؓ نے کی

س55 توابین کیا آواز بلند کیا کرتے تھے؟

ج یالثارات الحسینؑ یعنی حسینؑ کا انتقام لینے والو دوڑو

س56 توابین نے کب کاروائی کی؟

ج 65ھ میں

س57 سلیمان بن صرد اور ان کے رفقاء کا کیا انجام ہوا۔؟

ج تقریباً سبھی شہید ہوئے۔ آخری جنگ عین الوردہ قرار دی جا سکتی ہے

س58 اعشیٰ ہمدانی نے توابین کے حق میں قصیدہ لکھا ان کے کسی شعر کا ترجمہ بتایئے؟

ج یہ لوگ یوں ہی نہیں قتل ہوئے یہ ایک ایسی جماعت کو برانگیختہ کر گئے ہیں جو

آفتاب کی حدت و نور کی سی تجلی رکھتی ہے۔

س59 چند توابین کے نام بتائیں؟

ج سلیمان بن صردؓ، مسیبؓ عبداللہ بن عوفؓ، ابوعزہؓ، عبیدہ مزنیؓ۔

س60 حضرت زینبؑ بنت علیؑ کی شادی کس سے ہوئی؟

ج حضرت عبداللہؓ بن جعفر طیارؓ انکے شوہر تھے

س61 حضرت امِ کلثومؑ بنت علی کے شوہر کا نام بتائیں؟

ج محمد بن جعفر طیارؓ

س62 حضرت زینبؑ کے کتنے بیٹے کربلا میں شہید ہوئے؟

ج دو بیٹے عون و محمد شہید ہوئے

س63 حضرت علیؑ کے کتنے بیٹے کربلا میں شہید ہوئے؟

ج چھ بیٹے علیؑ کے شہید ہوئے

س64 علی کی دو بیٹیوں زینبؑ و امِ کلثومؑ کے مدفن کہاں ہیں؟

ج دونوں شام مین دفن ہیں

س65 حضرت علیؑ کے چھ بیٹے جو کربلا مین شہید ہوئے ان کے اسماء گرامی لکھیں؟

ج حضرت امام حسینؑ، حضرت عباسؑ، عثمانؑ، جعفرؑ، عبداللہؑ، عبداللہؑ اصغر

س66 حضرت امام حسنؑ کے کتنے بیٹے کربلا میں شہید ہوئے؟

ج ابوبکرؑ، قاسمؑ اور عبداللہ

س67 حضرت عقیلؑ کے کتنے بیٹے کربلا میں شہید ہوئے؟

ج مسلمؑ، عبدالرحمنؑ، جعفرؑ

س68 حضرت امام حسینؑ کے کتنے بیٹے کربلا میں شہید ہوئے؟

ج دو بیٹے علی اکبرؑ، علی اصغرؑ

س69 حضرت مسلمؑ کے کتنے بیٹے شہید ہوئے؟

ج دو بیٹے عبداللہ، محمدؑ

س70 کتنے شہداء کی مائیں کربلا میں موجود تھیں؟

ج نو شہدا کی مائیں موجود تھیں

س71 کتنے نابالغ بچے کربلا میں شہید ہوئے؟

ج پانچ صاحبزادے۔ علی اصغر، عبداللہ بن حسنؑ، محمد بن ابی سعید، قاسم، عمرو بن جنادہ

س72 کتنے شہدا کے سر کاٹ کر امام حسینؑ کی طرف پھینکے گئے؟

ج تین شہدا، عبداللہؓ بن عمر، عمر بن جنادہ، عابش شاکریؓ

س73 کتنی عورتیں کربلا میں لڑنے کیلئے نکلیں؟

ج دو عورتیں، عبداللہ بن عمر کی والدہ، عمر بن جنادہؓ کی والدہ

س74 حضرت مسلم بن عقیلؑ کے کتنے صاحبزادے کوفہ میں شہید ہوئے؟

ج محمدؓ، ابراہیمؑ

س75 کربلا میں دیگر کتنے شہدا ہیں؟

ج تقریباً 96 دیگر شہدائے کربلا ہیں۔

# (۶) امام علی زین العابدینؑ علیہ السلام

س1 امام علی زین العابدینؑ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ج 15 جمادی اوّل ۳۸ ھ یوم جمعہ مدینے میں پیدا ہوئے۔

س2 امام چہارم کے والدین کے اسمائے گرامی بتائیں؟

ج حضرت امام حسینؑ والد ماجد اور حضرت شہر بانوؑ دختر یزدجرد والدہ ماجدہ تھیں۔

س3 حضرت شہر بانوؑ کب مدینے میں آئیں؟

ج حضرت علیؑ کے گورنر خراسان حریث ابن جابر، دو لڑکیاں شہر بانو اور گیہان بانو کو لائے یہ دونوں سگی بہنیں تھیں۔ حضرت علیؑ نے ان کی شادیاں بالترتیب امام حسینؑ اور محمد بن ابی بکر سے کر دیں۔

س4 امام چہارمؑ کی وضو کرتے وقت کیا حالت ہو جاتی تھی؟

ج آپ کے چہرے کا رنگ زرد ہو جاتا تھا۔

س5 امام چہارمؑ رات کو کتنی رکعتیں پڑھتے تھے؟

ج ایک ہزار رکعتیں۔

س6 واقعہ کربلا میں امام چہارمؑ کی کتنی عمر تھی؟

ج 22 برس

س7 شب عاشور امام حسینؑ نے جب اپنے جانثاروں سے خطاب کیا تو امام چہارمؑ کہاں تھے؟

ج امام چہارمؑ ان میں موجود تھے اور شب عاشور کے واقعات انہوں نے بیان کئے ہیں جو تاریخ کا حصہ ہیں۔

س8 امام حسینؑ کی شہادت کے بعد شمر ملعون نے کیا ظلم کرنا چاہا؟

ج شمر نے امام علیؑ زین العابدین کو بھی قتل کرنا چاہا۔ لیکن حمید بن مسلم نے اسے روک دیا۔

س9 امام چہارمؑ کو شہادت امام حسینؑ کے بعد کتنے دن کربلا میں رکھا گیا۔

ج دو روز تک پھر انہیں کوفہ لیجایا گیا۔

س10 امام علیؑ زین العابدین کو کس حالت میں شام روانہ کیا گیا؟

ج زنجیروں میں جکڑ کر گلے میں طوق ڈال کر روانہ کیا گیا۔

س11 امام علی زین العابدینؑ نے یزید سے کیا مطالبات کیے؟

(۱) میرے باپ اور اعزا کے سر مجھے دیئے جائیں تا کہ انہیں بدن سے ملحق کر کے دفن کیا جائے۔

(۲) مجھے معزنان مدینے جانے دے۔

(۳) روز جمعہ مجھے منبر پر خدا اور رسولؐ کی مدح کرنے کا موقعہ دیا جائے۔

س12 یزید نے ان مطالبات پر کس ردعمل کا اظہار کیا؟

ج یزید نے مطالبات منظور کر لیے

س13 امام چہارمؑ نے روز جمعہ کیسا خطبہ دیا اور سامعین پر کیا اثر ہوا؟

ج امام نے حمد و نعت پند و نصائح اور بھرپور اپنا تعارف پیش کیا۔ سامعین پر رقت طاری ہوگئی اور یزید نے خائف ہو کر اذان دلوادی۔ جب موذن اشھد ان محمد الرسول اللہ پر پہنچا تو امام نے روکا سر سے عمامہ اتارا اور یزید سے پوچھا یہ محمدؐ رسول میرے جد ہیں یا تیرے؟ ایسے کئی سوال کیے اپنا گریبان پھاڑ ڈالا۔

س14 امام علی زین العابدینؑ نے مدینے میں پہنچکر روضہ میں کیسے جذبات کا اظہار کیا؟

ج چند اشعار پڑھے جن کا مفہوم تھا۔ اے میرے جد میں فریاد لایا ہوں حسینؑ کو قتل کیا گیا۔ آپ کی نسل ضائع کی گئی۔ میں غمزدہ ہوں بیمار اور اسیر ہوں۔ میرا کوئی حامی وناصر نہیں۔

س15 حضرت امام علی زین العابدینؑ نماز کیلئے کھڑے ہوئے تو آپ کی کیا حالت ہوتی تھی؟

ج خوف خدا سے جسم میں لرزہ طاری ہو جاتا تھا؟

س16 زہری نے امام چہارمؑ کے متعلق کیسے خیالات کا اظہار کیا ہے؟

ج امام سے بڑھ کر عالم دین کوئی نہیں تھا۔ آپ پوشیدہ طور پر صدقہ دیتے تھے۔

س17 امام چہارمؑ کی غریب پروری کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

ج آپ حاجتمندوں کو رات کی تاریکی میں کھانا پہنچاتے تھے۔

س18 امام محمد باقرؑ نے اپنے والد محترم کی اذان کے متعلق کیا فرمایا ہے؟

ج امام محمد باقرؑ فرماتے ہیں کہ آپ حی الفلاح کے بعد حی علی خیر العمل بھی کہتے تھے۔

س19 مسلم بن عقبہ جس نے مدینہ کو تباہ کیا امام علی زین العابدین کو دیکھ کر تعظیم کیوں کرنے لگا؟

ج اس نے کہا میرے دل پر ان کا رعب طاری ہو گیا۔ اس لئے مجھے مجبوراً ان کی تعظیم کرنا پڑی

س20 امام چہارمؑ نے عمرو بن منہال کے سامنے حرملا بن کاہل اسدی کیلئے کیا بددعا کی؟

ج یا اللہ حرملا کو گرمی تیغ کا مزا چکھا۔ اسے آتش جہنم کا مزا چکھا

س21 جب مختار ثقفی نے حرملا کو قتل کر کے آگ میں جلایا اور منہال نے امام کی بددعا کا

ذکر کیا تو مختار نے کیا کہا؟

ج مختار نے گھوڑے سے اتر کر دو رکعت نماز پڑھی اور سجدہ شکر ادا کیا۔

س 22 عامل مدینہ نے عبدالملک کے حکم سے امام کو دوبارہ طوق و زنجیر پہنا کر قید کیا آپ کیسے رہا ہوئے؟

ج آپ معجزۃً رہا ہوئے اور عبدالملک سے آ کر کہا تم کیوں میرے پیچھے پڑے ہوئے ہو عبدالملک پر آپ کی ہیبت چھا گئی وہ آپ سے کچھ نہ کہہ سکا۔

س 23 ہشام کی موجودگی میں امام چہارمؑ جب حجر اسود کو بوسہ دینے آئے تو کیا صورت حال بنی؟

ج لوگوں نے احتراماً راستہ دیا امام نے بوسہ دیا ہشام نے آپ کو پہچاننے سے انکار کیا اور فرزدق نے آپ کی شان میں قصیدہ پڑھا۔

س 24 فرزدق پر قصیدہ سنانے کی پاداش میں کیا گذاری؟

ج ہشام نے انہیں بمقام عسفان میں قید کر دیا۔

س 25 امام علی زین العابدینؑ کی وفات کب اور کہاں ہوئی؟

ج آپ 25 محرم ۹۵ھ میں مدینہ میں فوت ہوئے اور جنت البقیع میں دفن ہوئے۔

س 26 آپؑ کی وفات کیسے ہوئی؟

ج امام چہارمؑ کو ولید بن عبدالملک نے زہر سے شہید کیا۔

س 27 واقعہ حرہ کب ہوا امام چہارمؑ اس وقت کہاں تھے؟

ج ۶۳ھ میں واقعہ حرا ہوا اور امام مدینے کے پاس ایک قریہ منبع میں تھے۔

س 28 امام چہارمؑ کی دعاؤں کے مجموعے کا کیا نام ہے اور اس میں کتنی دعائیں ہیں؟

ج صحیفہ کاملہ اس میں 54 دعائیں ہیں۔

س29 حضرت امام علی زین العابدینؑ کی کتنی اولادیں تھیں؟

ج آپ کے 11 بیٹے اور 4 بیٹیاں تھیں۔

س30 امام چہارمؑ کی کس زوجہ کے بطن سے امام محمد باقر پیدا ہوئے؟

ج فاطمہ بنت امام حسنؑ کے بطن سے امام پنجمؑ پیدا ہوئے؟

س31 امام علی زین العابدینؑ کے چند اقوال بتائیں؟

ج (۱) لوگوں سے بہت کم ضرورتوں کو طلب کرنا مالداری ہے

(۲) صالح افراد کے پاس بیٹھنا شائستگی کی دعوت دیتی ہے

(۳) خبردار بدکردار کی صحبت میں نہ رہنا کیونکہ وہ تم کو ایک لقمہ یا اس سے کم پر بیچ دیگا

(۴) برادر مومن کا برادر مومن کے چہرے کی طرف نظر کرنا اور اس سے محبت کرنا عبادت ہے

(۵) اگر لوگوں کو پتہ چل جائے کہ طلب علم میں کیا فوائد ہیں تو خون بہا اور دریا کی موجوں میں گھس کر بھی حاصل کریں۔

س32 امام چہارمؑ نے حضورؐ کے متعلق نعت لکھی چند اشعار کا مطلب بیان کریں؟

ج (۱) ترجمہ شعر:۔ اے بادصبا اگر تیرا گزر زمین حرم تک ہو تو میرا سلام اس روضہ کو پہنچا جس میں نبی محترم تشریف فرما ہیں

(۲) ترجمہ شعر:۔ وہ جن کا چہرہ انور مہر نیم روز ہے اور جن کے رخسار تاباں ماہ کامل جن کی ذات نور ہدایت ہے جن کی ہتھیلی سخاوت میں دریا

(۳) ترجمہ شعر:۔ اے رحمت عالم! زین العابدین کو سنبھالئے وہ ظالموں کے ہاتھوں میں گرفتار حیرانی اور پریشانی میں ہے۔

# (۷) حضرت امام محمد باقر علیہ السلام

س1 امام محمد باقر علیہ اسلام کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ج امام یکم رجب ۵۷ھ مدینہ میں پیدا ہوئے

س2 امام پنجمؑ کی کتنی عمر ہوئی؟

ج آپ کی عمر 57 برس ہوئی۔ چار برس امام حسینؑ 35 برس امام علیؑ زین العابدین بقایا 18 برس اپنی مدت امامت میں گزاری

س3 آپ کے والدین کون تھے؟

ج والد گرامی حضرت امام علی زین العابدینؑ تھے اور والدہ ماجدہ فاطمہؑ بنت امام حسنؑ تھیں۔

س4 دیوار گرنے کا واقعہ کیا ہے؟

ج امام پنجمؑ راوی ہیں کہ ان کی والدہ نے اپنے اوپر گری ہوئی دیوار کو حقِ مصطفےؐ کا واسطہ دیکر گرنے سے روک دیا۔

س5 امام محمد باقرؑ کے القاب بیان کریں؟

ج باقر، ہادی، امین، شاکر، شبیہ (اس لئے کہتے ھیں کہ آپ حضورؐ کے مشابہ تھے)

س6 امام پنجمؑ کا لقب باقر کیوں تھا؟

ج آپ نے علم کو شگافتہ کیا اس لیے باقر کہلائے۔

س7 جابر بن عبداللہؓ کو حضورؐ نے کیا پیغام دیا؟

ج فرمایا تم زندہ رہو گے حتی کہ میرے لڑکے حسینؑ کی اولاد میں سے ایک کو ملو گے جس کا نام باقرؑ ہے۔

س8 آپؑ کے اخلاق، عبادت کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

ج آپ کا حلم، عبادت، کثرت ذکر اللہ اور تسلیم لامر اللہ مثالی تھے۔ جو کثرت خیرات آپ کا شعار تھا۔

س9 آپ کا ایک بچہ بیمار ہو کر فوت ہوا آپ اس دوران کیسے رہے؟

ج جب تک بچہ بیمار رہا آپ بے چین رہے جب فوت ہو گیا۔ تو آپ کے چہرے پر آثار غم نہ تھے۔ فرمایا جب خدا کا حکم آجاتا ہے پھر ہماری خوشی اس میں ہوتی ہے جس میں خدا کی رضا۔

س10 امام محمد باقرؑ نے کتنی شادیاں کیں اور کتنی اولادیں تھیں؟

ج آپ نے چار شادیاں کیں آپ کی سات اولادیں تھیں ۔5 بیٹے 2 بیٹیاں

س11 امام پنجم کی بیویوں کے نام بتائیں؟

ج ام فروہ بنت قاسم بن محمد بن ابی بکر، ام حکیم بن اسد علاوہ ازیں دو کنزیں تھیں

س12 جمعہ کے روز صدقہ دینے کے متعلق آپ نے کیا فرمایا؟

ج امام ہر جمعہ کو صدقہ دیتے تھے اور فرماتے تھے کہ ثواب دوگنا ہوتا ہے۔

س13 امام علی زین العابدینؑ نے وقت آخر امام پنجمؑ کو کیا دیا؟

ج امام چہارمؑ نے وصیت کی اور ایک صندوق تبرکات کا امام پنجمؑ کو دیا۔ جس میں حضورؐ کا اسلحہ تبرکات اور چند صحیفے تھے۔

س14 امام محمد باقرؑ کے چند مشہور اصحاب کے نام لکھیں؟

ج حضرت جابر بن عبداللہ انصاری، ابو حمزہ ثمالیؒ، ابو بصیر لیث، ابو بصیر عبداللہ۔ ابو بصیر یحییٰؒ، زرارہ ابن اعینؒ، محمد بن مسلمؒ

س15 کربلا میں امام محمد باقرؑ کی کتنی عمر تھی؟

ج 4 برس تھی

س16 امام پنجم ؑ نے اپنی زندگی کن امور کے انجام دینے میں صرف کی؟

ج عوام الناس کو درس و تعلیم دینا۔ بھی لوگ آپ کے درس میں شامل ہوئے۔ جیسے زہری۔ اوزاعی۔ سفیان ثوری اور امام ابوحنیفہ ؒ

س17 مقام حرہ پر جنگ کا کیا نتیجہ نکلا؟

ج مسلم بن عقبہ نے اہل مدینہ کو قتل کیا۔ عبداللہ جعفر، جعفر بن محمد علی ابی طالب اور ایسے ہی دیگر نوے سے زیادہ بنو ہاشم قتل ہوئے۔ قریش۔ مہاجر، انصار قتل ہوئے۔ سات سو اشراف مدینہ اور 10 ہزار سے زائد عوام الناس قتل ہوئے۔ مسلم بن عقبہ کے ظلم کی بنا پر ایک ہزار ناجائز بچے پیدا ہوئے۔ امام علی زین العابدین ؑ واقعہ حرہ میں شامل نہیں ہوئے۔ بقیہ السیف نے یزید کی بیعت کر لی۔

س18 عمر بن عبدالعزیز نے فدک کس کو واپس کیا؟

ج امام محمد باقر کو

س19 ہشام نے امام پنجم ؑ سے پوچھا حساب کتاب کے دوران روز حشر لوگ کیا کھائیں گے؟

ج آپ نے فرمایا لوگوں کا حساب ایسے قطعہ پر ہوگا جہاں نہریں جاری ہونگیں لوگ وہاں کھائیں گے پیئیں گے۔

س20 ہشام نے امام محمد باقر ؑ سے تیر اندازی کا کہا تو آپ نے کیا مظاہرہ کیا؟

ج آپ نے نو تیر چلائے ہر تیر پہلے تیر کے پیکان میں پیوست ہوتا گیا۔

س21 نصرانی عالم نے امام پنجم سے پوچھا وہ کونسا وقت ہے جو دن رات میں شامل نہیں؟

ج امام نے فرمایا مابین صبح تا طلوع آفتاب

س22 نصرانی نے سوال کیا جنت کا میوہ کھانے سے کم نہیں ہوتا دنیا میں اسکی مثال دیں؟

ج امام پنجم نے فرمایا چراغ سے چراغ کا جلنا

س23 محمد ابن منکدر نے امام پنجم کو طلب رزق میں محنت کرنے پر اعتراض کیا اور کہا اگر اس حال میں موت آجائے تو؟

ج آپ نے فرمایا طلب رزق کرتے ہیں خدا کی عبادت کر رہا ہوں اپنے نفس کو دوسروں پر نہیں ڈال رہا۔

س24 طاؤس یمانی نے امام پنجم سے پوچھا دنیا کی چوتھائی آبادی کب فوت ہوئی تھی؟

ج امام نے فرمایا جب دنیا میں آدم حوا، ہابیل اور قابیل تھے۔ قابیل نے ہابیل کو قتل کر دیا۔

س25 طاؤس نے امام محمد باقرؑ سے پوچھا سب سے پہلا جھوٹ کون سا تھا۔

ج امام نے فرمایا جب شیطان نے کہا میں آدم سے بہتر ہوں

س26 طاؤس نے پوچھا وہ کون تھے جنہوں نے گواہی تو سچی دی لیکن پھر بھی گواہی دیتے وقت جھوٹے تھے؟

ج آپ نے فرمایا وہ منافق تھے جن کا ذکر سورہ منافقون میں آیا ہے جو گواہی دیتے ہیں کہ آپ رسولؐ ہیں خدا کہتا ہے واقعی آپ رسول ہیں لیکن منافق جھوٹے ہیں

س27 طاؤس نے امامؑ سے پوچھا وہ کونسی صلوٰۃ ہے جو بغیر وضو فرض ہے۔

ج امام پنجم نے فرمایا وہ صلوٰۃ علی النبی و آلہ ہے۔

س28 طاؤس نے امام پنجم سے پوچھا وہ کونسی چیز ہے جو بڑھتی اور گھٹتی ہے وہ کونسی چیز ہے جو بڑھتی ہے لیکن گھٹتی نہیں کونسی چیز ہے جو گھٹتی ہے لیکن بڑھتی نہیں؟

ج امام پنجم نے فرمایا پہلی چیز چاند ہے۔دوسری چیز سمندر ہے، تیسری چیز عمر ہے

س29 ایک جماعت نے امام محمد باقرؑ سے پوچھا سب سے بڑا گناہ کونسا ہے؟

ج آپ نے فرمایا۔شراب پینا،شرابی سے ہر طرح کے گناہ سرزد ہوتے ہیں

س30 امام پنجمؑ نے عقل کے متعلق کیا فرمایا؟

ج اللہ نے عقل کو پیدا کیا تو فرمایا میں نے کوئی شے پیدا نہیں کی جو عقل سے زیادہ مجھ کو محبوب ہو میں عقل کو انبیاء،اولیاء اور ان کے مثل لوگوں میں کامل کرتا ہوں۔

س31 امام محمد باقرؑ نے امت وسط اور شہید کسے قرار دیا ہے؟

ج امامؑ نے فرمایا وہ امت وسط اور شہید ہم ہیں

س32 امام پنجمؑ نے صادقین کن کو قرار دیا ہے؟

ج فرمایا وہ صادقین ہم ہیں جن کے ساتھ ہونے کا حکم خدا نے دیا ہے۔

س33 امام پنجمؑ نے نعمت ظاہرہ اور باطنہ کن کو قرار دیا؟

ج آپ نے فرمایا نعمت ظاہرہ رسولؐ خدا ہیں اور نعمت باطنہ سے ہماری ولایت مراد ہے۔

س34 امام پنجمؑ نے محسود اور جنب اللہ کن کو قرار دیا ہے؟

ج امامؑ نے محسود اور جنب اللہ کے متعلق فرمایا کہ وہ ہم ہیں

س35 ابوحمزہ ثمالی نے اعلیٰ علیین کے متعلق کیا روایت بیان کی؟

ج امام محمد باقرؑ نے فرمایا کہ اللہ نے ہمیں اعلیٰ علیین سے پیدا کیا۔

س36 امام محمد باقرؑ نے نماز زکوٰۃ روزہ جہاد صدقہ خیرات کے متعلق کیا فرمایا؟

ج امام نے فرمایا نماز اسلام کی جڑ ہے زکوٰۃ شاخ ہے جہاد اس کا مقام الفت ہے روزہ سپر ہے آتش جہنم سے صدقہ خیرات سے خطائیں دور ہوتی ہیں قیام شب

خدا کو یاد دلاتا ہے۔

س 37 امام محمد باقرؑ نے حسن ظن اللہ تعالیٰ سے رکھنے کے متعلق کیا فرمایا؟

ج فرمایا واللہ کوئی مومن دنیا و آخرت کی خیر نہیں پاتا لیکن اس خوش گمانی کیوجہ سے جو اس کو خدا تعالیٰ سے ہے خدا سے حسن ظن، رحمت کی امید، لوگوں سے حسن خلق، غیبت سے اجتناب یہ کامیابی کے گر ہیں۔

س 38 امام محمد باقرؑ نے شیعوں کی کیا علامتیں بیان کی ہیں؟

ج تواضع، انکساری، خشوع، ترک خیانت، کثرت ذکر اللہ۔ صوم۔ صلوٰۃ، والدین سے حسن سلوک، فقراء مساکین مقروض اور یتامیٰ سے نیکی، راست بازی، تلاوت قرآن غیبت سے اجتناب۔

س 39 امام پنجمؑ نے حیا اور ایمان کے متعلق کیا فرمایا؟

ج حیا اور ایمان دونوں ایک دوسرے کے ساتھ ہیں جب ایک چلا جاتا ہے تو دوسرا بھی چلا جاتا ہے۔

س 40 امام پنجمؑ کی حکیمانہ بات بیان کریں؟

ج خدا نے تین چیزوں کو تین چیزوں میں چھپا دیا ہے۔ یعنی رضا کو عبادت میں ، ناراضگی کو اپنی معصیت میں، اور اپنے دوستوں کو مخلوق میں بس مخلوق خدا میں کسی کو حقیر نہ جانو شاید وہی خدا کا دوست ہو۔

س 41 امام محمد باقرؑ کی تالیفات کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں۔

ج امام کی تالیفات کا ذکر کتابوں میں موجود ہے (۱) کتاب التفسیر (۲) رسالہ جو آپ نے سعد الخیر کو لکھا (۳) دوسرا رسالہ جو آپ نے سعد الخیر کو لکھا۔

س 42 وفات کے روز امام محمد باقرؑ کو کس نے بلایا؟

ج آپ نے فرمایا مجھے میرے والد نے دیوار کے پیچھے سے ندا دی ہے کہ اے محمد جلدی کرو ہمارے پاس آجاؤ۔

س43 امام پنجم نے اپنے کفن کے متعلق کیا وصیت کی؟

ج اچھے کپڑوں میں کفن دینا۔ عمدہ چادر اور عمدہ عمامہ دینا کیونکہ مردے اپنے کفنوں پر فخر کرتے ہیں۔

س44 امام پنجم کی وفات کب ہوئی اور کہاں دفن ہوئے؟

ج 7 ذی الحہ ۱۱۴ھ کو وفات ہوئی۔ بادشاہ وقت نے زہر دیا۔ مدینے میں بقیع میں دفن ہوئے۔

س45 محمد بن مسلم ثقفی نے کتنی احادیث امام محمد باقرؑ سے نقل کی ہیں؟

ج تیس ہزار احادیث

س46 امام پنجم نے ایمان و اسلام کی کیا تعریف بیان کی ہے؟

ج ایمان وہ ہے جو اندرون قلب میں قرار پکڑے اور اس کو خدا تک پہنچائے۔
اسلام وہ ہے جو محض ظاہری قول و فعل میں ہو جیسے کلمہ پڑھنا۔ نماز پڑھنا روزہ رکھنا وغیرہ

س47 امام پنجم نے ارکان ایمان کیا بیان فرماتے ہیں؟

ج (۱) توکل علی اللہ (۲) تفویض الامر الی اللہ (۳) رضا بقضاء اللہ (۴) تسلیم لامر اللہ

س48 امام پنجم کی وصیت بیان کریں؟

ج آپ نے اپنی وصیتوں میں یہ بھی فرمایا کہ 800 درھم میری عزاداری اور میرے ماتم پر صرف کرنا اور ایسا انتظام کرنا کہ دس سال تک منیٰ میں بزمانہ حج میری مظلومیت کا ماتم کیا جائے۔ میرے بندھائے کفن قبر میں کھول دینا اور میری قبر کو چار انگلی سے زیادہ اونچی نہ کرنا۔

# (۸) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام

س 1 چھٹے امامؑ کا اسمِ گرامی کیا ہے؟

ج امام جعفر صادق چھٹے امام ہیں۔

س 2 آپؑ کے والدین کے اسمائے مبارکہ بتائیں

ج والد امام محمد باقر علیہ اسلام والدہ ام فروہ بنت قاسمؒ بن محمدؒ بن ابی بکرؓ

س 3 چھٹے امامؑ کی کنیت کیا ہے؟

ج ابوعبداللہ

س 4 چھٹے امامؑ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ج 17 ربیع الاوّل ۸۳ھ کو مدینہ میں پیدا ہوئے۔

س 5 جعفر کے کیا معنی ہیں؟

ج جنت کی ایک نہر کا نام ہے چونکہ نہر سے فیض عام ہوتا ہے۔ اسی طرح امامؑ کے علم وفضل سے فیضان عام تھا۔

س 6 امام ابوحنیفہؒ کو کس کس امام کی شاگردی کا شرف حاصل ہے؟

ج امام محمد باقرؑ اور امام جعفر صادقؑ

س 7 امام جعفر صادقؑ کے القاب بتائیں؟

ج صادق۔ صابر۔ فاضل، طاہر

س 8 امام جعفر صادقؑ کی ازواج اور اولاد کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

ج آپ کی دو بیویاں اور تین کنیزیں تھیں۔ سات لڑکے اور تین لڑکیاں آپ کی اولاد تھی۔

س9 امام ششمؑ کے لڑکے۔لڑکیوں کے نام بتائیں؟

ج لڑکے:۔ اسماعیل،عبداللہ،موسیٰ کاظمؑ،اسحاق،محمد،عباس،علی

لڑکیاں:۔ام فروہ،اسماء،فاطمہ صغریٰ

س10 امام جعفر صادقؑ کے شاگرد اور راویان کی کیا تعداد تھی؟

ج تقریباً چار ہزار

س11 امام ششمؑ کے چند شاگردوں کے نام بتائیں؟

ج ابان بن تغلب،ابوحمزہ ثمالی،حمران بن اعین،زرارہ بن اعین،جابر بن حیان

س12 کتنے مصنفین نے امام جعفر صادقؑ کے بیان کردہ مسائل کو لکھا؟

ج چار صد مصنفین نے چار صد تصانیف مکمل کیں۔

س13 امام جعفر صادقؑ نے روح کے متعلق کیا فرمایا ہے؟

ج روح مثل ہوا کے متحرک ہے اور اس کا نام روح لفظ ریح سے مشتق ہے اور اس کا نام ریح پر اس وجہ سے رکھا گیا کہ ارواح ارقسم ہوا ہیں۔

س14 امام جعفر صادقؑ نے ایمان کے کتنے درجات بیان فرمائے ہیں وہ کیا کیا ہیں؟

ج امام نے سات درجات بیان فرمائے ہیں وہ ہیں نیکی،صدق،رضا،وفا،علم،حلم،یقین

س15 امام جعفر صادقؑ نے اساس اسلام کے متعلق کیا فرمایا ہے؟

ج امام فرماتے ہیں کہ حضورؐ نے فرمایا اسلام عریاں ہے اس کا لباس حیا ہے اسکی زینت وفا ہے اسکی مروت عمل صالح ہے اس کا رکن زہد ہے ہر شے کی ایک بنیاد ہوتی ہے اسکی بنیاد یعنی اساس ہم اہل بیت کی محبت ہے۔

س16 امام جعفر صادقؑ نے مسلم و مومن کی کیا تشریح فرمائیں ہیں؟

ج جس نے خدا کے دین کا اقرار زبان سے کیا وہ مسلم ہے اور جس نے خدا کے

اوامر ونواہی پر عمل بھی کیا وہ مومن ہے۔

س17 امام جعفر صادقؑ نے مفضل کو کیا تحریر کروایا؟

ج امام نے ایک کتاب لکھوائی جسمیں الٰہیات، طبیعیات علم الحیوانات نباتات فلکیات، طب، تشریح اجسام، سائنس اور سائنس کے مختلف علوم کے متعلق لکھوایا۔

س18 امام جعفر صادقؑ کے چند مولفات کے نام بتائیں؟

ج (۱) رسالہ عبداللہ ابن النجاشی، (۲) رسالہ مروی عن الاعمش (۳) حدیث مفضل (۴) کتاب الاہلیلجہ (۵) رسالۃ الی الصحابہ (۶) رسالہ بیان غنائم بسلسلہ وجوب خمس (۷) کلام در بیان محبت اہل بیتؑ (۸) کلام در خلق وترکیب انسان (۹) مختصر اقوال حکمت وآداب (۱۰) چند نسخہ جات وغیرہ (۱۱) نشر الدرر (۱۲) وصیت برائے عبداللہ۔ وصیت برائے ابی جعفر

س19 امام جعفر صادقؑ کی چند وصیتیں بتائیں؟

ج امام جعفر صادقؑ نے چند وصیتیں امام موسیٰ کاظمؑ سے کیں۔ جن میں سے چند بیان کی گئی ہیں (۱) وہ شخص مستغنی ہے جس نے اپنے مقدر پر راضی ہونے کا اظہار کیا جس نے اپنی نظریں دوسروں کی چیزوں پر دوڑائیں وہ فقیر مرے گا۔

(۲) جس نے دوسروں کی پردہ دری کی خود اس کے گھر کی چھپانے والی باتیں ظاہر ہو جائیں گی۔

(۳) جس نے اپنے بھائی کیلئے گڑھا کھودا خود اس میں گریگا۔

(۴) جو کمینوں اور احمقوں سے ملے گا خود حقیر ہو جائے گا۔

(۵) جو علماء سے محبت رکھے گا وہ باعزت ہو جائے گا۔

س20 ابو جعفر محمد بن نعمان سے کیا وصیت کی گئی؟

ج امام جعفر صادقؑ نے فرمایا۔ بندہ اس وقت تک مومن نہیں بنتا جب تک اس میں یہ تین سنتیں نہ ہوں۔

(۱) خدا کی سنت یعنی اسرار کو چھپانا

(۲) رسولؐ کی سنت یعنی لوگوں سے مدارات کرنا

(۳) امامؑ کی سنت یعنی سختی و مصیبت پر صبر کرنا

س21 امام جعفر صادقؑ نے وفات کے وقت قاطع رحم کے متعلق کیا فرمایا

ج امامؑ نے فرمایا جنت کی ہوا اور خوشبو قاطع رحم تک نہیں پہنچتی

س22 امام جعفر صادقؑ کی شہادت کب ہوئی؟

ج منصور نے زہر سے شہید کروایا۔ آپ 15 شوال ۱۴۸ھ 65 برس کی عمر میں شہید ہوئے۔

س23 امام جعفر صادقؑ نے قرآن پاک کے متعلق کیا فرمایا؟

ج خدا کی قسم قرآن کو اول سے آخر تک اس طرح جانتا ہوں گویا میرے ہاتھوں میں آسمان و زمین کی خبریں ہیں۔ ہم انبیاء و رسل کے علوم کے وارث ہیں۔

س24 قالین کے شیروں نے امام جعفر صادقؑ کا حکم کیسے تسلیم کیا؟

ج منصور کے جادوگروں کو کھا گئے۔

س25 امام جعفر صادقؑ کی اولاد سے فاطمی سادات نے کتنے برس حکومت کی؟

ج 170 برس یعنی 297ھ سے 567ھ تک

س26 فاطمی خلفا کی کتنی تعداد تھی؟

ج 14 خلفاء

س 27 مصر میں فاطمی حکومت کے دوران کس نے جامعہ ازہر کی بنیاد رکھی؟

ج جوہر صقلی نے۔

س 28 فاطمیوں کی سلطنت کو کس نے ختم کیا؟

ج صلاح الدین یوسف نے یہ چودھویں فاطمی خلیفہ کا وزیر تھا

س 29 امام جعفر صادقؑ نے تحریر لکھنے کا سلیقہ کیا بیان فرمایا؟

ج جب کچھ بھی لکھو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے شروع کرو۔ بسم اللہ میں س دندانے والے س سے لکھنا

س 30 محمد مسلم ثقفی نے کتنی احادیث امام جعفر صادقؑ سے اخذ کیں۔

ج سولہ ہزار احادیث اخذ کیں

س 31 امام جعفر صادقؑ نے معرفت اللہ۔ معرفت رسول اور معرفت اولی الامر کا کیا طریقہ بیان فرمایا ہے۔

ج (ا) حضرت علیؑ سے روایت کرتے ہیں کہ خدا کو خدا کے ذریعے پہنچانو۔ رسول کو اسکی رسالت کے ذریعے پہچانو اور اولی الامر کو تین امور سے پہچانو۔ امر بالمعروف، عدل اور احسان سے پہچانو

س 32 جابر بن حیان کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

ج جابر ۲۲۔ ۱۲۱ھ میں پیدا ہوا جابر کی پیدائش کے چند روز بعد ان کے والد حیان کو محب اہل بیتؑ ہونے کی پاداش میں قتل کیا گیا۔ جابر کوفے میں آ گیا امام جعفر صادقؑ کی شاگردی اختیار کی ایک بیماری کی صورت میں امام سے التماس دعا کی۔ صحت یاب ہوا۔ امام نے نسخہ بھی دیا۔ جابر بن حیان نے امام کی شاگردی کا ذکر کتاب البیان، کتاب اسطقس، کتاب الحجر اور کتاب اسطقس

ثانی میں کیا ہے۔

س33 امام جعفر صادق نے تحفظ کی جو دعا تعلیم فرمائی ہے بیان کریں؟

ج اللھم اجعلنی فی درعک الحصینہ التی تجعل فیھا من ترید

س34 امام جعفر صادقؑ کہاں دفن ہیں؟

ج مدینہ منورہ جنت البقیع میں دفن ہیں۔

# (۹) امام موسیٰ کاظم علیہ السلام

س1 امام موسیٰ کاظم کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ج 7 صفر 128ھ مقام الجرا (مکہ اور مدینہ کے درمیان) میں پیدا ہوئے

س2 ساتویں امامؑ کو کاظم کیوں کہتے ہیں؟

ج آپ غصہ کو پی جاتے تھے۔

س3 باب الحوائج کس امام کو کہتے ہیں؟

ج امام موسیٰ کاظم کا لقب باب الحوائج ہے۔ آپ کے توسل سے دعائیں مانگی جائیں تو قبول ہوتی ہیں۔

س4 امام موسیٰ کاظم کی تصنیف کا نام بتائیں؟

ج مسند امام موسیٰ کاظم آپ کی تصنیف ہے۔

س5 ساتویں امام کے القاب کیا تھے؟

ج کاظم، عبد صالح، نفسِ زکیہ، صابر، امین اور باب الحوائج القاب تھے۔

س6 صفوانِ جمال نے امام جعفر صادقؑ سے پوچھا کہ آپ کے بعد کون امام ہوگا؟

ج امام نے فرمایا جو بچہ اب میرے گھر سے باہر آئے اور اسکی ہر بات پر معرفت الٰہ سے پُر ہو وہی میرے بعد امام ہوگا، اتنے میں امام موسیٰ کاظمؑ تشریف لائے اور ان کے پاس بکری کا بچہ تھا جسے کہہ رہے تھے اپنے رب کو سجدہ کر۔ یہ دیکھ کر امام نے انہیں سینے سے لگالیا

س7 امام موسیٰ کاظم جب نماز پڑھتے تو آپ کی کیا حالت ہوتی تھی؟

ج آپ کے اعضاء، جوارح کانپ رہے ہوتے تھے اور آنکھوں سے آنسو رواں

ہوتے تھے

س8 مہدی نے امام ہفتمؑ کو بغداد کیوں بلایا؟

ج قتل کروانے کیلئے۔

س9 آپ قتل ہونے سے کیونکر بچے۔

ج حضرت علیؑ مہدی کو خواب میں نظر آئے اسے ایسا کرنے سے روکا۔ چنانچہ اس نے قتل کا حکم واپس لے لیا؟

س10 ساتویں امامؑ کو عبد صالح کیوں کہا جاتا ہے؟

ج کثرت عبادت اور شب بیداری کی وجہ سے عبد صالح کہا جاتا ہے

س11 عراق میں امام موسیٰ کاظمؑ کو کس نے قید کیا؟

ج ہارون رشید نے

س12 بغداد میں امام موسیٰ کاظمؑ کو کس نے قید کیا؟

ج ہارون رشید نے

س13 امام موسیٰ کاظمؑ کو قید سے کب رہائی ملی؟

ج حضرت علیؑ خواب میں ہارون رشید کو نظر آئے جس کی بناء پر اس نے رہا کیا

س14 امام موسیٰ کاظمؑ نے اپنے کس صحابی کو دوسری طرح وضو کرنے کا پیغام دیا؟

ج علی بن یقطین کو کہا کے وہ بادشاہ کے شر سے بچ جائے

س15 امام ہفتمؑ کو ہارون نے دوبارہ قید کب کیا؟

ج 20 شوال 170ھ کو

س16 امام ہفتمؑ کو کس کی قید میں رکھا گیا؟

ج عیسیٰ بن جعفر کی قید میں ایک سال رہے، پھر فضل بن ربیع کی قید میں رکھا آخر

میں انہیں سندی بن شاہک کی قید میں بھیجا جس نے آپ کو زہر سے شہید کیا

س17 امام موسیٰ کاظمؑ کی وفات کب اور کہاں ہوئی؟

ج 25 رجب 183ھ کو بغداد میں ہوئی

س18 مولا پہ انتہائے اسیری گزر گئی زنداں میں سب جوانی و پیری گزر گئی یہ کس کا شعر ہے؟

ج یہ مرزا دبیر کا شعر ہے

س19 آپ کی میت کے ساتھ بادشاہ نے کیا سلوک کیا؟

ج ہتھکڑی اور بیڑیوں کے ساتھ بغداد کے پل پر میت رکھ دی گئی

س20 محبانِ آلِ محمدؐ نے امام ہفتمؑ کی تجہیز و تکفین کیسے کی؟

ج مومنین نے غسل و کفن دیا، انتہائی قیمتی کفن پہنایا گیا، امام کاظمؑ کو نہلایا، امام رضا علیہ السلام باعجاز تشریف لائے نماز جنازہ ہوئی اور انہیں دفن کیا گیا

س21 امام موسیٰ کاظمؑ کل کتنے برس قید رہے

ج 14 برس

س22 امام موسیٰ کاظمؑ کی کل کتنی اولادیں تھیں؟

ج 19 بیٹے اور 18 بیٹیاں۔

س23 امام موسیٰ کاظمؑ کی والدہ گرامی کا کیا اسم مبارک تھا؟

ج حمیدہ خاتون

س24 امام موسیٰ کاظمؑ کے چند ارشادات بیان کریں

ج ا۔ خبردار تکبر نہ کرنا جس کے دل میں دانہ برابر بھی تکبر ہوگا وہ جنت میں داخل نہ ہوگا

۲۔ عقلمند آدمی دانش و معرفت کے ساتھ تھوڑی سی دنیا پر راضی ہو سکتا ہے۔ لیکن بغیر حکمت دانش پوری دنیا کے ساتھ بھی راضی نہ ہوگا

۳۔ جو شخص اپنے غصے کو لوگوں سے روک لے خدا قیامت کے دن اس سے اپنا عذاب روک لے گا۔

۴۔ خبردار مزاح نہ کرو اس سے تمہارے چہرے کا نور چلا جاتا ہے

۵۔ جس کی زبان سچ بولتی ہے اس کا عمل پاکیزہ ہوتا ہے۔

س25 امام ہفتم نے کس پیشے کو پسند فرمایا

ج امامؑ نے کاشتکاری وکھیتی باڑی کو پسند فرمایا۔ مسلسل محنت اور کوشش میں مصروف رہے۔

س26 علی بن حمزہ بطائنی نے آپ کو جب اس کاشتکاری سے منع کیا تو آپ نے کیا فرمایا؟

ج آپ نے فرمایا۔ رسولؐ خدا۔ امیر المومنینؑ۔ اور میرے تمام آباؤ اجداد زمین میں کام کرنا پسند کرتے تھے۔ یہ انبیاء و مرسلین اولیاء اور صالح بندوں کی سنت ہے۔ میں اسے دوسروں کے حوالے کیوں کروں جو مجھ سے بہتر تھے وہ ہمیشہ ان کاموں میں مصروف رہے۔

# (۱۰) حضرت امام علی رضا علیہ السلام

س1 امام علی رضا علیہ السلام کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ج 11 ذیقعد 153ھ کو مدینے میں پیدا ہوئے

س2 امام علی رضاؑ کی کنیت کیا ہے؟

ج ابوالحسن۔

س3 آٹھویں امامؑ لقب رضا کی وجہ تسمیہ کیا ہے؟

ج آپ سے سبھی راضی تھے اس لئے رضا کہا گیا

س4 دوسری تیسری صدی کا شیعہ مذہب کا مجدد کس امام کو کہا جاتا ہے؟

ج امام علی رضاؑ کو کہا جاتا ہے

س5 محمد بن عیسیٰ کو حضورؐ نے خواب میں کتنی کھجوریں دیں؟

ج 18 کھجوریں

س6 آٹھویں امام نے محمد بن عیسیٰ کو عیاناً کتنی کھجوریں دیں؟

ج 18 کھجوریں

س7 امام ہشتمؑ نے حروف تہجی کے متعلق کس رائے کا اظہار کیا؟

ج یہ حروف بہت سی صفات رکھتے ہیں۔ انہی حروف کو اپنی معرفت کا ذریعہ بنایا انہی حروف میں قرآن نازل فرمایا۔

س8 چند حروف تہجی کے عرفانی معانی بزبانی امام علی رضا علیہ السلام بیان کریں؟

ج الف سے اللہ، ب بھا خوبیاں، ت سے تمام الامر بقائم آلِ محمدؐ، ج سے جمال اللہ، ح سے حکم اللہ، وغیرھم۔

س 9 امام علی رضاؑ نے مجلس عزا میں کسے دعوت بیان دی؟

ج دعبل خزاعی ایک عظیم شاعر کو

س10 امام علی رضاؑ کی منعقد کردہ مجلس عزا کی کیفیت بیان کریں؟

ج ایک پردہ لگا اور مومنین اور مومنات نے مجلس سنی۔ معصومہ قم نے بھی یہ مجلس سنی بہت رقت ہوئی۔

س11 امام علی رضاؑ نے منقے کے متعلق کیا فرمایا؟

ج منقی صفرا کو دور کرتا ہے بلغم کی اصلاح کرتا ہے۔ پٹھوں کو مضبوط کرتا ہے نفس کو پاک کرتا ہے رنج و غم کو دور کرتا ہے

س12 امام ہشتمؑ نے انار کے متعلق کیا بیان فرمایا

ج ہر انار میں ایک دانہ جنت کا ہوتا ہے غیر مومن کھائے تو وہ دانہ غائب ہو جاتا ہے

س13 امام ہشتمؑ نے حافظہ بڑھانے کا کیا طریقہ بیان فرمایا؟

ج آپ نے فرمایا قرآن پڑھنے، دودھ پینے اور شہد کھانے سے حافظہ بڑھتا ہے

س14 حضرت فاطمہؑ روز محشر خدا سے کیسے انصاف طلب کریں گیں؟

ج امام ہشتمؑ نے فرمایا کہ وہ ساق عرش پکڑ کر قیامت کے دن واقعہ کربلا کا فیصلہ چاہیں گی۔ اور اس روز آپ کے پاس امام حسینؑ کا خون آلودہ لباس ہوگا۔

س15 امام ہشتمؑ کو مامون نے مجبور کر کے کب ولی عہد بنایا؟

ج ۲ رمضان ۲۰۱ھ کو

س16 مامون نے اپنی کس بیٹی کی شادی امام ہشتمؑ سے کی؟

ج ام حبیبؑ کی

س17 سکے پر کس امام کا نام مامون نے کندہ کروایا؟

ج امام علی رضا کا

س18 شاہی وردی کا رنگ بنی فاطمہ کی خوشی کیلئے کس نے سبز قرار دیا؟

ج مامون نے

س19 امام ہشتمؑ کو مرو یعنی خراسان کس نے بلایا؟

ج مامون نے

س20 کیا امام ہشتمؑ خراسان جانے میں خوش تھے؟

ج نہیں۔ بامر مجبوری گئے۔

س21 نیشاپور میں کتنے موالیان نے امام علی رضاؑ کی بیان کردہ حدیث لکھی؟

ج 24ہزار موالیان نے

س22 امام ہشتمؑ نے کیا حدیث بیان فرمائی؟

ج امام موسیٰ کاظمؑ سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک اور حضرت جبریلؑ سے خدا نے کہا۔ لا الہ الا اللہ میرا قلعہ ہے جو اسے زبان پر جاری کرے گا وہ میرے قلعہ میں داخل ہوگا۔ میرے عذاب سے محفوظ ہو جائے گا۔

س23 امام رضاؑ کی تصانیف کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

ج صحیفۃ رضا، صحیفۃ الرضویہ، طب الرضا، مسند امام رضا

س24 امام رضاؑ کی شہادت کب ہوئی کون شہادت کا باعث بنا؟

ج ۲۳ ذی قعدہ ۲۰۳ھ کو۔ مامون نے انگوروں میں زہر دیا۔

س25 امام رضا کا روضہ کس شہر میں ہے؟

ج مشہد مقدس ایران میں ہے جس کا پرانا نام سناآباد تھا۔

س26 امام ہشتمؑ کی کتنی اولادیں تھیں؟

ج پانچ لڑکے اور ایک لڑکی

س27 امام ہشتمؑ کی والدہ ماجدہ کا کیا نام تھا؟

ج نجمہ خاتون

س28 امام علی رضاؑ کی کتنی عمر ہوئی؟

ج 55 برس

س29 امام علی رضاؑ کی کس ہمشیرہ کا مزار قم میں ہے؟

ج حضرت فاطمہؑ معصومہ قم کا مزار ہے۔

س30 حضرت علی رضا کے چند اقوال بتائیں؟

ج (۱) آل محمدؑ کی محبت پر اعتماد کر کے عمل صالح اور عبادت میں سعی کرو

(۲) دوستوں سے انکساری سے۔ دشمنوں سے ہوشیاری سے۔ عام لوگوں سے کشادہ روئی سے ملو

(۳) شراب خوار کے پاس نہ اٹھو بیٹھو نہ اس پر سلام کرو۔

(۴) گناہوں سے توبہ کرنے والا ایسا ہے گویا اس نے کوئی گناہ ہی نہیں کیا۔

(۵) ایک دوسرے کی زیارت کرو تا کہ آپس میں محبت بڑھے

(۶) افضل ترین مال وہ ہے جس سے آبرو بچائی جائے۔

# (۱۱) حضرت امام محمد تقی علیہ السلام

س1 امام محمد تقی علیہ السلام کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ج ۱۰ رجب ۱۹۵ ھ یوم جمعہ مدینے میں پیدا ہوئے۔

س2 مامون نے اپنی کس بیٹی کی شادی امام سے کی؟

ج ام الفضل کی۔

س3 امام محمد تقیؑ کی والدہ ماجدہ کا کیا نام ہے؟

ج خیزراں، آپ مصری خاتون تھیں۔

س4 امامؑ کے القاب بیان کریں؟

ج جواد، تقی، قانع، مرتضےٰ

س5 امام محمد تقیؑ کتنی عمر میں یتیم ہوئے؟

ج 8 برس کی عمر میں

س6 امام محمد تقیؑ اس صغر سنی میں کس علمی بلندی پر فائز تھے۔

ج آپ مامون کے پہلو میں بیٹھ کر بڑے بڑے علماء سے فقہ، حدیث، تفسیر اور کلام پر مناظرے کرتے تھے آپ کے پاس علم لدنی تھا۔

س7 امام محمد تقی علیہ السلام نو برس کے تھے کہ بڑے عالم یحییٰ ابن اکثم نے ایک جلسے میں امامؑ سے پوچھا کہ حالت احرام میں کوئی شکار کرے تو احکام کیا ہیں؟

ج امامؑ نے اس سوال کی اتنی جزئیات بیان کیں کہ وہ حیران رہ گیا اور خاموش ہو گیا امامؑ نے مامون کے کہنے پر بھی جزئیات کا جواب دیا۔

س8 اس مناظرے کا مامون پر کیا اثر ہوا؟

ج اس نے اپنی بیٹی ام الفضل کی شادی امام سے کردی۔

س9 کیا امام نے اپنی پہلی بیوی کی موجودگی میں کسی سے شادی کی

ج آپ نے سمانہ سے شادی کی جس کے بطن سے امام علی نقیؑ پیدا ہوئے

س10 معتصم باللہ نے امام محمد تقیؑ کو بغداد کیوں بلایا؟

ج ام الفضل نے شکائتیں کیں۔ وہ خود بھی امام کا مخالف تھا۔ چنانچہ بلایا قید کیا اور اسی سال شہید کردیا۔

س11 امام محمد تقیؑ کی کتنی اولادیں تھیں اور ان کے کیا نام تھے؟

ج امامؑ کے دو بیٹے اور دو بیٹیاں تھیں۔ علی نقیؑ ۔ موسیٰ مبرقعؑ ، فاطمہؑ ، امامہؑ

س12 امامؑ کی اولاد کس نام سے مشہور ہوئی؟

ج امام علی نقیؑ کی اولاد نقوی کہلائی اور موسیٰ مبرقع کی اولاد رضوی کہلائی۔

س13 موسیٰ کو مبرقع کیوں کہتے تھے؟

ج آپ کمال حسن کی وجہ سے چہرے پر نقاب ڈالے رکھتے تھے

س14 امام محمد تقیؑ کی شہادت کب ہوئی اور کہاں دفن ہوئے؟

ج 29 ذی قعدہ ۲۲۰ھ میں شہید ہوئے۔ کاظمین عراق میں مدفون ہیں۔

س15 آپ کو زہر کس نے دلایا؟

ج معتصم باللہ نے ام الفضل یعنی آپ کی زوجہ سے زہر دلوایا۔

س16 امام محمد تقیؑ کے چند اقوال بیان کریں؟

ج (۱) چار باتیں انسان کو عمل پر ابھارتی ہیں، صحت، مالداری، علم، توفیق،

(۲) علم عالم کا لباس ہے لہذا اس لباس کو نہ اتارو

(۳) مومن کی عزت اسی میں ہے کہ لوگوں سے بے نیاز رہے۔

(۴) مخلص اور قابل اطمینان دوست ایک دوسرے کیلئے ذخیرہ ہیں۔

(۵) عافیت بہترین عطیہ خداوندی ہے۔

# (۱۲) حضرت امام علی نقی علیہ السلام

س1 امام علی نقی علیہ السلام کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ج ۵ رجب ۲۱۴ھ مدینے کے اطراف میں صریا کے مقام پر پیدا ہوئے۔

س2 آپ کی کنیت کیا ہے؟

ج ابوالحسنؑ

س3 امام دہمؑ کے القاب کیا ہیں؟

ج نقی۔ ہادی، نجیب، مرتضیٰ، عالم، فقیہ، ناصح، امین، طیب

س4 امام علی نقیؑ کی والدہ ماجدہ کا کیا اسم گرامی ہے؟

ج سمانہ، ہمیشہ مستحب روزہ رکھتی تھیں۔ امامؑ نے فرمایا کہ آپ اہل جنت میں سے ہیں۔

س5 متوکل نے دربار کے پردے احتراماً ہٹانے سے جب درباریوں کو منع کیا تو اللہ نے کیا بندوبست کیا؟

ج جب امام علی نقیؑ تشریف لائے تو خدا کی طرف سے ہوا نے پردے ہٹادیئے اور آپ داخل ہوئے

س6 امام علیؑ نے ابو ہاشم کو تہتر زبانوں کا عالم کیسے بنایا؟

ج ایک سنگریزہ اسے چوسنے کو دیا جس کے نتیجے میں وہ عالم بن گیا۔

س7 امام علی نقیؑ نے اسم اعظم کی کیا تعریف کی ہے؟

ج اسم اعظم کے 73 حروف ہیں خدا نے ہمیں 72 حروف کی تعلیم دی ہے

س8 امام علی نقیؑ نے سیع بن حمزہ کو کونسی دعا تعلیم فرمائی؟

ج صحیفہ کاملہ کی دعا "یا من تحل" جس کے نتیجے میں اسکی مصیبت دور ہوگئی۔

س9 واثق نے پوچھا حج کی موقع پر حضرت آدم کے سر کے بال کس نے کاٹے؟

ج امام نے فرمایا حضرت جبرائیلؑ نے۔ انہوں نے یہ کام جنتی یاقوت سے کیا۔ جہاں تک اس یاقوت کی روشنی گئی وہاں تک جگہ حرم میں داخل ہوگئی۔

س10 امام علی نقیؑ کی شہادت کا کون باعث بنا؟

ج معتمر نے زہر دلوایا

س11 امام علی نقیؑ کی کتنی اولادیں تھیں؟

ج چار بیٹے اور ایک بیٹی

س12 بطحائی کی امامؑ کے خلاف چغلی کھانے پر متوکل نے کیا کہا؟

ج اس نے سعید حاجب سے کہا حاجب نے ابراہیم بن محمد سے امام کے گھر چھاپہ مارنے کو کہا۔ وہ سیڑھی لیکر امام کے گھر رات کی تاریکی میں اترا لیکن امام اس کے لیے شمع لیکر آئے امام کو محو عبادت پایا۔

س13 متوکل نے امام علی نقیؑ کو بدنام کرنے کیلیے ان کے بھائی موسیٰ سے کیسے رابطہ کیا؟

ج موسیٰ کو سامرے بلایا امام نے موسیٰ کو سمجھایا کہ اسکی صحبت سے بچے لیکن وہ نہ مانا بالآخر آپ نے فرمایا کہ تم کبھی اکٹھے نہ ہوگے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ اور متوکل فوت ہوگیا۔

س14 امام علیؑ کو مدینے سے سامرہ کیوں بلایا گیا؟

ج مدینے کے امام مسجد عبداللہ بن محمد نے متوکل سے چغلی کھائی اور اس نے آپ کو سامرے بلالیا۔

س15 صالح بن سعید نے سامرے میں ملاقات کرکے امام سے کیا متوکل کا گلا شکوہ کیا

اور امام نے کیا اظہار کیا؟

ج صالح بن سعید نے کہا کہ آپ کو چور اور گداؤں کی سرائے میں ٹھہرایا گیا ہے۔امام نے اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا تو اچانک اسے بہترین باغات نہریں معطر حوریں اور خدمتگار نظر آنے لگے اور امامؑ نے فرمایا ہم جہاں کہیں بھی ہوں یہ سب ہمارے لیے موجود ہوتا ہے۔

س 16 امام علی نقیؑ کا روضہ کہاں ہے؟

ج سامرے میں آپ کا روضہ ہے

س 17 متوکل نے امام علی نقیؑ کو گرفتار کر کے گھر بلوایا تو اشعار پڑھنے پر مجبور کیا آپ نے کیسا کلام سنایا؟

ج امامؑ نے نصیحت آموز اشعار سنائے جسمیں دنیا کی ناپائیداری اور قبر کا ذکر تھا متوکل پر رقت طاری ہوگئی اور اس نے شراب کی محفل برخواست کردی۔

س 18 امام علی نقیؑ کے چند اقوال بیان کریں؟

ج (۱) جو شخص اپنی قدر و منزلت نہ جانتا ہو اس کے شر سے بچو۔

(۲) فقر سر کشئی نفس کا سبب ہے اور شدید ناامیدی ہے

(۳) والدین کی نافرمانی قلت روزی اور ذلت رسوائی کا سبب ہوتا ہے

(۴) شب بیداری نیند کو لذیذ بنا دیتی ہے۔اور بھوک غذا کو خوش مزہ بنا دیتی ہے

(۵) انسان کی عزت دنیا میں مال سے اور آخرت میں اعمال سے ہے۔

(۶) صبر کرنے والے انسان کیلئے مصیبت ایک ہوتی ہے۔ جزع وزع کرنے والے کے لیے دو ہوتی ہے۔

(۷) طالب علم اور معلم دونوں رُشد میں شریک ہیں۔

(۸) خدا کی زمین پر ایسے بھی ٹکڑے ہیں جہاں خدا دوست رکھتا ہے۔

(۹) حسد نیکیوں کو مٹانے والا اور خدا کی ناراضگی پیدا کرنے والا ہے۔

(۱۰) جو شخص خدا کی طرف سے واضح دلیل رکھتا ہے وہ دنیا کے ہر مصائب کو آسان سمجھتا ہے چاہے اس کے ٹکڑے کر دیے جائیں۔

# (۱۳) حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام

س1 امام حسن عسکری علیہ السلام کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ج ۱۰ ربیع الاوّل ۲۳۲ ھ کو مدینہ میں پیدا ہوئے۔

س2 آپ کے والد اور والدہ کے اسمائے گرامی بتائیں؟

ج امام علی نقیؑ ہیں آپ کے والد ماجد تھے حدیثہ خاتون آپ کی والدہ تھیں

س3 آپؑ کی کنیت کیا ہے؟

ج ابو محمد

س4 امام حسن عسکریؑ کے القابات بتائیں؟

ج عسکری، ہادی، ذکی، سراج

س5 امام حسن عسکریؑ کی شادی کس خاتون سے ہوئی؟

ج نرجس خاتون سے محترمہ قیصر روم کی پوتی تھیں اور شمعون وصی عیسیٰ کی نسل سے تھیں۔

س6 امام حسن عسکریؑ کی کتنی اولادیں تھیں؟

ج صرف امام محمد مہدیؑ

س7 امام حسن عسکریؑ سے کونسی تفسیر منسوب ہے؟

ج آثار حیدری

س8 امام حسن عسکریؑ کو جب درندوں کے کمرے میں قید کیا گیا تو انہوں نے کیا سلوک کیا؟

ج درندوں نے آپ کے قدموں میں سر رکھ دیے۔

س9 امام حسن عسکری کو روتا دیکھ کر بہلول نے وجہ پوچھی تو آپ نے کیا باتیں کی؟

ج بہلول نے دل بہلانے کیلئے کھلونے لاکر دینے کا کہا امام نے فرمایا ہم کھیل کیلئے نہیں عبادت اور علم کیلئے پیدا کئے گئے۔ بہلول نے پھر پوچھا رو کیوں رہے تھے کہا میں نے اپنی ماں کو آگ جلاتے دیکھا ہے آگ جلاتے ہوئے چھوٹی لکڑیاں استعمال کرتی ہیں۔ ڈر لگتا ہے کہ کہیں جہنم کے ایندھن کیلئے ہم چھوٹے اور کم سن نہ استعمال کئے جائیں۔

س10 خلیفہ مستعین باللہ کے سرکش گھوڑے کا واقعہ بیان کریں؟

ج اس نے امام حسن عسکریؑ کو قتل کرنے کے منصوبے پر عمل کرتے ہوئے سرکش گھوڑے پر سوار ہونے کا کہا۔ جونہی آپ اس گھوڑے کے قریب ہوئے وہ رام ہو گیا بادشاہ نے وہ انہیں ہی دے دیا۔

س11 امام حسن عسکریؑ کتنی زبانوں سے آگاہ تھے؟

ج اپنے اباؤ اجداد کی طرح تمام زبانوں سے آگاہ تھے۔

س12 اسحاق کندی کو ناقص قرآن لکھنے سے امام نے کیسے روکا؟

ج امام نے اس کندی کے شاگرد کو یہ سوال دیکر بھیجا کہ اگر اللہ قرآن کو تمہارے پاس لائے تو کیا ہو سکتا ہے کہ؟ کہ اس کا مطلب تمہارے سمجھے ہوئے مطالب کے خلاف ہو۔ کندی نے کہا ایسا ممکن ہے۔ شاگرد نے کہا پھر ناقص قرآن لکھنے سے کیا فائدہ اس پر وہ حیران ہوا اور ناقص قرآن جلا ڈالی۔

س13 امام حسن عسکریؑ کی شہادت کب اور کہاں ہوئی؟

ج ۸ ربیع الاول ۲۶۰ھ کو جمعہ کے دن سامرہ میں شہید ہوئے

س14۔ امام حسن عسکریؑ کو کس نے زہر دلوایا؟

ج معتمد عباسی نے

س 15 امام حسن عسکریؑ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

ج امام محمد مہدی آخر الزمانؑ نے

س 16 امام حسن عسکریؑ کے چند ارشادات بتائیں؟

ج (۱) تمہارا بہترین بھائی وہ ہے جو تمہارے گناہ کو بھول جائے اور تم نے جو اس پر احسان کیے ہیں ان کو یاد رکھے

(۲) ہر برائی کی کنجی غصہ ہے

(۳) مومن، مومن کیلئے باعثِ برکت اور کافر کیلئے حجت ہے

(۴) جس رزق کی خدا نے ضمانت دی ہے تم کو واجب عمل سے نہ روک دے

(۵) تقویٰ اختیار کرو اور ہمارے لیے باعث زینت ہو، باعث برائی نہ ہو

س 17 امام حسن عسکریؑ نے اپنے محبان کی کیا علامتیں بیان فرمائی ہیں؟

ج جو اصول وفروغ اور دیگر لوازمات کے ساتھ ساتھ ان دس چیزوں سے قائل وعامل ہونگے۔

(۱) 51 رکعت نماز پڑھنا (۲) سجدہ گاہ کربلا پر سجدہ کرنا (۳) داہنے ہاتھ میں انگوٹھی پہننا۔ (۴) اذان واقامت کے جملے دو دو بار کہنا (۵) اذان واقامت میں حی علی خیر العمل کہنا (۶) نماز میں بسم اللہ بالجہر پڑھنا (۷) دوسری رکعت میں قنوت پڑھنا (۸) آفتاب کی زردی سے پہلے نماز عصر اور تاروں کے ڈوب جانے سے پہلے نماز فجر پڑھنا (۹) سر اور داڑھی میں وسمہ کا خضاب کرنا

(۱۰) نماز میت میں پانچ تکبیریں پڑھنا۔

# (۱۴) حضرت امام محمد مہدی علیہ السلام عجل اللہ فرجہ

س1 حضرت امام مہدیؑ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ج ۱۵ شعبان المعظم ۲۵۵ھ کو سامرا میں پیدا ہوئے۔

س2 بارھویں امامؑ کی کنیت کیا ہے؟

ج ابوالقاسم

س3 بارھویں امامؑ کے القابات کیا ہیں؟

ج مہدی موعود، امام عصر، صاحب الزمان، بقیۃ اللہ، قائم

س4 امام مہدیؑ کے والدین کے نام بتائیں؟

ج والد ماجد۔ امام حسن عسکریؑ۔ والدہ ماجدہ نرجس خاتون (پھول کا نام) تھا۔
آپ کی والدہ کو خمط (لذیذ پھل)، سوسن (خوشبودار پھول)، حدیثہ (نئی)
حکیمہ (دانا) اور ملیکہ (شاہزادی) بھی کہا جاتا تھا۔

س5 آپ کا بچپن کیسے گزرا؟

ج پانچ برس والد ماجد کے زیر سرپرستی رہے دشمنوں کے شر سے بچنے کیلئے پوشیدہ رہے۔ ۲۶۰ھ میں والد ماجد کا انتقال ہوا تو عہدہ امامت آپ کے سپرد ہوا۔

س6 بارھویں امامؑ کی غیبت صغریٰ کا زمانہ کتنا ہے؟

ج ۲۶۰ھ سے ۳۲۹ھ تک گویا تقریباً 70 برس

س7 بارھویں امامؑ کا غیبت کبریٰ کا زمانہ کتنا ہے؟

ج ۳۲۹ھ سے اس وقت تک جب خدا تعالیٰ ظہور کی اجازت دیگا۔

س8 بچپن میں کسی اور ہستی کو بھی قوم کی قیادت بخشی گئی؟

ج حضرت یحییٰؑ اور حضرت عیسیٰؑ کی نبوت کا ذکر قرآن میں موجود ہے۔

س9 بارھویں امام کی طرح کیا اور بھی خاصان خدا غائب ہیں؟

ج جی ہاں! حضرت خضرؑ، حضرت ادریسؑ، حضرت الیاسؑ اور حضرت عیسیٰؑ

س10 حضرت عیسیٰؑ کب سے غائب ہیں؟

ج جب انہیں آسمان پر اٹھا لیا گیا۔ اب تک ان کی غیبت کو 2002 برس ہو چکے ہیں۔

س11 حضرت علیؑ کے پاس کون بزرگ غیبت کے پردے سے نکلکر حضورؐ کا افسوس کرنے آئے تھے؟

ج حضرت خضر علیہ السلام

س12 حضرت عیسیٰؑ کب تشریف لائیں گے؟

ج جب بارھویں امام ظہور فرمائیں گے۔

س13 باطل قوتوں کا کوئی نمائندہ ہے جو چھپ کر بہکاتا ہے؟

ج شیطان یہی کام کرتا ہے۔

س14 شیطان بہکانے کا کام کب سے کر رہا ہے؟

ج حضرت آدم علیہ السلام کے دور سے

س15 عدل الٰہی کا کیا تقاضا ہے کہ الٰہی رہنمائی کا بندوبست کیا جائے؟

ج عدل الٰہی کے تقاضے کے مطابق ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء ورسل تشریف لائے۔ ان کے اوصیاء و نائبین اور صلحا نے یہ کام کیا۔ حضورؐ کے بارہ نائبین اس کام کیلئے دنیا میں آئے اس سلسلے کی بارھویں ہستی اب موجود ہے جنہیں امام مہدیؑ کہتے ہیں۔

س16 امام مہدیؑ کی غیبت صغریٰ کے دور میں نیابت کا کام کس نے کیا؟

ج عثمان بن سعید، محمد بن عثمان، حسین بن روح، علی بن محمد سمری

س17 کیا ہدایت کا عمل غیب میں رہ کر ہو سکتا ہے۔ مثالیں دیں؟

ج (۱) اللہ تعالیٰ جو ایمان لائے اللہ انہیں ہدایت کرتا ہے۔ (قرآن پاک)

(۲) عقل غائب اور راہنما ہے

(۳) بیت اللہ ہر شخص کے سامنے نہیں لیکن ہدایت کرتا ہے

(۴) حضرت عیسیٰؑ غائب ہیں حضرت خضرؑ غائب ہیں

(۵) قرآن کے الفاظ اپنے باطنی اثرات سے ہدایت کرتے ہیں

(۶) نور ہدایت کرتا ہے۔

(۷) حضورؐ کی پیدائش کے غیبی اثرات قیصر و کسریٰ کے محلات کے 14 کنگرے گر گئے۔ دریائے سادہ خشک ہو گیا۔ آتش کدہ نمرود بجھ گیا۔

(۸) ایسے ہی امامؑ غائب ہیں اور ہدایت کرتے ہیں کسی کو خواب میں کسی کو عیاناً کسی کو اشارۃً، کنایۃً ملتے ہیں اور ہدایت کرتے ہیں

س18 امام مہدیؑ کیوں غائب ہیں؟

ج مصلحت خداوندی ہے تاکہ قیامت تک ہدایت کا سلسلہ جاری رہے۔ شب قدر نزول ملائکہ ہوتا رہے آل رسولؐ پر ڈھائے جانے والے مظالم کا بدلہ لیا جا سکے۔

س19 شیخ زین الدین علی بن فاضل مازندرانی نے کہاں اور کب امامؑ سے ملاقات کی

ج ۶۹۰ھ میں جزیرہ خضرا میں ملاقات کی۔

س20 شیخ کے اس سفر اور ملاقات کا تذکرہ کس کتاب میں موجود ہے؟

ج شیخ کے اس سفر کا ذکر بحارالانوار میں موجود ہے مجالس المومنین، الثات الھد اور نجم الثاقب میں بھی ہے

س21 شیخ نے یہ سفر کتنے دن میں کیا اور جزیرے میں کتنے دن رہے؟

ج 16 دن میں سفر ہوا اور 18 روز جزیرے میں رہے

س22 شیخ زین الدین نے 18 روزہ قیام میں اس جزیرے میں کیا کچھ دیکھا؟

ج کشادہ سڑکیں، شاندار مکانات، باغات، میوہ جات، اور نہایت شریف وضع دار لوگ دیکھے۔

س23 شیخ زین جس شہر میں گئے اس کا حاکم کون تھا؟

ج سید شمس الدین جو کہ پانچویں پشت میں امام زمانؑ سے ملتا تھا۔

س24 جزیرہ خضرا کہاں واقع ہیں؟

ج بحراوقیانوس کے انتہائی مغرب میں جہاں جزائر برمودہ واقع ہے۔

س25 کیا جزیرہ خضرا پر کوئی کتاب بھی لکھی گئی ہے۔

ج ناجی النجار ایک عرب نے کتاب لکھی ہے اس کا فارسی اور اردو میں ترجمہ ہو چکا ہے فارسی کتاب کی تقریظ آیۃ اللہ شہاب الدین مرعشی نے لکھی ہے اردو ترجمہ سید قمر عباس زیدی نے کیا ہے۔

س26 حضرت نرجس خاتون والدہ امام العصرؑ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

ج امام علی نقیؑ نے بشیر بن سلیمان کو خط دیا اور بغداد روانہ کیا جاتے ہوئے اسے ہدایات دیں کہ تم عمر بن یزید بردہ فروش کے پاس جانا اس کے پاس ایک کنیز ہے جس کا حریر کا لباس ہے۔ وہ باعفت ہے اسے یہ خط دینا یہ خط رومی زبان میں لکھا گیا تھا۔ ایسا ہی ہوا اور وہ کنیز لیکر امام کی خدمت میں حاضر ہوا۔ یہ کنیز قیصر

روم کی بیٹی تھی انہوں نے خواب میں حضورؐ۔ حضرت عیسیٰؑ ۔ حضرت مریمؑ ،اور حضرت فاطمہؑ کی زیارت کی۔ حضرت امام حسن عسکریؑ کو بھی خواب میں دیکھا۔ انہیں حضرت حکیمہ کے حوالے کیا گیا انہوں نے انہیں احکام اسلام بتائے امام علی نقیؑ نے انکی شادی ابو محمد حسن عسکریؑ سے کی اور فرمایا یہ حضرت قائمؑ کی والدہ ہیں۔

س 27 کس جزیرے کی خوراک جزیرہ خضرا سے جاتی ہے؟

ج جزیرہ رفضہ کی۔

س 28 امامؑ کس شہر میں ظہور فرمائیں گے؟

ج مکہ میں

س 29 امامؑ کس روز ظہور فرمائیں گے؟

ج روز عاشور

س 30 امام مہدیؑ کے کتنے سپاہی ہونگے؟

ج 313 سپاہی ہونگے

س 31 کیا ان 313 سپاہیوں کا ذکر کتابوں میں موجود ہے؟

ج غایۃ المرام، قیامت صغریٰ بشارت الاسلام اور دیگر کئی کتابوں میں ان کا ذکر موجود ہے۔

س 32 کیا امامؑ کے ان سپاہیوں کے اسماء ان کتابوں میں موجود ہیں؟

ج جی ہاں ان کے نام ولدیت، شہر، ملک تک کے نام موجود ہیں

س 33 تقریباً کتنے شہروں کے نام مختلف کتابوں میں درج ہیں جہاں کے لوگ امامؑ کی فوج میں شامل ہونگے؟

ج تقریباً 101 شہروں کے لوگ شامل ہونگے۔

س 34 شروع میں امام کی فوج میں 313 ہوگی آخر میں کتنی ہو جائے گی؟

ج 10 ہزار سے زائد

س 35 سب سے زیادہ امام کے سپاہی کن شہروں سے ہونگے؟

ج طالقان: 24، قم: 18 مرو: 12 یمن: 14

روم میں دوسری جگہ سے آئے ہوئے مسلمان: 9 اصحاب کہف: 7

نیشاپور: 8 مدائن: 8 ہرات: 2 کوفہ: 14 مدینہ: 10 کاشان: 8

عابدان: 9 قزوین: 10

س 36 ملتان سے کتنے سپاہی ہونگے؟

ج ملتان سے صرف ایک سپاہی ہوگا اور اسکا نام حیدر بن ابراہیم ہوگا۔

س 37 علامہ صادق شیرازی نے "المھدی فی القران" میں کتنی آیات امام مہدیؑ کی شان میں بیان کی ہیں؟

ج 106 آیات

س 38 حضورؐ نے بارھویں امام مہدیؑ کے متعلق کیا فرمایا؟

ج حسنؑ اور حسینؑ اپنے باپ کے بعد میری امت کے امام ہونگے۔ جوانان جنت کے سردار ہونگے۔ ان کی والدہ سیدہ النساء العالمین ان کا باپ سید الاوصیا۔ حسینؑ کی اولاد سے نو آئمہ ہونگے نواں قائم ہوگا۔ ان کی اطاعت میری اطاعت ان کی نافرمانی میری نافرمانی ہوگی۔

س 39 حضرت علیؑ نے امام مہدی کے متعلق کیا فرمایا؟

ج اے حسینؑ تیری اولاد سے نواں قائم بالحق ہوگا۔ دین اسلام کو غالب کریگا۔ عدل

الٰہی کو عام کرے گا

س40 امام حسنؑ نے امام مہدیؑ کے متعلق کیا فرمایا؟

ج ہمارا قائم واحد امام ہوگا جو ہر قسم کے تسلط سے آزاد ہوگا

س41 امام حسینؑ نے امام مہدیؑ کے متعلق کیا فرمایا؟

ج میری اولاد سے نواں ہوگا وہی قائم بالحق ہوگا۔

س42 امام علی زین العابدینؑ نے بارھویں امام کے متعلق کیا فرمایا؟

ج فرمایا امامؑ قائم ہم سے ہوگا وہ اس وقت ظہور کرے گا جب مشیت ایزدی کا تقاضا ہوگا اس پر کسی حکمران کا تسلط نہ ہوگا۔

س43 امام محمد باقرؑ نے امام مہدیؑ کے متعلق کیا فرمایا؟

ج فرمایا اے ابوحمزہ۔ اللہ کی حتمی تقدیر سے ہمارے قائم کا قیام بھی ایک ہے

س44 امام جعفرؑ صادق نے امام مہدیؑ کے متعلق کیا فرمایا؟

ج فرمایا میرے موسیٰ بیٹے کی اولاد سے پانچواں قائم ہوگا۔ سیدۃ النساءؑ کا فرزند ہو گا۔

س45 امام موسیٰ کاظمؑ نے امام مہدیؑ کے متعلق کیا فرمایا؟

ج امامؑ نے فرمایا میں بھی قائم بالحق ہوں لیکن قائم روئے ارض کو اعداءِ دین سے پاک کرکے ظلم سے پر شدہ زمین کو عدل وانصاف سے پر کرے گا۔ وہ میری اولاد سے پانچواں ہوگا۔

س46 امام علی رضا نے امام مہدیؑ کے متعلق کیا فرمایا؟

ج امام نے فرمایا اے دعبل میرے بعد میرا بیٹا ہوگا۔ محمدؑ کے بعد اس کا بیٹا علیؑ ہوگا، علیؑ کے بعد اس کا بیٹا حسن عسکریؑ ہوگا۔ اور حسن عسکریؑ کے بعد اس کا بیٹا حجت القائمؑ ہوگا۔

س 47 امام محمد تقیؑ نے امام مہدیؑ کے متعلق کیا فرمایا؟

ج فرمایا۔ وہ قائم ہو گا جس کی غیبت میں ظہور کا انتظام کیا جائیگا۔ ظہور کے بعد اسکی اطاعت ہوگی۔ وہ میری اولاد سے تیسرا ہوگا۔

س 48 امام علی نقیؑ نے بارھویں امامؑ کے متعلق کیا فرمایا؟

ج فرمایا میرے بعد میرا بیٹا امام ہوگا۔ اور حسنؑ کے بعد حسنؑ کا بیٹا قائم مہدیؑ امام ہو گا۔ جو ظلم و جور سے پر شدہ روئے ارض کو عدل انصاف سے پُر کر دے گا۔

س 49 امام حسن عسکری نے امام مہدیؑ کے متعلق کیا فرمایا؟

ج امام حسن عسکریؑ نے فرمایا اس اللہ کی حمد ہے جس نے مجھے دنیا سے اس وقت نہ اٹھایا جب تک مجھے میرے بعد میرا ایسا خلیفہ دکھا نہ دیا جو تمام لوگوں کی نسبت صورت و سیرت میں زیادہ شبیہ رسولؐ ہے اور اسے اللہ غیبت میں محفوظ رکھے گا۔ یہ روئے ارض کو عدل و انصاف سے بھرے گا۔

س 50 امام حسن عسکریؑ نے اپنے بیٹے کے تین سو عقیقے کیوں کیے؟

ج عقیقہ کا فلسفہ ہے کہ بچہ عمر دراز پاتا ہے اس فلسفے کے مطابق امام نے بکثرت عقیقے کئے کیونکہ امام مہدیؑ نے طویل عمر گذارنا تھی۔ روایت میں ہے کہ آپ نے عثمان بن سعید سے کہا کہ دس ہزار روٹی اور دس ہزار رطل گوشت خرید کر تقسیم ہو۔ دس ہزار رطل تقریباً 3276 کلوگرام کے برابر ہے۔

س 51 امامؑ کے نوا ربعہ نے مختلف شہروں میں کن کو وکلاء مقرر کیا تھا؟

ج (۱) حاجز ابن یزید )ابراہیم ابن محضریار

(۳) احمد ابن اسحاق (۴) محمد ابن ابراہیم

(۵) محمد ابن جعفر (۶) قاسم ابن علا

(۷) حسن ابن قاسم (۸) محمد ابن شاذان

س52 غیبت صغریٰ میں کن حضرات نے بارھویں امام کی زیارت کی؟

ج جناب حکیمہ خاتون، نسیم (کنیز امام حسن عسکریؑ) ابو خانم (خادم امام)
چالیس افراد کو امام نے کہا میرے بعد یہ تمہارا صاحب الامر ہوگا۔
ابو الادیان، احمد ابن اسحاق قمی

س53 امام حسن عسکریؑ کی وفات کے بعد غیبت صغریٰ میں کن کو زیارت امام ہوئی؟

ج حاضر ابن یزید (وکیل) جعفر بن علی۔ سیما غلام یا عباس سپاہی۔
ابراہیم بن ادریس، علی بن میزبار، محمد بن عثمان

س54 غیبت کبریٰ میں کون زائرین امام ہیں؟

ج نجم الثاقب میں سو افراد کا ذکر ہے۔ جیسے محمد ابن عیسیٰ، یاقوت وہاں۔
اسماعیل ابن حسن ہرقلی۔ ابر راجع صحامی، مقدس اردبلی، محمد حسن نجفی۔
آیۃ اللہ قزوینی۔ احمد عسکری، الحاج علی بغدادی

س55 امام جعفر صادقؑ نے ایام غیبت میں کس دعا کو بکثرت پڑھنے کی تاکید فرمائی؟

ج دعا غریق جوان لفظوں سے شروع ہوتی ہے اللھم عرفنی نفسک...... الی آخ

س56 ظہور امامؑ زمانہ کی چند علامات بتائیں؟

ج (۱) ندائے آسمانی۔ یہ جبرئیلؑ ندا دیں گے۔ اس میں امامؑ اور ان کے والد کا نام لیا جائے گا تمام اہل ارض سنیں گے۔
(۲) خروج سفیانی۔ یہ باطل کا نمائندہ ہوگا۔
(۳) وادی بیدار میں سفیانی لشکر کا غرق ہونا

(۴) یمانی امام مہدیؑ کیلئے دعوت دیگا۔

(۵) نفس ذکیہ کو شہید کیا جایگا۔

س57 امام مہدیؑ کی سب سے پہلے بیعت کون کریں گے؟

ج حضرت جبریلؑ

س58 سید الملائکہ کے بعد کون بیعت کریں گے؟

ج ۳۱۳ انصارِ امام مہدیؑ

س59 مکے میں کتنے افراد امام مہدیؑ کے پاس جمع ہو جائیں گے؟

ج دس ہزار

س60 پھر امام مہدیؑ کس شہر کا رخ کریں گے؟

ج مدینے کی طرف

س61 امام مہدیؑ کو سلام کرنے کا کیا طریقہ ہے؟

ج السلام علیک یا بقیۃ اللہ

س62 مدینے کے بعد امامؑ کس شہر کا رخ کریں گے؟

س نجف اشرف کیطرف آئیں گے

س63 امام مہدیؑ کا دار الخلافہ کونسا شہر ہوگا۔

ج کوفہ

س64 نجف اشرف میں آپ کیسی مسجد تعمیر کریں گے؟

ج دنیا کی سب سے بڑی مسجد ہوگی جس کا ایک ہزار دروازہ ہوگا

س65 امام مہدیؑ کا جہاد کیسا ہوگا؟

ج امام محمدؑ باقر نے فرمایا کہ قائم آل محمدؑ میں دیگر انبیا کی سنتوں کے علاوہ نبی الانبیاء کی سنت قائم بالسیف بھی ہوگی۔

س66 قائم آل محمدؑ کے پاس کونسے تبرکات انبیاء ہونگے؟

ج امام محمدؑ باقر نے فرمایا کہ قائم آل محمد کے پاس پرچم نبیؐ، انگشتری سلیمانؑ، حضرت موسیٰؑ کا عصا اور پتھر ہوگا۔

امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ قائم آل محمدؑ کے پاس حضورؐ کی وہ قمیض ہوگی۔ جو آپ نے روز اول پہنی تھی۔ اسکی دائیں آستین پر دندان مبارک سے نکلے ہوئے خون کا دھبہ ہوگا۔ حضرت یوسفؑ کی قمیض بھی ہوگی۔ حضورؐ کا سحاب نامی عمامہ آپ کی زرہ اور تلوار بھی ہوگی۔

س67 قائم آل محمدؑ کیا اصلاحات کریں گے؟

ج مسجد الحرام میں توسیع مقام ابراہیم کا اصلی مقام پر اعادہ واجب طواف پر اکتفا ۔ نبی شیبہ کو سزا دی جائے بیت اللہ کے ہدایا میں ناجائز تصرف کرنے پر

س68 امام مہدیؑ کا نظام حکومت کیسا ہوگا؟

ج قرآن وسنت کے قوانین نافذ کیے جائیں گے۔

س69 قائم آل محمدؑ مقدمات کے فیصلے کیسے کریں گے؟

ج علم امامت سے فیصلے کیے جائیں گے۔

س70 امام مہدیؑ کے دور میں اجتماعی زندگی کا رنگ ڈھنگ کیسا ہوگا؟

ج عدل وانصاف اور امن ہوگا

س71 امام مہدیؑ کے دور میں ثقافت اور نصاب تعلیم کیسے ہونگے؟

ج خالصۃً اسلامی ثقافت ہوگی۔ نصاب تعلیم میں تعلیم وتربیت کا صحیح خطوط پر انتظام

کیا جائیگا۔

س72 امام آخر الزمانؑ کے دور میں اقتصادیات کی حالت کیسی ہوگی؟

ج حضورؐ نے فرمایا۔امام مہدیؑ دولت کی صحیح مساویانہ تقسیم کریں گے۔ ہر شخص کی ضرورت پوری ہوگی

س73 امامؑ کے دور میں زراعت کیسی ہوگی؟

ج امام مہدیؑ کے دور میں بارش مناسب ہوگی۔پانی وافر ہوگا۔فصلوں میں برکت ہوگی۔صحرا اور جنگل آباد ہونگے ،بنجر زمین آباد ہوگی۔غیر آباد اراضی میں آبادکاری ہوگی۔ضروریات زندگی وافر ہونگیں۔

س74 قائم آل محمدؐ کے دور میں امن عامہ کا حال کیسا ہوگا؟

ج امام محمد باقرؑ نے فرمایا کہ امام مہدیؑ کے دور میں ایک عورت اگر مشرق سے چل کر مغرب جانا چاہے گی اسے راستے میں کسی قسم کا خوف نہیں ہوگا۔

س75 قائم آل محمدؐ کے دور میں مواصلاتی رابطے کیسے ہونگے؟

ج مشرق کا مومن مغربی مومن کو اور مغرب کا مومن مشرقی مومن کو اپنی اپنی جگہ سے دیکھے گے۔

س76 امام مہدیؑ کی حکومت کتنے برس ہوگی اور آپ کا انجام کیا ہوگا؟

ج حکومت 70 برس ہوگی بالآخر آپ کو شہید کیا جائے گا۔

س77 امام مہدیؑ کا غسل کفن کون کریگا؟

ج امام حسینؑ کو زندہ کیا جائیگا۔وہ امام کے پاس آئیں گے امام انہیں انگوٹھی دیں گے پھر امام مہدیؑ کی شہادت ہوگی امام حسین ہی امام مہدیؑ کی تجہیز و تکفین کریں گے یہ روایت منتخب الانوار المضیہ میں ہے۔

س78 زیارت ناحیہ کس امامؑ سے منسوب ہے؟

ج امام مہدیؑ سے

س79 حج کے روز امام مہدیؑ کہاں ہوتے ہیں؟

ج مکے میں حج کرنے آتے ہیں پھر زیارت معصومینؑ کرتے ہیں۔

س80 امام مہدیؑ کی دعاؤں کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

ج امام مہدی کی دعائیں کئی کتابوں میں درج ہیں جیسے نجم الثاقب، مفاتیح الجنان صحیفۃ المہدی، چند دعاؤں کے یہ نام ہیں دعائے ندبہ، سباسب، دعائے عبرات دعائے عہد، دعائے فرج، دعائے حجاب، دعائے افتتاح دعائے معرفت، دعائے توحید

س81 موجودہ دور کے مجتہدین کے نام بتائیں جنہیں امامؑ کی زیارت ہوئی ہو؟

ج آیۃ اللہ سید شہاب الدین مرعشی مرحوم، آیۃ اللہ سید روح اللہ خمینی مرحوم

س82 امام مہدیؑ کو کس حال میں پکارنا چاہیے؟

ج انتہائی سنگین حالات میں

س83 کس دعا کو چالیس روز صبح کے وقت پڑھا جائے تو مومن امام کے ساتھیوں میں شامل ہو جاتا ہے۔

ج دعائے عہد کو یہ دعا مفاتیح الجنان، وظائف مقبول میں موجود ہے

س84 دعائے سباسب کے فوائد بتائیں؟

ج دشمنوں کے شر سے محفوظ رکھتی ہے۔ جادو کے اثر کو دور کرتی ہے۔ مقاصد دینی ، دنیاوی پورے ہوتے ہیں۔

س85 دعائے فرج کے فوائد بیان کریں؟

ج امامِ زمان نے یہ دعا ابوالحسن محمد ابن احمد کو تعلیم فرمائی جو قتل کے خوف سے بغداد میں پناہ گزین ہو گیا تھا۔ اس دعا کی برکت سے اس نے شر سے نجات پائی

س 86 دعائے توحید کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

ج شیخ کفعمی نے ابن عیاش سے روایت کی کہ یہ دعا شیخ ابو جعفر محمد ابن عثمان بن سعید کے ذریعہ ناحیہ مقدسہ سے امام زمانؑ نے صادر فرمائی ماہِ رجب میں ہر روز پڑھنے کیلئے

س 87 دعائے علوی مصری کے فوائد بتائیں؟

ج امام زمانؑ کی دعا ہے بڑی سے بڑی مصیبت اور شر اعدا سے بچاتی ہے

س 88 دعاءِ الاھتمات العامہ کے کیا فوائد ہیں؟

ج امام زمانہ سے منقول ہے نماز کے بعد دیگر مقامات پر اس دعا کا پڑھنا آفات وبلیات سے حفاظت کیلئے بے حد موثر ہے

س 89 دعائے نجات کی برکات بیان کریں؟

ج بقیہ اللہ کی دعا ہے حوادث اور پریشانی کو دور کرتی ہے۔

س 90 مشکلات سے نجات کی دعا کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

ج سید صدالدین شیرازی نے للخلاص من الشدائد کے متعلق فرمایا ہے یہ عظیم دعا حضرت حجتؑ سے منقول ہے جس شخص کی کوئی شے ضائع ہو جائے یا کوئی اہم حاجت درپیش ہو وہ اس دعا کو پڑھے۔ موثر ہے

س 91 دعائے ندبہ کی فضلیت بیان کریں؟

ج سید ابن طاؤس نے فرمایا کہ یہ عظیم الشان دعا ہے ناحیہ مقدسہ سے صادر ہوئی ہے۔ عید الفطر، عید الاضحیٰ، عید غدیر، یوم جمعہ پر پڑھنا سنت ہے

س92 دعائے عبرات کے اثرات بیان کریں؟

ج سید رضی الدین کو امام زمانؑ نے یہ دعا تعلیم فرمائی انہوں نے حسب الحکم اس دعا کو چالیس روز پڑھا اور قید سے رہائی پائی۔

س93 دعائے امام عصرؑ بیان کریں؟

ج اللھم کن لولیک الحجة ابن الحسن صلوتک علیه وعلی آبائه فی ھذا الساعة وفی کل ساعة ولیاً وحافظ و قائداً و ناصراً و دلیلاً عیناًحتی تسکنه،ارضک طوعاً وتمتعهٗ فیھا طویلاً

س94 چہاردہ معصومین کی امہات کے اسمائے مبارکہ بتائیں؟

ج

| نمبر شمار | نام معصومین | نام والدہ ماجدہ |
|---|---|---|
| ۱ | حضرت محمد مصطفےٰؐ | حضرت آمنہؑ |
| ۲ | حضرت فاطمہؑ | حضرت خدیجہؑ |
| ۳ | حضرت علیؑ | حضرت فاطمہؑ بن اسد |
| ۴ | حسنینؑ شریفین | حضرت فاطمہؑ |
| ۵ | امام علی زین العابدینؑ | حضرت شہر بانوؑ |
| ۶ | امام محمد باقرؑ | فاطمہؑ بنت حسنؑ |
| ۷ | امام جعفر صادقؑ | ام فروہؑ بنت قاسمؑ بنت محمدؑ بن ابی بکرؒ |
| ۸ | امام موسیٰ کاظمؑ | حضرت حمیدہؑ |
| ۹ | امام علی رضاؑ | حضرت نجمہ خاتونؑ |
| ۱۰ | امام محمد تقیؑ | حضرت خیزرانؑ |
| ۱۱ | امام محمد نقیؑ | حضرت سمانہؑ |

| | | |
|---|---|---|
| ۱۲ | امام حسن عسکریؒ | حضرت حدیثہؒ |
| ۱۳ | امام مہدیؒ | نرجس خاتونؒ |

س95 حضرت آمنہؓ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

ج حضرت آمنہؓ بنت وہب مکہ میں رہتی تھیں۔عبدالمطلبؓ فرماتے ہیں کہ مکہ کی لڑکیوں میں ان سے زیادہ پاک دامن، باعفت لڑکی نہیں ہے وہ باوقار پاکیزہ عقلمند و دیندار ہیں۔حضرت آمنہ کی والدہ نے حضرت عبدالمطلب سے اپنی چاہت کا اظہار کیا کہ وہ اپنے بیٹے عبداللہ کیلئے یہ ہدیہ قبول کریں۔جسے حضرت عبداللہ کی رضامندی سے قبول کیا گیا۔حضرت آمنہؓ شیریں سخن اور شائستہ تھیں حضورؐ کی عمر سات برس تھی جب ان کا انتقال ہوا۔

س96 حضرت خدیجہؓ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

ج حضرت خدیجہؓ بنت خویلد، عقل مند، دوراندیش، اور عفت کے لحاظ سے بے نظیر تھیں۔بہت بڑی تاجرہ تھیں، حضورؐ کی امانت و دیانت سے متاثر ہوکر اپنا مال تجارت انہیں دیا۔آپؐ شام یہ مال لیکر گئے۔حضرت خدیجہؓ کا غلام میسرہ ساتھ تھا۔بہت منافع ہوا۔میسرا نے حضورؐ کی کرامات بیان کیں۔چنانچہ حضرت خدیجہؓ نے اپنی کنیز کے ذریعے حضورؐ کے ہاں پیغام بھیجا۔اس طرح حضورؐ کی زوجیت میں آئیں اپنی ساری دولت اسلام کی تبلیغ میں صرف کردی۔ اللہ نے حضرت فاطمہؓ جیسی بیٹی دی جس سے نسل آگے بڑھی۔آپ کا انتقال 65 برس کی عمر میں ہوا حضورؐ خود ان کی قبر میں اترے خود حضرت خدیجہؓ کی میت قبر میں اتاری، ان کی وفات کے سال کو عام الحزن قرار دیا۔

س97 حضرت فاطمہؓ کے متعلق مختصراً بیان کریں؟

ج حضورؐ کی اکلوتی بیٹی تھیں۔ حسنینؑ کی والدہ ماجدہ تھیں۔ ان کا مفصل ذکر دوسرے باب میں گذر چکا ہے۔

س98 حضرت فاطمہؓ بن اسد کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

ج آپ ہاشمیہ خاتون تھیں۔ آپ کے چار بیٹے طالبؓ عقیلؓ، جعفرؓ علیؑ اور ایک بیٹی ام ہانی تھیں۔ حضرت علیؑ کی ولادت کے وقت آپ کعبہ کے پاس آئیں مولود کا واسطہ دیا۔ دیوار شق ہوئی آپ اندر داخل ہوگئیں۔ حضرت علیؑ پیدا ہوئے اپنی والدہ کی وفات کی خبر حضرت علیؑ نے حضورؐ کو دی۔ حضورؐ نے نماز جنازہ پڑھائی۔ چالیس تکبیریں کہیں۔ قبر میں بھی حضور اترے۔ حضورؐ نے اپنا عمامہ اور پیرہن کفن میں دیا۔

س99 حضرت شہر بانوؓ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

ج حضرت شہر بانوؓ بنت یزدجرد امام چہارمؑ کی والدہ ہیں حضرت علیؑ کے دور میں کنیزوں میں آئیں۔ حضرت علیؑ نے ان کی شادی امام حسینؑ سے کردی حضرت علیؑ زین العابدین کی ولادت کے بعد آپ کا انتقال ہوگیا۔

س100 فاطمہؓ بنت حسن کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

ج فاطمہؓ بنت امام حسنؑ کی شادی امام چہارمؑ سے ہوئی۔ امام محمد باقرؑ کی ولادت ہوئی۔ امام جعفر صادقؑ نے فرمایا۔ وہ ایسی صدیقہ تھیں کہ امام حسنؑ کی اولاد میں ان کی نظیر نہ تھی۔ ایک دفعہ گرتی ہوئی دیوار کو حضور کا واسطہ دیکر روک دیا۔ میدان کربلا میں موجود تھیں۔

س101 ام فروہؓ بنت قاسمؓ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

ج ام فروہؓ بنت قاسمؓ پانچویں امامؑ کی شریک حیات اور چھٹے امامؑ کی والدہ تھیں۔

امام صادقؑ فرماتے ہیں کہ میری والدہ باایمان متقی، نیکوکار تھیں۔ ام فروہؓ اتنی متقی اور عظیم تھیں کہ لوگ امام صادقؑ کو ابن المکرمہ کہتے تھے۔

س 102 جناب حمیدہ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں۔

ج آپ امام موسیٰ کاظمؑ کی والدہ تھیں۔ امام محمد باقرؑ کے کہنے پر ابن عکاشہ اسدی انہیں بردہ فروش سے خرید کرلائے امام محمد باقرؑ اس پر بہت خوش ہوئے اور امام جعفر صادق سے ان کی شادی کی۔ آپ نے علمی ماحول میں علم و معرفت میں کمال حاصل کیا۔ عورتوں کو درس حکمت دینے لگیں۔ امام موسیٰ کاظمؑ کی ولادت پر امام جعفر صادقؑ نے تین روز تک عام لوگوں کو کھانا کھلایا۔

س 103 حضرت نجمہؓ خاتون کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

ج امام علی رضاؑ کی والدہ تھیں۔ عقل مند۔ متدین تھیں۔ امام کاظمؑ کی والدہ حمیدہ نے خواب میں حضورؐ کو دیکھا کہ حضورؐ نے فرمایا یہ کنیز تمہارے بیٹے موسیٰ کیلئے ہے۔ چنانچہ جناب حمیدہ نے اس کنیز کی شادی موسیٰ کاظمؑ سے کردی۔ امام رضاؑ کی ولادت پر ساتویں امامؑ نے فرمایا تم پر تمہارے پروردگار کا لطف ہے۔

س 104 جناب خیزرانؓ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

ج آپ امام محمد تقیؑ کی والدہ تھیں۔ حضورؐ نے فرمایا میرے والد قربان اس شخص پر جوکہ پاکیزہ نوبی کنیزوں کا فرزند ہے۔ حضرت ماریہ قبطیہؓ کے خاندان سے تھیں

س 105 جناب سمانہؓ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

ج آپ امام علی نقیؑ کی والدہ تھیں۔ امامؑ نے فرمایا میری والدہ میرے حق سے واقف ہیں اور اہل بہشت سے ہیں ۔ سرکش شیطان ان کے قریب بھی نہیں بھٹک سکتا۔ خدا ان کا حافظ ونگہبان ہے امامؑ کی زوجہ اور امامؑ کی والدہ تھیں۔

س106 جناب حدیثہ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

ج آپ کا نام حدیثہ سلیل اور معروف نام جدہ تھا۔ صالح اور عارفہ تھیں۔ امام حسن عسکریؑ کی والدہ تھیں آپ بھی کنیز تھیں۔ اپنے وطن میں شہزادی تھیں۔ یہ بی بی اسرار اہل بیتؑ کی امین تھیں۔

س107 جناب نرجس کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

ج آپ بارھویں امامؑ کی والدہ تھیں۔ ان کا مفصل ذکر گذشتہ صفحات میں آچکا ہے۔

س108 آئمہ طاہرینؑ کی درج ذیل ہمشیرگان کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

(۱) حضرت ام ہانیؑ (۲) حضرت زینبؑ (۳) حضرت ام کلثومؑ

(۴) فاطمہ معصومہؑ قم (۵) فاطمہ ہمشیرہ امام محمد تقیؑ ۔ (۶) حکیمہؑ

ج حضرت ام ہانی:۔ ام ہانی حضرت علیؑ کی ہمشیرہ تھیں وہ ادیب عقلمند مستور تھیں۔ حضورؐ سے انہوں نے 46 احادیث بیان کی ہیں۔ فتح مکہ کے موقعہ پر جن لوگوں کو انہوں نے پناہ دی تھی حضورؐ نے بھی ان کو پناہ دے دی۔ حضرت علیؑ کی وفات کے بعد تک زندہ رہیں

حضرت زینبؑ:۔ حضرت امام حسنؑ اور حضرت امام حسینؑ کی ہمشیرہ تھیں زہد و تقویٰ اور پاک دامنی میں جناب سیدہؑ کا نمونہ۔ پنجتن پاکؑ کی نظر میں آپ کا بہت بلند مرتبہ تھا۔ رات کے اندھیرے میں قبر رسولؐ پر جاتی تھیں بھائی ا: الد محترم ہمراہ ہوتے تھے۔ فصاحت و بلاغت اور شجاعت بے نظیر تھی۔ اسیرہ شام کہلائیں۔ حضرت عبداللہ بن جعفر سے ان کی شادی ہوئی ان کے چار بیٹے عون، اکبر، محمد، عباس ہوئے ایک بیٹی ام کلثوم تھیں ان کے دو بیٹے عون اور ... کربلا میں شہید ہوئے۔

ام کلثومؑ:۔ حسنینؑ شریفین کی ہمشیرہ تھیں جلیل القدر عقلمند سخنور خاتون تھیں۔ کربلا میں قید کی گئیں۔ ان کی شادی عون بن جعفر سے ہوئی شام کے زندان سے رہائی کے بعد مدینے میں آئیں اور یہیں وفات ہوئی۔

فاطمہ معصومہؑ:۔ فاطمہ معصومہؑ امام علی رضا کی ہمشیرہ تھیں۔ امام رضاؑ کی ملاقات کیلئے مدینے سے خراسان روانہ ہوئیں۔ شہر ساوہ میں بیمار ہوئیں۔ قم میں آئیں یہیں انتقال ہوا۔ آپ کا روضہ مرجع خلائق ہے۔

فاطمہؑ:۔ آپ امام محمد تقیؑ کی ہمشیرہ ہیں معارف اسلام سے آگاہ تھیں آپ کی شادی جعفر ابن طالب کی اولاد میں محمد بن جعفر سے ہوئی۔ آپ سے بعض روایات بھی موجود ہیں۔

حلیمہ:۔ آپ امام علی نقیؑ کی ہمشیرہ ہیں آپ نے حضرت نرجس کی تعلیم و تربیت کا فریضہ انجام دیا۔ بارھویں امام کی ولادت کے وقت وہاں تشریف رکھتی تھیں۔ تہجد گزار تھیں۔

س 109 آئمہ کی چند کنیزوں کا تذکرہ کریں؟

ج حضرت فضہؓ حضرت فاطمہؑ کی کنیز تھیں۔ حضورؐ نے انہیں دعا تعلیم فرمائی تھی۔ حضرت فاطمہ کا ہاتھ بٹاتی تھیں۔ 20 برس سوائے قرآن کے کوئی بات نہیں کی۔ حافظ قرآن تھیں۔

برکہ:۔ حضورؐ کے والد سے جو میراث ملی تھی اس میں ایک برکہ نامی کنیز بھی تھی۔ حضرت خدیجہؓ سے شادی سے قبل برکہ ہی حضور کی خدمت کرتی تھیں۔ حضورؐ انہیں ماں کا درجہ دیتے تھے۔ شادی کے بعد حضورؐ نے اسے آزاد کر دیا آزادی کے بعد برکہ نے عبید بن زید خزرجی سے شادی کر لی۔ اللہ نے برکہ کو

بیٹا دیا جس کا نام ایمن تھا آپ ام ایمن کہلائیں۔حضورؐ نے ام ایمن کو جنتی قرار دیا ہے۔ام ایمن جنگ کے دنوں زخمیوں کو پانی پلاتی اور مرہم پٹی کرتی حضرت فاطمہؑ کی خاطر فدک کی گواہی بھی دی۔خلیفہ سوم کے عہد میں فوت ہوئیں۔پہلے شوہر کے انتقال کے بعد آپ نے زید سے شادی کی اور اسامہؓ کی والدہ بنیں۔

س110 حضرت حجت ابن الحسنؑ کے چند اقوال بیان کریں؟

ج (۱) خدا نے مخلوق کو بیکار پیدا نہیں کیا اور نہ انہیں بے مقصد چھوڑ رکھا ہے

(۲) ہمارے قلوب مشیت الٰہی کے ظرف ہیں جب وہ چاہتا ہے ہم بھی چاہتے ہیں

(۳) زمانہ غیبت میں میرے وجود سے فائدہ ایسا ہی ہے جیسے سورج سے ہوتا ہے جب وہ بادلوں میں چھپ جائے۔

(۴) میں یقیناً اہل زمین کیلئے امان ہوں

(۵) خدا حق کو کامل اور باطل کو زائل کرتا ہے

(۶) تعجیل ظہور کی دعا بکثرت کیا کرو کیونکہ یہی دعا تمہارے لئے فرج ہے

(۷) جو ہمارے مال میں سے کچھ بھی کھائے گا۔وہ اپنے پیٹ کو آتش سے بھرے گا۔اور جہنم کے شعلوں میں جلے گا۔

(۸) میں تمہارے امور زندگی سے غافل نہیں ہوں اور نہ تمہاری یاد کو بھلانے والا ہوں۔

(۹) ہمارا علم تمہاری خبروں کے بارے میں محیط ہے تمہاری کوئی خبر ہم سے چھپی نہیں ہے۔

(۱۰) نماز سے زیادہ شیطان کی ناک رگڑنے والی کوئی چیز نہیں۔لہذا نماز پڑھو

اور شیطان کی ناک رگڑو۔

س111 بقیۃ اللہ کا ذکر قرآن کی کس آیت میں ہے؟

ج سورہ ھود کی آیت نمبر 86 میں ہے

س112 بقیۃ اللہ سے کون مراد ہیں؟

ج پہلی بات جو حضرت امام مہدی علیہ السلام اپنے قیام کے بعد کریں گے وہ یہ آیت ہوگی بقیۃ اللہ خیر الکم ان کنتم مومنین۔ اگر تم سچے مومن ہو تو بقیۃ اللہ تمہارے واسطے کہیں اچھا ہے۔

س113 حضرت امام مہدیؑ کو لوگ کیسے سلام کریں گے؟

ج السلام علیک یا بقیۃ اللہ فی ارضہ

یعنی اے خدا کی زمین میں بقیۃ اللہ آپ پر سلام ہو

س114 امام مہدیؑ کو بقیۃ اللہ کیوں کہا گیا ہے؟

ج حضورؐ کے بعد آخری پیشوا ہیں علاوہ ازیں آپ انبیاء اور آئمہ کے واحد باقی ماندہ ہیں۔

س115 سورہ توبہ کی آیت نمبر 33 کا ترجمہ بیان کریں؟

ج وہ وہ ہے جس نے اپنے رسولؐ کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا تا کہ اسے تمام ادیان پر غلبہ دے اگرچہ مشرک ناپسند کرتے ہیں

س116 تمام ادیان پر کلی طور پر غلبہ کس وقت حاصل ہوگا؟

ج امام محمد باقرؑ فرماتے ہیں کہ یہ مہدی آل محمدؐ کے ظہور کے وقت صورت پذیر ہوگا۔ اس دن کوئی شخص روئے زمین میں نہیں ہوگا۔ مگر یہ کہ وہ حضرت محمدؐ کی حقانیت کا اقرار کرے گا۔

س 117 تمام ادیان پر غلبہ کے متعلق امام جعفر صادقؑ کیا فرماتے ہیں؟

ج خدا کی قسم اس آیت کے مضمون نے عملی صورت اختیار نہیں کی۔ اور ایسا صرف اس زمانہ میں ہوگا جب قائمؑ خروج کریں گے۔

س 118 حضورؐ نے اس غلبہ اسلام کے متعلق کیا فرمایا ہے؟

ج دنیا میں کوئی بھی گھر جو پتھر اور مٹی کا۔ چادر اور خیمے کا اور اون اور بالوں سے بنا ہوا باقی نہیں رہے گا۔ مگر یہ کہ خدا کا نام اسلام اس میں داخل کردے گا۔

س 119 غلبہ دین اسلام کی ہو بہو یہ آیت اور کس سورت میں آئی ہے؟

ج یہ آیت سورہ صف کی آیت نمبر 9 ہے

س 120 کیا سورہ فتح میں بھی غلبہ اسلام کا ذکر ہوا ہے؟

ج جی ہاں ترجمہ آیت نمبر 28 یوں ہے

''وہی ہے جس نے آپکے رسول کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا تا کہ اسے تمام ادیان پر غلبہ دے اور اس بات کیلئے خدا کی گواہی کافی ہے۔

س 121 شیخ عطار نیشاپوری نے امام مہدیؑ کا کیسے ذکر کیا ہے؟

ج مہدی ہادی است تاج اتقیا بہترین خلق برج اولیاء

ای تو ہم پیدا و پنہاں آمدہ بندہ عطارت ثنا خواں آمدہ

س 122 حضورؐ نے شب معراج اپنے اوصیاء کے متعلق اللہ سے سوال کیا کہ وہ کون ہیں؟

ج اللہ تعالی نے فرمایا۔ اے محمدؐ! تیرے اوصیا کے نام میرے عرش کے سرورق پر لکھے ہوئے ہیں۔ میں نے نظر کی تو بارہ انوار کو دیکھا۔ ہر نور کی سبز سطر ہے۔ جس پر میرے اوصیاء میں سے میرے وصی کا نام موجود ہے ان میں اول علیؑ اور ان میں آخر مہدیؑ ہیں۔۔۔۔۔۔ مجھے میرے عزت اور جلال کی قسم زمین کو ضرور ان

کے مہدیؑ کے ذریعے ظلم سے پاک کروں گا۔

س123 واشرقت الارض بنور ربھا سورہ زمر کی آیت نمبر 69 کا حصہ ہے اسکی تفسیر امام رضاؑ نے کیا فرمائی؟

ج اس کی تاویل میں امامؑ فرماتے ہیں کہ وہ میرا چوتھا بیٹا ہے۔ بہترین کنیز کا بیٹا ہے۔ زمین کو ہر ظلم وجور سے پاک کرے گا۔ لوگ اسکی ولادت کی تردید کریں گے۔ اسکی غیبت طولانی ہوگی۔ جب ظاہر ہوگا تو زمین اسکے پروردگار کے نور سے روشن ہو جائے گی۔

س124 امام جعفر صادقؑ نے ھدی للمتقین الذین یومنون بالغیب کی شرح بحار الانوار میں کیا فرمائی ہے؟

ج متقین سے مراد شیعیان علیؑ ہیں اور غیب سے مراد حجت غائب ہیں

س125 فقل انما الغیب للہ فانتظر وانی معکم من المنتظرین کا ترجمہ بیان کریں۔ سورہ یونس آیت نمبر 20

ج اے رسول تم کہدو کہ غیب تو صرف خدا کے واسطے ہے تو تم بھی انتظار کرو اور تمہارے ساتھ میں بھی انتظار کرنے والوں میں ہوں

س126 امام جعفر صادقؑ نے سورہ یونس کی آیت نمبر 20 کے متعلق کیا فرمایا ہے؟

ج غیب اس آیت میں حجت خدا حضرت قائمؑ ہیں۔

س127 امام محمد باقرؑ نے سورہ آل عمران کی آیت نمبر 200

یاایھا الذین آمنوا اصبروا وصابروا ورابطوا کی کیا شرح فرمائی ہے۔

ج فرائض کی انجام دہی میں صبر کرو۔ دشمنوں کے مقابلے میں بردبار رہو اور امام منتظرؑ سے مربوط رہو۔

س128 امام محمد باقرؑ نے وقل جاء الحق وزھق الباطل ان الباطل کان زھوقا سورہ اسرا کی آیت نمبر 81 کے متعلق کیا فرمایا؟

ج جب قائمؑ قیام کریں گے باطل کی حکومت ختم ہو جائے گی جیسا کہ دعائے ندبہ میں پڑھا جاتا ہے کہ ترجمہ:۔ بارالہا! اس کے ذریعے اور سبب سے حق کو قائم رکھ اور باطل کو زائل کر دے۔

س129 واسبغ علیکم نعمۃ ظاہرۃ وباطنۃ کا اردو ترجمہ بتائیں؟

ج اور تم پر اپنی ظاہری اور باطنی نعمتیں پوری کر دیں۔

س130 حضرت امام موسیٰ کاظمؑ نے ظاہری و باطنی نعمت کن کو قرار دیا ہے؟

ج ۔ امام ہفتمؑ نے ظاہری نعمت امام ظاہر کو۔ اور باطنی نعمت امام غائب کو قرار دیا ہے

س131 فالذین امنوا بہ وعزروہ ونصروہ واتبعوا النور الذی انزل معہ اولئک ھم المفلحون کا ترجمہ بتائیں؟

ج پس جو لوگ اس پر ایمان لائے اور اس کو قوت پہنچائی اور اسکی مدد کی اور اس نور کی پیروی کی جو اس کے ساتھ نازل ہوا ہے۔ وہی فلاح پانے والے ہیں۔

امام پنجم نے فرمایا دنیا میں اس کا بدلہ قیام قائم ہے اور ان کا ظہور دشمنوں کو صفحۂ ہستی سے مٹا دیگا۔ آخرت میں بشارت یہ ہے۔ رہائی و کامیابی کے ساتھ حضورؐ اور اہل بیت کے پاس حوض کوثر پر وارد ہونا ہے

# ماخذ


| | | |
|---|---|---|
| -1 | قرآن حکیم | اللہ جل جلالہٗ |
| -2 | مقام قرآن | ترجمہ سید نیاز محمد ہمدانی |
| -3 | مفتاح القرآن | محمد مظہر الدین ملتانی |
| -4 | مقابلہ معارف قرآن | از سید علی شرف الدین موسوی |
| -5 | تفسیر نمونہ | علامہ سید صفدر حسین "نجفی" |
| -6 | نقوش رسول نمبر | موئلفہ محمد طفیل مرحوم |
| -7 | نہج البلاغہ | مرتبہ سید شریف رضی |
| | | ترجمہ مفتی جعفر حسین قبلہ |
| -8 | صحیفہ علویہ | ترجمہ علامہ مرتضیٰ حسین رضوان اللہ |
| -9 | نہج الاسرار | مولوی سید غلام حسین رضا مجتہد |
| -10 | دیوان علیؑ | حاجی محمد ذکی ترجمہ اور دیوان کے ناشر ہیں |
| -11 | مولود کعبہ | تالیف علامہ سجاد حسین صاحب سکردو |
| -12 | تاریخ اسلام | علامہ فروغ کاظمی انڈیا |
| -13 | تاریخ احمدی | نواب احمد حسین صاحب پریاتواں |
| -14 | تاریخ طبری | ابی جعفر محمد بن جریر الطبری |
| -15 | اہل بیت کی مختصر سوانح حیات | از حجۃ الاسلام عقیقی بخشائش |
| -16 | چودہ ستارے | علامہ سید نجم الحسن کراروی |
| -17 | بحار الانوار | علامہ مجلسیؒ |
| -18 | احسن المقال | شیخ محمد عباس قمی |

| | | |
|---|---|---|
| 19- | انتخاب تاریخ طبری | مولانا صفدر حسین صاحبؒ |
| 20- | الارشاد | شیخ مفیدؒ |
| 21- | الحسن والحسین | محمد وجیہ السماء عرفانی |
| 22- | نور المشرقین من حیات الصادقین | آغا سلطان مرزا |
| 23- | امام مہدیؑ ولادت سے ظہور تک | سید محمد کاظم قزوینی |
| 24- | یاد مہدیؑ | محمد خادمی شیرازی |
| 25- | دعائے ندبہ | امام صاحب العصرؑ |
| 26- | صحیفہ المہدیؑ | شیخ عیسیٰ الاحدی |
| 27- | ابصار العین | ترجمہ سید تصدق حسین کشوری |
| 28- | صحیفہ سجادیہ | علامہ سید مرتضیٰ حسینؒ |
| 29- | دینی معلومات | علامہ ریاض حسین جعفری |
| 30- | گفتار دلنشیں | مولانا روشن علی نجفی |
| 31- | ینابیع المودت | علامہ سلیمان قندوزی |
| 32- | مثالی عورتیں | ڈاکٹر احمد بہشتی |

# دُعا

اے ربِّ جہاں پنجتنِ پاکؑ کے خالق — اس قوم کا دامن غمِ شبیرؑ سے بھر دے
بچوں کو عطا کر علی اصغرؑ کا تبسم — بوڑھوں کو حبیبؑ ابن مظاہر کی نظر دے
کم سن کو ملے ولولۂ عونؑ و محمدؑ — ہر ایک جواں کو علی اکبرؑ کا جگر دے
ماؤں کو سکھا ثانیٔ زہراؑ کا سلیقہ — بہنوں کو سکینہؑ کی دعاؤں کا اثر دے
جو چادرِ زینبؑ کی عزادار ہیں مولا! — محفوظ رہیں ایسی خواتین کے پردے
مولا! تجھے زینبؑ کی اسیری کی قسم ہے — بے جرم اسیروں کو رہائی کی خبر دے
مفلس پہ زر و لعل و جواہر کی ہو بارش — مقروض کا ہر قرض ادا غیب سے کر دے
جو دین کے کام آئے وہ اولاد عطا کر — جو مجلسِ شبیرؑ کی خاطر ہو وہ گھر دے
مولا! تجھے بیماریٔ عابدؑ کی قسم ہے — بیمار کی راتوں کو شفایاب سحر دے
جاتی ہے اگر جان تو بیشک چلی جائے — عباسؑ کے پرچم پہ مگر آنچ نہ آئے

غم کوئی نہ دے ہم کو سوائے غمِ شبیرؑ
شبیرؑ کا غم بانٹ رہا ہے تو اِدھر دے

NAJAFI BOOK LIBRARY
Shop No. 11
M.L. Heights
Soldier Bazar No. 2
KARACHI
PH. 7311995

# دُعا

اے رب جہاں پنجتنؑ پاک کے خالق — اس قوم کا دامن غم شبیرؑ سے بھر دے

بچوں کو عطا کر علی اصغرؑ کا تبسم — بوڑھوں کو حبیبؑ ابن مظاہر کی نظر دے

کم سن کو ملے ولولہ عونؑ و محمدؑ — ہر ایک جواں کو علی اکبرؑ کا جگر دے

ماؤں کو سکھا ثانی زہراؑ کا سلیقہ — بہنوں کو سکینہؑ کی دعاؤں کا اثر دے

جو چادر زینبؑ کی عزادار ہیں مولا ! — محفوظ رہیں ایسی خواتین کے پردے

مولا! تجھے زینبؑ کی اسیری کی قسم ہے — بے جرم اسیروں کو رہائی کی خبر دے

مفلس پہ زر و لعل و جواہر کی ہو بارش — مقروض کا ہر قرض ادا غیب سے کر دے

جو دین کے کام آئے وہ اولاد عطا کر — جو مجلس شبیرؑ کی خاطر ہو وہ گھر دے

مولا ! تجھے بیماری عابدؑ کی قسم ہے — بیمار کی راتوں کو شفایاب سحر دے

جاتی ہے اگر جان تو بیشک چلی جائے — عباسؑ کے پرچم پہ مگر آنچ نہ آئے

غم کوئی نہ دے ہم کو سوائے غم شبیرؑ

شبیرؑ کا غم بانٹ رہا ہے تو ادھر دے